صفائی اور خاکوں کے لئے دس نمبر محفوظ ہیں۔ جملہ سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ (ا) "آب کارگذاری" (Duty) اور میقات (Base) کا مفہوم بیان کرو

(ب) آب کارگذاری کے اظہار کے لئے جو مختلف ترقیمات استعمال کیجاتی ہیں لکھو اور ان کے باہمی روابط بیان کرو۔

(ج) دھان کے پود لگانے کے لئے (علاوہ بارش کے) ۱۲ دن میں ۲۰ انچہ پانی چاہیئے اور پود لگانے کے بعد اُن کی سنبھال کے لئے روزانہ اوسط ½ انچہ پانی درکار ہے۔ اگر پود لگانے کی مدت ۲۸ دن کر دیجائے تو آب کارگذاری کو کعب ثانیہ میں دریافت کرو۔

۲۔ ندی کے بہاؤ کی رفتار دریافت کرنے کے مختلف طریقے معہ اُن کے فوائد اور نقصانات کے بیان کرو۔

یا

خاکہ کے ذریعہ سے ایک آزاد گراؤ چادر (F. O. F. Weir) کی تجویز واضح کرو۔ چوٹی (Crest) پر پانی کا عمق ۴ فٹ ہوگا۔ گراو (fall) ۸ فٹ ہے زمین کی ساخت نرم مورم اور گنڈو کی بے نکاس نالی کا ڈھال ۱۰۰۰ : ۱ ہے۔

۵ فٹ فی ثانیہ ہیں۔ رگڑ کی وجہ سے پیدا ہونے والے نقصانات کو نظر انداز کرتے ہوئے (۱) پمپ کی اٹھان (lift) (۲) پمپ کی اسپی طاقت دریافت کرو۔

یا

۸۔ (ا) ماقوائی (Accumnlator) کے استعمال اور عمل کو واضح کرو۔

(ب) ایک ماقوائی لفٹ (Hydraulic lift) ۸ ٹن کا بوجھ ۴۰ فٹ کی اونچائی تک ہر دو منٹ میں ایک بار اٹھاتی جبکہ اٹھان کی رفتار ۲ فٹ فی ثانیہ ہے۔ اس کو ایک (Accumulator) کے ذریعہ چلایا جاتا ہے جو ایک پمپ کی مدد سے مسلسل طور پر بھرا جاتا ہے۔ پانی کا دباؤ ۵۰۰ پونڈ فی مربع انچ ہے۔ لفٹ کی استعداد ۷۵ فی صد اور پمپ کی استعداد ۸۵ فی صد ہے۔ نلوں میں رگڑ کے نقصانات قابل نظر انداز فرض کرکے معلوم کرو کہ پمپ کو چلانے کے لیے کس قدر طاقت مطلوب ہے اور (Accumulator) کی اقل گنجائش کتنی ہے؟

کو محسوب کرنے کے لیے بیزن (Bazin) کٹر (Kutter) اور مینگ (Manning) کے ضوابط کی خوبیوں پر بحث کرو۔

(ب) ایک پہاڑی ندی کو ایک مستطیلی لکڑی کی نالی کے ذریعہ آبی طاقت مشین (Water power plant) سے ملا دیا گیا ہے۔ نالی کی چوڑائی ۱۴ فٹ ۲ انچ ہے اور اس کی تہ کی ڈھال ۱۰۰۰ میں ۲٫۶ ہے۔ اس کا اخراج کیا ہوگا جبکہ پانی کی گہرائی ۹ فٹ ۹ انچ ہو۔ نذر کی کوئی موزوں قیمت فرض کر لی جائے۔

حصۂ دوم

نوٹ: سوالات ۵ و ۶ میں سے صرف ایک حل کیا جائے۔

۴۔ (ا) کن ماقوائی وجوہ سے بعض اوقات تنہا (Power Plant) کی صورت میں ایک سے زائد تربیں لازماً استعمال کرنی پڑتی ہیں؟

(ب) ایک پلٹن پہیہ ۲۵۰۰ فٹ کے آبی ارتفاع کے تحت ۲۸۰۰ حصی طاقت پیدا کرتا ہے۔ پہیہ کا قطر ۶ فٹ ہے۔ پہیہ کی موزوں رفتار اور ٹونٹی کا رقبہ یہ فرض کر کے معلوم کرو کہ نل میں ارتفاع کا نقصان ۳۰ فٹ ہے اور پہیہ کی استعداد ۸۵ فیصد ہے۔

۵۔ (ا) خاکہ کی مدد سے مرکز گریز پمپ کے عمل کو سمجھاؤ۔ کثیر ترتیبی (Multi stage) پمپ سے کیا مراد ہے؟

(ب) ایک مرکز گریز پمپ جس کا بیرونی قطر ۸ انچ ہے، ۲۹۰۰ گردش فی منٹ کی رفتار سے گھومتا ہے۔ پرّے نقطہ اخراج پر نیم قطری ہیں اور انکی چوڑائی ۴٫۲ انچ ہے پہیہ میں نیم قطری بہاؤ کی رفتار ۸٫۷ فٹ فی ثانیہ ہے۔ چوس نلی اور اخراجی نل میں رفتاریں بالترتیب ۹٫۱۰ فٹ فی ثانیہ اور

اگر اس قسم کی تدبیر میں تہ کا عرض ۲ فٹ ہو تو ۱۰ مکعب فٹ ثانیہ کے اخراج کے لیے اس کی گہرائی کیا ہوگی ؟

یا

۳۔ (ا) اگر ق قطر اور ل طول والے نل کے ایک سرے پر ق قطر کی ایک ٹونٹی (Nozzle) لگی ہوئی ہو جس کے ذریعہ ایک خزانۂ آب سے پانی خارج کیا جا رہا ہو جس میں ارتفاع آب ٹونٹی کے مرکز سے ا فٹ بلند ہو تو ٹونٹی کا قطر اس لحاظ سے محسوب کرو کہ دھار کی توانائی بالفعل اعظم ہو۔

(ب) ایک آتش فرو انجن ۴۰ پونڈ فی مربع انچ کے داب پیما (Gauge) دباؤ کے تحت ۶ فٹ فی ثانیہ کی رفتار سے پانی ۳" قطر کے ایک نل میں پہنچاتا ہے نل ۱۰۰ فٹ کے فاصلہ پر ایک ٹونٹی سے ملا دیا گیا ہے جو پمپ سے ۲۵ فٹ کی بلندی پر واقع ہے۔ اگر نل میں رگڑ کی قدر ۰٫۱ ہو اور دھار کا حقیقی اٹھاؤ اس کے رفتاری ارتفاع کا تین چوتھائی ہو تو دھار کے حقیقی اٹھاؤ کا لیول اور ٹونٹی کا وہ قطر دریافت کرو جو سوال کی شرائط کو پورا کرے۔

۴۔ (ا) خاکہ کے ذریعہ ایک سیفن چادر (Syphon weir) کے عمل کو سمجھاؤ اور اس کے اخراج کا ضابطہ اخذ کرو۔

(ب) اگر محکم کنکریٹ کی ایک سیفن چادر کا خانہ ۶ فٹ چوڑا اور ۴ فٹ اونچا ہو اور اعظم آبی لیول اور دم نالہ کے آبی لیول (Tail-water level) کا فرق ۵ فٹ ہو اور پیپے (Barrel) کا طول ۲۲ (بائیس) فٹ ہو تو اخراج اور شرح اخراج معلوم کرو۔

۵۔ (ا) کھلے نالوں کے اخراج کے ضابطہ میں قدر (Co-ellicient)

امتحان بی۔ای (دوسرا امتحان) شعبۂ انجینیرنگ سنہ ۴۴ام ف ۱۹۳۵ء

۲۰۔اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

(۰)

ماقوائیات نشانات (۱۰۰)

حصہ اول

نوٹ: سوالات ۲ و ۳ میں سے کوئی ایک حل کیا جائے۔

۱۔ (ا) بورڈا منہنال (Borda's Mouth piece) کیا ہے؟ اس کی شرح سکڑاو محسوب کرو۔

(ب) ایک پن تالے کا عرض ۴۵ فٹ طول ۷۰ فٹ اور اٹھان (Lift) ۱۲ فٹ ہے۔ پن تالا آٹھ مستطیلی غرقاب منفذوں کے ذریعہ بھرا اور خالی کیا جاتا ہے ہر منفذ کے ابعاد ۲ فٹ ۸ انچ × ۳ فٹ ۱۰ انچ ہیں۔ جزاً گول کیے ہوئے (Partly rounded) منفذ کی شرح اخراج ۷، فرض کیجیے سکتی ہے۔ پن تالہ کو بھرنے کے لیے کس قدر وقت درکار ہوگا؟

۲۔ (ا) ونچوری پیما اور تنہا نلی کے پارہ فشار پیما (Single tube Mereury Manometery) کا خوشخط نقشہ کھینچو۔ رگڑ کا لحاظ رکھتے ہوئے ترسیم کے ذریعہ داخلی سرے حلق اور خارجی سرے پر توانائی کی مختلف شکلوں کو ظاہر کرو۔ اور آلہ میں ماقوائی ڈھال اور توانائی کی ڈھال کو مرتسم کرو۔

(ب) کھڑی موج (Standing wave) کس کو کہتے ہیں؟ اف نقشہ کھینچ کر بیان کرو کہ کھلے نالوں میں آبپاشی کے پانی کی مقدار پنے کے لیے اس کو کیونکر استعمال کرتے ہیں؟

سوال نمبر ۲ کے ساتھ منسلک
کیا جائے۔



گولائی سے ملایا جائے تو ب سے کتنے فاصلہ پر یہ گولائی ب ح سے دور ہوگی

(۴) شکل کھینچکر ایک آلے کو بیان کرو جس کی مدد سے (Topographical) مثلثی پیمائش کا قاعدہ ناپا جا سکتا ہے۔

اس پیمائش میں کیا کیا تصحیح کرنے کی ضرورت ہوتی ہے بتلاؤ۔

یہ بھی بتلاؤ کہ (Engineering project) میں مثلثی پیمائش کی کب ضرورت ہوتی ہے؟

(۵) شمس کے قرص کے نچلے حصے (Lower limb) کا مشاہدہ شدہ نصف النہاری ارتفاع ۴۹° ۵۰' ۴۲" تھا جبکہ شمس جنوبی آسمان میں واقع تھا۔ اس مشاہدے سے حسب ذیل درستیوں کی مدد سے مقام مشاہدے کا عرض بلد محسوب کرو۔

شمس کا نصف قطر (Semi diameter) = ۱۶' منٹ

شمس کا اختلاف منظر = ۸" ثانیہ

انعطاف = ۵۰' ۱"

شمس کا میل (Declination) = ۲۳° جنوبی

انعطاف کی درستی محسوب کرنے کا ایک سرسری طریقہ بیان کرو۔

(۶) اول السموت (Prime vertical) پر ستاروں کو مشاہدہ کرکے السمت (Azimuth) دریافت کرنے کا طریقہ بتلاؤ۔

(۷) مکہ معظمہ کا عرض بلد ۲۱° ۳۰' اور طول البلد ۳۹° ہیں ممالک محروسہ سرکار عالی میں ایک مقام پر جس کا عرض البلد ۱۸° ۳۰' اور طول البلد ۷۹° ہیں ایک مسجد تعمیر کرنا مقصود ہے۔ ایک صحیح خشکی کمپاس کی مدد سے اس مسجد کے رخ کو قائم کرنے کا طریقہ تفصیلاً بیان کرو۔

حیدرآباد میں اس زمانے میں مقناطیسی شمال اور حقیقی شمال میں فرق درجوں میں کیا ہے بتاؤ۔

امتحان بی۔ای (دوسرا امتحان) شعبہ انجینیرنگ سنہ ۴۴-۱۳ف م ۱۹۳۵ء

۱۸ اردی بہشت — ۱۰ تا یک ساعت

تقسیم الارض اعلیٰ — نشانات ۱۰۰

ہدایت:۔ صرف چھ سوالات حل کئے جائیں۔

(۱) ایک زاویہ گیر کی مدد سے جس میں افقی توازی ترتیب نہیں ہے ایک خط مستقیم کو اس کے دوسرے سرے کی مخالف سمت میں خارج کرنے کا طریقہ بیان کرو۔ یہ بھی بتلاؤ کہ اس زاویہ گیر سے ایک زاویہ قائمہ کس طرح قائم کیا جائے گا۔

(۲) منسلکہ نقشہ کے حوالہ سے بتلاؤ کہ ا اور ب کو ایک سیدھی سرنگ سے ملانے کا کیا طریقہ ہے۔ سرنگ کے نصف مقام پر (Shaft) کی گہرائی دریافت کرو جبکہ مقام ا پر سرنگ کی سطح کا تحویلی لیول ۵۰۰ فٹ ہے اور سرنگ کا ڈھال ب کی طرف ایک میل (Mile) میں ۳ فٹ ہے۔

ا ب کی سمت پر تراش کھینچو۔

(۳) ا ب ج ایک ریلوے لائن ہے جس میں حصہ ا ب مستقیم ہے اور حصہ ب ج ایک بائیں رخ والی ۲۰ جریب نصف قطر والی گولائی ہے ا ب کی دائیں طرف ۲ جریب فاصلہ پر اور اس کے متوازی ایک ریل کی پٹڑی د ع واقع ہے۔ اگر ب ج اور د ع کو ایک ۴۰ جریب کی

۲۰ (Stability (۸) ایک اونچے کٹے کی صورت میں قائمت کی مساواتیں
Equations) لکھو۔ اور ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{جف } د_{ما}}{\text{جف } ما} + \frac{\text{جف } جہ}{\text{جف } لا} + و = ۰$$

$$\frac{\text{جف } د_{لا}}{\text{جف } لا} + \frac{\text{جف } جہ}{\text{جف } ما} = ۰$$

$$\text{کام} = \int\int\int \left(\frac{د_{ما}^{۲} + د_{لا}^{۲}}{۲ \times ۷} - \frac{د_{ما}\, د_{لا}}{م \times ۷} + \frac{جہ^{۲}}{۲ \text{ جا}}\right) \text{فرلا فرما فری}$$

د لا = افقی دباؤ کی حدت
د ما = انتصابی دباؤ کی حدت
جہ = قوصی زور کی حدت
ے = لچک کی قدر
م = پائیساں کی نسبت
و = کنکریٹ کا وزن فی مکعب فٹ

د ما کیلئے کیا جملہ اختیار کرو گے اور وہ دوسری ضروری اور کافی شرائط کیا ہیں جن سے د ما ، د لا اور جہ پوری طرح حاصل ہو جائیں۔



اب ندی کا پاٹ ہے۔ ندی کی تین تراشوں پر بہاؤ کی رفتار دریافت کرنا ہے تراشیں اب کے وسطی دو دو ربعی نقاط پر واقع ہیں۔ ایک بے وزن رسی دو چوکھٹے دار برجوں سے باندھی گئی ہے

اگر وزن و جسیں آدمی۔ آلات اور آدمی کی نشست کیلئے صندوق وغیرہ کا وزن شامل ہے اِن تراشوں کے ٹھیک اوپر باندھا جائے اور اگر

$$\frac{\text{رسی کا اعظم ارتفاع}}{\text{فصل}} = \frac{1}{5}$$

تو بتاؤ کہ وزن رسی کے کن مقامات پر باندھا جائے اور اسکے چار مختلف حصوں میں تناؤ کیا ہے؟

(۷) اگر برج کے آڑے ارکان کی تراشوں کا رقبہ دوسرے ارکان کی تراشوں ۲ سے دُگنا ہے تو برج کے چلیپائی ارکان میں زور دریافت کرو۔

وزن کی کیا قیمت ہوگی اگر دونوں صورتوں میں عرضی ارتعاش کا دور مساوی ہو۔
سلاخ کا ذاتی وزن ہر صورت میں نظرانداز کیا گیا ہے۔

حصّہ دوم



مندرجہ بالا نقشہ تین قبضے دار دلا پر ہے۔ قبضے ا، ج اور ب پر واقع ہیں۔ فصل، کا طول ۱۰۰ فٹ ہے۔ زنجیر زیرین کے جوڑ (Bottom, chord joints) مکافی پر واقع ہیں۔ گرڈر کی اونچائی ۲۰ فٹ اور کمان کا ارتفاع ۲۰ فٹ ہے

(۵) اگر ۲۰ پونڈ فی فٹ طول کا یکساں وزن بالائی زنجیر (Top, chord) پر عمل کرے اور ہوا کی وجہ سے وزن ۲۵۰ پونڈ ا پر تو ا اور ب پر رد عمل دریافت کرو۔

ج کے بائیں جانب متصل دلا (Panel) کے ارکان میں کیا زور ہوگا۔

اور ثابت کرو کہ $\frac{\text{ب پر ردعمل}}{\text{ب پر ترمیم شدہ ردعمل}} = \frac{۱}{۴۴ \text{ فیصدی}}$

(۲) ایک سیال کا دباؤ ایک نالی میں ۱۰ ٹن فی مربع انچ کا اعظم محیطی دباؤ پیدا کرتا ہے نالی کے اندرونی و بیرونی نیم قطروں کی نسبت $\frac{۲}{۳}$ ہے اس سے مضبوط شئے کی نالی ۱۵ ٹن فی مربع انچ کا محیطی دباؤ برداشت کر سکتی ہے سیال کے اسی دباؤ کیلئے دوسری نالی کی صورت میں اندرونی و بیرونی نیم قطروں کی نسبت دریافت کرو نیز سیال کا اندرونی دباؤ دریافت کرو جو ضابطے استعمال کرو انکا ثبوت دینے کی ضرورت نہیں۔

(۳) ایک یکساں طور پر مضبوط گھومنے والی قرص میں ل = ۱ = د = مستقل ۔۲۰ قرص کی موٹائی مندرجہ ذیل معلومہ مقداروں میں معلوم کرو

و = شئے کا وزن پونڈ فی مکعب فٹ میں

د = بحیطر زور کی حدت پونڈ/ □"

لا = نیم قطر انچوں میں

گ = گردشیں فی منٹ

(۴) ایک سلاخ کے دونوں سرے درستہ ہیں۔ لچکدار منحنی کی مساوات سلاخ پر و پونڈ فی فٹ یکساں مستقل وزن کے لئے ۔ $ما = \frac{و}{۲۴ \text{ ے } ۲} لا (ل - لا)^۲$

اگر اس سلاخ سے ایک مرتکز وزن بیچ کے نقطے پر آویزاں کیا جائے تو

امتحان بی۔ ای (دوسرا امتحان) شعبۂ انجینیرنگ ۱۳۴۴ف مطابق ۱۹۳۵ء

۱۶ اردی بہشت — ۱۰ تا یک ساعت

لچک کا اعلیٰ نظریہ اور نظریۂ تعمیر — نشانات ۱۰۰

نوٹ۔ صرف چھ سوالات حل کئے جائیں اور کسی حصے سے تین سوالات سے زیادہ حل نہوں۔

حصہ اول

(۱) ۲۰



ا ب ایک شہتیر ہے جس کا سرا ا دربستہ ہے اور ب پر ایک سہارا ہے۔ اسے فاصلہ ک ل پر ایک وزن و عمل کرتا ہے۔ ب پر کی قوت کو گھٹانے کے لئے ا ب کے درمیان ایک اور سہارا اسطرح تجویز کیا گیا ہے کہ دونوں سہارے اور دربستہ سرا ایک ہی ارتفاع پر ہیں۔ اگر تمیم شدہ رد عمل ر ہے و

جہاں ر = ایک کسر (Fraction) جو ک سے چھوٹی ہے

ک ل = ا ب کے درمیان نئے سہارے کا فاصلہ ب سے

تو ثابت کرو $\frac{(ک+۳)(۱-ک)}{۲ک^{۳}-۱}$ = ر

اور فرض کرو کہ ک = $\frac{۱}{۴}$، ر = $\frac{۱}{۶۴}$ ک معلوم کرو۔

(۷) ۳ انچ کی گول سلاخ کے سرے کا قطر بڑھا کر $3\frac{5}{8}$ انچ کر دیا گیا ہے۔ اِس میں ایک خابور (Cotter) $\frac{15}{16}$ انچ موٹی اور $3\frac{5}{8}$ انچ چوڑی بٹھائی گئی ہے۔ خابور اور سلاخ فولاد کے ہیں۔ زِ = ۷، زس = ۱۴، زق = ۵ ٹن فی مربع انچ جوڑ کا کمزور ترین حصہ معلوم کرو۔

(ج)

(۸) دو انچ قطر کے انقلابی استوانہ میں ایک دوسرا ایک انچ قطر کا استوانہ داخل ہوتا ہے۔ اِن کے محور علی القوائم ہیں اور اِن محوروں کے درمیان عمودی فاصلہ ۲٫۵ انچ ہے۔ دونوں مجسموں کی سطحوں کے تقاطع کا خط دریافت کرو۔

(۹) ہندسی طریقے سے درتدویر کی ترسیم کرو۔ تکونی دائرہ کا قطر = ایک انچ ناظم یا اساسی دائرہ کا قطر ۴ انچ۔

بی۔ڈبلیو۔جی (B. W. G.) نابدار چادریں، اس چھت کے لئے موزوں پکھاڑیوں کی تجویز کرو، ہوا کا افقی دباؤ ۴۰ پونڈ فی مربع فٹ، ۲۴ بی۔ڈبلیو۔جی۔ چادروں کا وزن = ۱٫۴۹ پونڈ فی مربع فٹ۔

(۳) ۴۵ فٹ فصل کے تختی گرڈر پر ½ ٹن فی طولی فٹ پھیلا ہوا ساکن بوجھ ہے اور ½ ۱ ٹن کا مرتکز دوریہ بوجھ اس پر سے گذرتا ہے۔ اس گرڈر کی کوروں کے لئے موزوں تراش دریافت کرو۔

(۴) ایک پشتہ دیوار ۲۰ فٹ بلند مٹی کو سہارتی ہے۔ اس کے لئے مناسب تراش تجویز کرو۔ مٹی کی اوپر کی سطح لیول ہے، مٹی کا وزن = ۱۱۰ پونڈ فی مکعب فٹ ٹھیراؤ کا زاویہ ۲۷ درجے، چنائی کا وزن ۱۲۵ پونڈ فی مکعب فٹ۔ اپنی مجوزہ تراش کی قائمیت ثابت کرو۔

(۵) دو منزلہ عمارت میں پہلی منزل کے لئے کمانچوں کی چھت (Jackarched Roofing) استعمال کی جائیگی۔ ایک ۲۲ فٹ × ۱۲ فٹ کمرے کے لئے (۱) کڑیوں کے (اگر صرف کڑیاں استعمال کی جائیں) (۲) شہتیر اور کڑیوں کی معاشی ناپ تجویز کرو۔

(ب)

(۶) ۴ انچ کے فولادی دُھرے کے ملاپ پرزہ (Coupling) کو دھرے کی پوری مضبوطی منتقل کرنا ہے۔ اس مقصد کے لئے فولادی چابی کے ابعاد کیا ہونگے؟

امتحان بی ای (پہلا امتحان) شعبۂ انجینیرنگ سنہ ۱۳۴۴ف سنہ ۱۹۳۵ء

۲۳ مرداد بہشت — ۱۰ تا ایک ساعت

انجینیری تجویز و ہندسی نقشہ کشی — نشانات ۱۰۰

صرف چھ سوالات حل کیے جائیں جن میں کم از کم ایک سوال حصۂ ب سے اور ایک حصۂ ج سے ہونا لازمی ہے۔
صاف ستھرے پن کا خاص طور پر خیال رکھا جائیگا۔
(برطانوی مستند تراشوں کا مجموعہ استعمال کے لیے دیا جائیگا)

(الف)

(۱) نرم فولاد کے ایک تنشی رکن میں ۷۲ ٹن کا زور پیدا ہوتا ہے۔ رکن کے لئے موزوں تراش اور دو پوششی تختی کا الصاق جوڑ تجویز کرو۔
جوڑ کا ستھراخاکہ ضرور بنایا جائے۔ ریوٹوں کا قطر = $\frac{7}{8}$ انچ ،
$ز_ت$ = ۵٫۷ ٹن فی مربع انچ، $ز_ش$ = ۹ ٹن فی مربع انچ ،
اور $ز_ق$ = ۵ ٹن فی مربع انچ اختیار کیے جائیں۔

(۲) ایک چھت میں قینچیاں ۱۰ فٹ کے فاصلہ پر (مرکز سے مرکز تک) رکھی گئی ہیں۔ پکھاڑیوں کے درمیان مائل سطح پر فاصلہ ۶ فٹ ۶ انچ ہے۔
چھت کی گھائی $\left(\frac{\text{اٹھان = Rise}}{\text{فصل}}\right)$ = $\frac{1}{4}$، پوشش ۲۴

دریافت کرو۔ اگر رفتار میں اوسط سے + ۳ فیصد کی تبدیلی
ہو تو آستین کی بلندی میں کیا تبدیلی ہوگی۔ ۱۶

د م درمیانی دباؤ ہے، د ۱ اور د ۲ رسد اور چوس کے دباؤ ہیں۔ ۸

(ب) ہوا ۶۰۰ پاؤنڈ/مربع انچ تک پچکائی گئی اور طبعی تپش تک ٹھنڈا کی گئی۔ اس کے بعد یہ حرنا گذار طور پر طبعی دباؤ تک پھیلائی گئی۔ پھیلاؤ کے آخر پر ہوا کی تپش کیا ہوگی۔ ۷

حصّہ ب

۶۔ دو چرخیوں کے مرکز ۱۰ فٹ فاصلہ پر ہیں۔ چرخیوں کے قطر ۱۲ انچ اور ۶ انچ ہیں۔ ان پر سے گذرنے والے ایک کھلے تسمیہ کا طول دریافت کرو۔ جو ضابطہ استعمال کروگے اس کو ثابت کرو۔ ۱۲

۷۔ (الف) "ہوک جوڑ" اور اس کے استعمال پر ایک مختصر نوٹ لکھو۔ اور اس کے دونوں بازوؤں کے زاویئی رفتاروں میں نسبت کے لئے ایک جملہ حاصل کرو۔ ۸

(ب) "چار سلاخی میکانیت" سے کیا مراد ہے۔ اس قسم کی میکانیت میں اگر ایک کرنک سوئی کی رفتار (جو کہ یکساں ہے) دی گئی ہو تو دوسری کرنک سوئی کی رفتار اور اسراع کس طرح دریافت کروگے۔ ۱۰

۸۔ ایک پور ٹر قسم کے ناظم میں آستین کا وزن ۱۶ پاؤنڈ اور ہر ایک گردشی گولے کا وزن ۴ پاؤنڈ ہے۔ ناظم کے ہر ربط کی طول ایک فٹ ہے۔ ربط کے چول اور گردش کا محور ایک ہی سطح میں ہیں۔ اوسط حالت میں ہر ربط گردش کے محور سے ۴۵° کا زاویہ بناتا ہے۔ اس حالت میں ناظم کی رفتار

بھاپ کی پُرگرمی = ۱۵۰° ف

پنیوں کی استعداد = ۸۰٪

مکثفہ کا دباؤ = ۲ پاؤنڈ/مربع انچ (مطلق)

ٹونٹیوں کی تعداد = ۴ (تمام متشابہ)

حلق اور اخراج پر ٹونٹی کے قطر دریافت کرو جب کہ مجموعی حرارت کے گراؤ کا ۱۰٪ ٹونٹیوں میں رگڑ کی وجہ سے ضایع جاتا ہے۔ اعظم استعداد کے لئے پہیہ کی گھیرائی رفتار تقریباً کیا ہونی چاہیئے۔

۳۔ ڈیسل انجن دور کی استعداد کے لئے ایک جملہ حاصل کرو۔ اور اِس قسم کے ایک انجن کی استعداد دریافت کرو جس میں پچکاؤ کی نسبت ۱۴ ہے اور جس میں ۰٫۰۵ ضرب پر ایندھن کا داخلہ بند کر دیا جاتا ہے۔ ۱۸

۴۔ کس جوشارہ کے امتحان میں دو دکش گیسوں کی تشریح (وزنی) حسبِ ذیل تھی :۔ ۱۲

نٹروجن ۷۵٫۵٪، کاربن مان آکسیڈ ۰٫۲٪، کاربن ڈائی آکسیڈ ۱۱٫۸٪، اور آکسیجن ۱۲٫۵٪۔ ایندھن کی تشریح (وزنی) یہ تھی :۔ کاربن ۸۸٫۰٪، ہائیڈروجن ۴٫۶٪، آکسیجن ۲٫۶٪، سلفر ۰٫۸٪، راکھ ۳٫۲٪، اور پانی ۰٫۸٪، فی پاؤنڈ ایندھن کے احتراق کے لئے ہوا کا وزن جو انگھیٹی میں داخل ہو رہا ہے دریافت کرو۔ فی پاؤنڈ ایندھن کے مکمل احتراق کے لئے ہوا کا ضروری وزن کیا ہوگا۔

۵۔ (الف) دو منزلہ فشار دان کے لئے ثابت کرو کہ اقل ترین کام کا صرفہ اُس وقت ہوگا کہ $\frac{د_م}{د_۱} = \sqrt{\frac{م_۱}{م_۲}}$، جہاں

امتحان بی۔ ای (پہلا امتحان) شعبۂ انجینیرنگ سنہ ۱۳۴۴ف مطابق ۱۹۳۵ء

۲۲ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

حرارتی انجن و نظریہ مشین

نشانات ۱۰۰

نوٹ :۔ جملہ چھ سوالات حل کئے جائیں حصہ ب کا کم از کم ایک سوال ہو

حصہ ا

۱۔ (الف) پُر گرم بھاپ کے استعمال سے رنکین دور کی استعداد دریافت کرو۔ ۸

(ب) ایک انجن کے استوانہ میں بھاپ ۱۵۰ پاؤنڈ/مربع انچ (مطلق) اور ۱۰۰ ف پُر گرمی پر داخل ہوتی ہے اور حرنا گذار طریقہ پر پھیلنے کے بعد اس کا دباؤ ۶ پاؤنڈ/مربع انچ (مطلق) ہو جاتا ہے۔ اگر رینکن دور استعمال کیا جائے تو بھاپ کا وزن فی اسپی طاقت فی گھنٹہ دریافت کرو (نخ = ۰٫۵۵ فرض کیا جائے) ۱۲

۲۔ ایک واحد منزلہ دھکا تربان کی تجویز میں حسب ذیل معلومات معلوم ہیں :۔ ۱۸

تربان کی اسپی طاقت = ۳۰۰

بھاپ کا دباؤ = ۲۰۰ پاؤنڈ/مربع انچ (مطلق)



اوپر کے نقشہ میں کٹے کی تراش کے قاعدہ پر جبکہ پانی خزانہ میں نہ ہو اور جبکہ وہ بھرا ہوا ہو۔ تنیشی وفشاری دباؤ اور اس کی حدت دریافت کرو۔

۸۔ مٹی کے دباؤ کے متعلق کولمب کے "نظریہ فانہ" (Wedge theory) پر بحث کرو۔

تختیوں کے پورے طول لے سکتے ہو اور پیٹے کی مزاحمت کو نظر انداز کرو۔

اگر تراش کا مقیاس = ۲۴۰ انچ^{۳}

پیٹے کی موٹائی = $\frac{۳}{۸}$"

تو اونچائی دریافت کرو۔

۶-



اوپر کے ڈھانچے میں زنجیر زیرین (Bottom chord) پر سڑک ڈالی گئی ہے اور بالائی زنجیر (Top chord) پر ریلوے پٹڑیاں اگر ڈھانچے کے ارکان ۱۳٫۰ ٹن فی فٹ طول ریل گاڑی کے معادل وزن کے لیے اور ۱۰ ٹن موٹر لاری کے وزن کے لیے تجویز کیے گئے ہوں تو نشاندہ ارکان میں اعظم قوت دریافت کرو۔

رکھی گئی ہے۔ حسب شکل بالا اس پر امتحانی مشین (Testing machine) میں وزن ڈالا گیا ہے۔ بیچ کے نقطہ پر ۰٫۰۰۸۸ انچ انصراف، انصراف پیما سے معلوم کیا گیا۔ اگر شہتیر I تراش کی ہے۔ ۲ انچ چوڑی اور ۴ انچ گہری۔ پیٹے اور کوروں (Web and flanges) کی موٹائی ۰٫۲ انچ ہے تو لچک کی قدر "ے" معلوم کرو۔

۳۔ ایک بلاک (Block) پر ۵ ٹن فی مربع انچ کا فشاری انتصابی دباؤ اور ۱۹۲ ٹن فی مربع فٹ کا افقی تینشی دباؤ۔ ۳۳۶۰ پونڈ فی مربع انچ کا قرضی دباؤ۔ ایک وقت میں عمل کرتے ہیں تو ایک سطح پر جو انتصابی سمت سے ۳۰° کا زاویہ بناتی ہے زوروں کی حدت معلوم کرو۔

۴۔ ایک دائری تراش کے دُھرے کے لیے معیاری ترقیم کے تحت ثابت کرو کہ

$$\frac{\text{ٹ}}{\text{جا}} = \frac{\text{جھ}}{\text{ر}} = \frac{\text{س}}{\text{ل ظ}}$$

اور گھومنے والے دُھرے کے لیے مار $= \sqrt[3]{\frac{\text{اسپی طاقت}}{\text{گردشیں فی منٹ}}} \times$ مستقل

مستقل معلوم کرو

حصۂ دوم

۵۔ ایک تختی دار پیٹہ گرڈر (Plate web girder) کیلئے کم از کم لمبوترائی دریافت کرو۔

م = خماؤ کا معیار تراش پر
ف = بے خطر زور کی حدت
ٹ = پیٹے web کی موٹائی

} معلوم ہیں

امتحان بی۔ای (پہلا امتحان) شعبہ انجینیرنگ سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ء

(٭)

۲۱ ماروی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

(٠)

لچک اور اشیاء کی مضبوطی وغیرہ

نشانات (۱۰۰)

نوٹ۔ صرف چھ سوالات حل کرو۔ ہر حصے سے کم از کم دو۔ سب سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

حصۂ اول

۱۔



اب ایک برآمدہ بیرم ہے جس کے نقطۂ ج پر ایک وزن و ٹن سے ک ل فاصلہ پر عمل کرتا ہے۔ بتاؤ کہ ج پر کس قدر وزن میں اضافہ کیا جا سکتا ہے جبکہ ب پر ایک سہارا لگایا جائے اور اوپر کا خم ۱ کا معیار حسب سابق رہے۔

۲۔



شہتیر اب ج د، دو فانوں ب اور ج (Wedges) پر


510
520
530
540
550
560
500
490
480
SCALE 2" = 1 MILE

تاروں کی مدد سے کرسکتا ہے۔ اپنی کتاب اندراج کا ایک نمونہ تیار کرو اور اس کی ترسیم کس طرح کی جاتی ہے بیان کرو۔ کیا کوئی طریقہ ایسا ہے جس سے اس عمل کی خطاؤں کی جانچ ہوسکے۔

۶۔ کس قسم کی پیمائش میں تختۂ مستوی (Plane-tables) استعمال کیا جاتا ہے اس پیمائش میں تختۂ مستوی کے استعمال کی خوبیاں بیان کرو۔ کن خطاؤں کا اندیشہ ہے اور ان کی تخفیف کس طرح کی جاسکتی ہے۔

۷۔ مختلف قسم کے لیولنگ آلات کے متعلق خاکے کھینچ کر بحث کرو۔ ان میں سے کس کو تم ترجیح دو گے اور کن وجوہات پر۔

۸۔ حصری پیمائش (Traverse survey) کس طرح کی جاتی ہے تفصیل سے بیان کرو اور یہ بتلاؤ کہ اس کی خطاؤں (Closing errors) کی کس طرح اصلاح کی جاتی ہے۔

امتحان بی۔ای (پہلا امتحان) شعبۂ انجینیرنگ سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ء

۲۰ مہر اردی بہشت — ۱۰ تا ایک ساعت

پیمائش — نشانات ۱۰۰

۱۔ تشریح کرو کہ کسی پیمائش کرنے سے قبل زاویۂ گیر (Theodolite) کی خطا کس طرح جانچ کی جا سکتی ہے اور اس کی تخفیف کس طرح ممکن ہے۔

۲۔ منسلکہ نقشہ میں ا اور ب دو لازمی نقاط ہیں جن پر سے نہر کی خطیانہ کا گذرنا ضروری ہے۔ ا سے ب نہر کی خطیانہ کا نشان ڈالو اور تشریح کرو کہ کس لئے یہ خطیانہ کا انتخاب کیا گیا ہے۔ نہر کی تہ کی سطح کا تحویلی لیول ا کے پاس ۵۰۰ ہے اور نہر کی ڈھال ۱۰۰۰ میں ایک ہے۔

۳۔ ان مختلف طریقوں کی تشریح کرو جو سڑک کے خطیانہ میں دائری منحنی کے قائم کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں۔ ہر ایک کی خوبیوں اور خرابیوں پر بحث کرو۔

۴۔ ایک مستند مستقل نشان (Standard bend mark) ا سے دوسرا مستقل نشان ب قائم کرنا ہے۔ اس کے لئے طریقۂ عمل کیا اختیار کرینگے بیان کرو۔ اور اس عمل میں جن خطاؤں کا احتمال ہے ان کے لئے کونسی احتیاطوں پر عمل کرنا لازمی ہے۔

۵۔ ایک پیمائش کنندہ ایک دن میں کتنی میل کی لیولی تراش (Stadia)

دائرہ کا قطر ۲ ا انتصابی ہے اور ذرہ دائرہ کے (Concave) مقعر جانب میں جاذبہ کے زیر عمل حرکت کرتا ہے۔ ثابت کرو کہ ذرہ منحنی سے کسی نقطہ پر علیحدہ ہو جائیگا اگر رفتار رمی $\sqrt{۲ج ا}$ اور $\sqrt{۵ج ا}$ کے درمیان واقع ہے۔

۹۔ (ا) ایک مرکب رقاص کا نظریہ تفصیل سے بیان کرو اور شرط دریافت کرو کہ اس کی مدت اہتزاز اقل ہو۔

(ب) ڈی لامبرٹ اور موہوم کام کے اصولوں کو واضح طور پر بیان کرو۔ نیز ثابت کرو کہ ان کی مدد سے ایک استوار جسم کی حرکت کی مساواتیں حاصل کی جا سکتی ہیں۔

۱۰۔ ایک استوار جسم ایک مستوی میں حرکت کر رہا ہے۔ اس کی زاوی رفتار کے لیے مساوات $\frac{\text{آ}^2 \text{مربع}}{\text{مربع}} = \text{ن}$ حاصل کرو۔ جہاں آ جمود کا معیار اور ن بیرونی قوتوں کا معیار اثر ہے۔

ایک یکساں سیدھی نالی کا طول ۲ ا ہے اور اس کے اندر ایک ذرہ ہے جس کی کمیت نالی کی کمیت کے مساوی ہے۔ ذرہ کو نالی کے وسط میں رکھ کر نالی کو اس نقطہ کے گرد ایک اُفقی مستوی میں زاوی رفتار سہ سے ابتداً گھمایا جاتا ہے ثابت کرو کہ جب ذرہ نالی کو چھوڑ رہا ہے تو اس کی اضافی رفتار بلحاظ نالی کے ا سہ $\sqrt{\frac{۲}{۵}}$ ہوگی۔

کوئیں سے پانی اٹھا کر حوض میں بھرا جاتا ہے۔ اگر فشارہ کا زیر ترین نقطہ پانی کی سطح سے ۲۰ فٹ اونچا ہو اور حوض سے ۱۰۰ فٹ نیچا ہو تو بتاؤ کہ فشارہ کو چڑھانے اور اتارنے کے لیے کم از کم کیا قوت درکار ہوگی۔

والو (Valve) کا وزن اور رگڑ کو نظر انداز کر دیا جائے۔ پانی کے بار پیما کی بلندی ۳۲ فٹ مان لی جائے۔

۶۔ (ا) ایک ذرہ ن ایک خطِ مستقیم میں مرکز د کے جانب کشش $\frac{\text{مہ}}{(\text{د ن})^2}$ کے زیرِ عمل فاصلہ ا سے حرکت کرتا ہے۔ ثابت کرو کہ مرکز تک پہنچنے کا کل وقت $\frac{\text{ا}^2}{\text{مہ}}$ ہے۔

(ب) ایک موٹر کا راستہ ۲۵۰ فٹ نصف قطر کا منحنی ہے اور یہ راستہ اندر کی جانب زیر مائل ہے اور اُفق سے مس $\frac{1}{5}$ کا زاویہ بناتا ہے بتاؤ کہ موٹر کو کس رفتار سے چلایا جائے کہ جانب میں پھسلنے کے لیے کوئی رغبت نہ ہو۔

۷۔ ایک ذرہ ن اِکائی کمیت کا ہے اور یہ مرکزی قوت کشش مہ × د ن کے زیرِ عمل جو ایک ثابت نقطہ د کی جانب ہے حرکت کر رہا ہے۔ ثابت کرو کہ بالعموم ن کا طریق قطع ناقص ہوگا۔ نیز ثابت کرو کہ کسی آن میں عمودی جزو سرعت ذرہ کی رفتار ء کے بالعکس بدلتا ہے اور $\frac{\text{ا}^2 - \text{ب}^2}{\text{مہ}}$ کے مساوی ہے جہاں ا اور ب نیم محاور ہیں۔

۸۔ ایک ذرہ دیئے ہوئے چکنے مستوی منحنی پر ایسی دی ہوئی قوتوں کے زیرِ عمل حرکت کرتا ہے جو منحنی کے مستوی میں واقع ہیں حرکت کی مساواتیں اور منحنی پر دباؤ دریافت کرو۔

ایک ذرہ کو چکنے دائرہ کے زیر ترین نقطہ سے اُفقاً پھینکا جاتا ہے۔

بتاؤ کہ کسی ایک کونہ پر زیادہ سے زیادہ کیا وزن رکھا جا سکتا ہے کہ میز الٹنے نہ پائے۔

۳۔ ایک یکساں زنجیر کا طول ۲ ل ہے اور وزن و۔ اس کو دو نقاط ا اور ب سے جو ایک ہی اُفقی خط میں ہیں لٹکایا جائے۔ اگر ڈوری کے وسطی نقطہ ط سے ایک وزن ؤ لٹکایا جائے تو توازن کی حالت میں ط کا ا ب سے فاصلہ معلوم کرو۔ ا ب = ۲ ل

ایک بجلی کا تار کھمبوں کے ذریعہ ۱۲۰۰ فٹ نصف قطر کے راستہ پر لٹکایا جاتا ہے کھمبے ایک دوسرے سے ۴۰ گز کے فاصلہ پر ہیں اور تار کو تمام کھمبوں پر ایک ہی بلندی پر سہارا جاتا ہے۔ اگر ہر دو کھمبوں کے درمیان تار کی (Sag) ڈھیل سہاروں کے نقطوں سے ۶" ہو اور تار کا وزن $\frac{۳}{۲}$ پونڈ فی گز تو ثابت کرو کہ ہر کھمبے پر اُفقی کشیدگی ۱۸۰ پونڈ وزن کے مساوی ہے۔

۴۔ ہوا میں تیرنے والے جسم کے لیے توازن کی شرائط بیان کرو اور بتاؤ کہ قائم توازن کا انحصار پس مرکز کی بلندی پر کس طرح ہے اور مختلف قسم کے جہازوں میں پس مرکز کی بلندی بالعموم کیا ہوتی ہے۔

ایک مجوف پیرا کو (Buoy) ایک نصف کرہ اور مخروط کے مساوی قاعدوں کو جوڑ کر تیار کیا گیا ہے۔ دھات کی موٹائی ہر جگہ یکساں ہے ثابت کرو کہ اگر مخروط اوپر کی جانب ہو تو پیرا کو کا توازن قائم ہوگا جب کہ مخروط کا نصف راسی زاویہ ۴۵° ہے اور قائم نہیں ہوگا جبکہ زاویہ ۳۰° ہے۔

۵۔ داب پمپ اور چوس پمپ کے اصول واضح طور پر بیان کرو اور بتاؤ کہ چوس پمپ کے فشارہ کی ہر ضرب میں پانی کس قدر اوپر چڑھتا ہے۔

ایک داب پمپ کے فشارہ کا قطر ۶" ہے اور اس کی مدد سے

امتحان بی۔اے (پہلا امتحان) شعبۂ انجینیرنگ سنہ ۱۳۴۴ف / ۱۹۳۵ء

(٭)

۱۸ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

(٠)

ریاضی عملی نشانات (۱۰۰)

ہدایت ۔ صرف چھ سوال حل کیے جائیں : ۔

۱۔ (ا) ایک کلو واٹ کی طاقت کو اسپی طاقت کی رقوم میں حاصل کرو۔
ایک کلوگرام = ۲ر۲ پونڈ ایک فٹ = ۳۰ سمر اور ج = ۹۸۱ گرام سمر ثانیہ اکائیاں
۳۰۰ فٹ گہری کان سے پنجرہ کے ذریعہ کوئلہ سطح تک لایا جاتا ہے۔ پنجرہ اور کوئلہ کا وزن ۲۰ سٹون ہے اور پنجرہ کو اٹھانے والے تار کا وزن ۱ پونڈ فی گز۔ اس انجن کی اسپی طاقت دریافت کرو جو یہ کام ۴۰ ثانیہ میں کر سکے۔

(ب) ایک کرین سے جس کی رفتاری نسبت ۵۰۰ ہے بوجھ اور قوت میں حسب ذیل رشتہ ہے ۔

بوجھ ٹن میں	۱	۳	۵	۷	۸	۱۰	۱۱
قوت پونڈ میں	۹	۲۰	۲۸	۳۷	۴۲	۵۱	۵۶

مشین کا قانون دریافت کرو اور ۵ اور ۱۰ ٹن کے بوجھ کے لیے استعداد معلوم کرو ۔

۲۔ ایک جسم پر تین ابعاد میں متعدد قوتیں عمل کرتی ہیں ۔ ان قوتوں کا حاصل دریافت کرو ۔ نیز بتاؤ کہ قوتوں کے توازن کے لیے کیا شرائط ہیں ۔

وزن دو والے ایک مربع میز کے چار پایہ ہیں جو اوپر کے تختے کے اضلاع کے وسطی نقطوں سے وابستہ ہیں ۔

۱۰۔ (ا) مساوات ف ولا + ق ولما + سما ری = ۰
کا حل موجود ہونے کے لیے شرط معلوم کرو۔ ف، ق
اور سر، (لا، ما، ی) کے تفاعل ہیں۔ نیز اس مساوات
کے حل کرنے کا قاعدہ بیان کرو۔

(ب) ذیل کی تفرقی مساوات کو حل کرو

ی ما ولا = ی لا ولما + ما ری

سڑک تک ایک سیدھا راستہ کنوئیں کے عین بازو سے نکالنا ہو تو بتاؤ کہ کس طرح یہ راستہ نکالا جائے کہ کھیت کا کم سے کم حصہ خارج ہو۔

۶۔ ذیل کے تکملوں کی قیمت دریافت کرو:۔

(ا) $\int$ جز ا لا جب ب لا ورلا (ب) $\int \frac{\text{ورلا}}{\text{لا}^{۴}+۱}$

(ج) $\int_{۰}^{\frac{\pi}{۲}}$ سر جب^{۸} لا ورلا (د) $\int_{\text{ل}}^{\text{ا}} \frac{\text{ا}^{۲}-\text{لا}^{۲}}{\text{ا}^{۲}+\text{لا}^{۲}}$ ورلا

۷۔ (ا) ایک منحنی کے قوس کا طول معلوم کرنے کے لیے کارٹیزی اور قطبی محددوں میں ضابطے ثابت کرو۔

(ب) ثابت کرو کہ منحنی ۳ ا ما^{۲} = لا (لا - ا)^{۲} کے حلقہ کا طول $\frac{۴\text{ا}}{۳}$ ہے۔

۸۔ (ا) منحنی ما^{۲} = $\frac{\text{لا}^{۳}}{\text{ا}-\text{لا}}$ اور اس کے متقارب کا درمیانی رقبہ معلوم کرو۔

(ب) مکافی ما^{۲} = ۴ ا لا کا وہ حصہ جو وتر خاص سے منقطع ہوتا ہے رأس پر کے مماس کے گرد گردش کرتا ہے۔ اسطح جو مجسم بنتا ہے اس کی منحنی سطح کا رقبہ معلوم کرو۔

۹۔ ذیل کی تفرقی مساواتوں کا عام حل دریافت کرو۔

(ا) (ا + ما^{۲}) ورلا = (مس$^{-۱}$ ما - لا) ورما

(ب) $\frac{\text{ور}^{۲}\text{ما}}{\text{ورلا}^{۲}} + \frac{\text{ورما}}{\text{ورلا}} + \text{ما} = \text{جب ۲ لا}$

۳۔ (ا) اس خط کی مساواتیں معلوم کرو جو نقطۂ (۱، ۲، ۳) میں سے گزرتا ہے اور خط لا − ما + ۲ ی = ۵، ۳ لا + ما + ی = ۶ کے متوازی ہے۔

(ب) ایک سطح مستوی ایک ثابت نقطۂ (ا، ب، ج) میں سے گزرتی ہے اور محوروں کو بالترتیب نقاط ف، ق، ر پر قطع کرتی ہے۔ اگر و مبدا ہو تو ثابت کرو کہ کرہ وف ق ر کے مرکز کا طریق

$$\frac{ا}{لا} + \frac{ب}{ما} + \frac{ج}{ی} = ۲$$

ہے۔

۴۔ (ا) $\lim_{لا \to ۰}$ جب $\frac{جب لا}{لا}$ اور $\lim_{لا \to ا}$ $\frac{لا^ن - ا^ن}{لا - ا}$ کی قیمتیں معلوم کرو۔

(ب) ثابت کرو کہ مس لا تمام نقطوں پر سوائے $\pm \frac{π}{۲}$ کے طاق ضعفوں کے مسلسل ہے۔

(ج) اگر ا لا^۲ + ۲ ھ لا ما + ب ما^۲ = ۱ تو ثابت کرو کہ

$$\frac{ف^۲ ما}{ف لا^۲} = \frac{ھ^۲ - ا ب}{(ھ لا + ب ما)^۳}$$

۵۔ (ا) ٹیلر کا مسئلہ مع باقی بیان کرو اور ضروری شرائط کے ساتھ اس کا ثبوت دو۔ نیز تفاعل جب ($\frac{π}{۴}$ + لا) کو صعودی قوتوں میں پھیلاؤ۔

(ب) دو سڑکیں ایک دوسرے کو علی القوائم قطع کرتی ہیں اور ان سے متصل کھیت میں ایک کنواں پہلی سڑک سے ۲۰ گز اور دوسری سڑک سے ۱۰ گز فاصلہ پر واقع ہے۔ اگر ایک سڑک سے دوسری

امتحان بی۔اے (پہلا امتحان) شعبۂ انجینیرنگ سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ء

۱۶ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

ریاضی پرچۂ اول نشانات (۱۰۰)

ہدایت :۔ صرف چھ سوال حل کیے جائیں۔

۱۔ (ا) ثابت کرو کہ مساوات ۱۲لا۲ + ۷لا ما - ۱۰ما۲ + ۱۳لا + ۴۵ما - ۳۵ = ۰ دو خطوطِ مستقیم کو تعبیر کرتی ہے۔ ان خطوں کی مساواتیں اور ان کا درمیانی زاویہ معلوم کرو اور نیز ان کے درمیانی زاویوں کے منصفوں کی مساوات بھی معلوم کرو۔

(ب) ثابت کرو کہ دو دائروں لا۲ + ما۲ + ۶ما + ۵ = ۰ اور لا۲ + ما۲ + ۲لا + ۸ما + ۵ = ۰ کے لحاظ سے نقطۂ (۱-۲) کے قطبی خطوط ایک دوسرے پر منطبق ہوتے ہیں۔ ثابت کرو کہ ایک دوسرا نقطہ بھی موجود ہے جس کے قطبی خطوط ان دونوں دائروں کے لحاظ سے ایک ہی ہیں۔ اس نقطہ کے محدد معلوم کرو۔

۲۔ (ا) ایک بیرونی نقطہ (۳، ۲) سے ناقص لا۲ + ۴ما۲ = ۹ کے مماس کھینچے گئے ہیں۔ ان کے وتر تماس کی مساوات معلوم کرو۔ نیز نقطۂ (۳، ۲) کو وتر تماس کے وسطی نقطہ سے ملانے والے خط کی مساوات معلوم کرو۔

(ب) ذیل کی مساوات سے تعبیر ہونے والے منحنی کو ترسیم کرو۔

لا۲ - ۳لاما + ما۲ + ۱۰لا - ۱۰ما + ۲۱ = ۰

(۵) پس اُفتادہ طلبہ (Backward) کي اصلاح کیلئے یورپ اور امریکہ میں کون کونسے وسائل اور طریقے اختیار کئے گئے ہیں - اس بارے میں ہمارے ہاں کے مدارس کے لئے آپ کونسي تجاویز پیش کرسکتے ہیں *

(۶) عمدہ اور موزون قصوں کے انتخاب کے اصول بیان کرتے ہوئے بتائے کہ قصہ گوئي اور بالک گھر کے دیگر مضامین میں آپ کیونکر ارتباط باھمي (Correlation) قائم کرینگے *

(۷) اندرون پنج سالہ اطفال کو مدرسہ میں جو کھیل کھلائے جاسکتے ہیں - انہیں وضاحت سے بیان کیجئے *

(۸) مندرجہ ذیل میں سے کسي تین پر مختصر نوٹ لکھئے :—

(ا) طریقہ سوانحي The Biographical Method

(ب) نظریۂ تطابقي The Adaptative Theory

(ج) آلۂ تعلیمي The Didactic Apparatus

(د) ذھني خارج قسمت Intelligence Quotient

(ہ) ارکان ذھانت Factors of Intelligence

امتحان ڈپلوما ان ایجوکیشن (شعبہ تعلیم)

سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ع

۲۲ اردی بہشت ۹ تا ۱۲ ساعت

تعلیم اطفال

نشانات — ۷۵

نوٹ — صرف چھہ سوال کئے جائیں

(۱) پانچ سال سے کم عمر کے بچون کے تعلیمي نصاب مین ہمارے ملک کے موجودہ حالات کے تحت آپ کون کونسے مشاغل شامل کرینگے - پوري شرح کے ساتھہ بیان کیجئے *

(۲) کھیل اور کام کا باہمي فرق واضح کرتے ہوئے مدرسہ مین کھیل کي اسپرٹ (Play-spirit) کي اہمیت سے بحث کیجئے - کمسنون کے لئے آزاد ساعت (Free-period) کا استعمال آپ کن کن طریقون سے کرینگے *

(۳) تکان کے علامات اور چارۂ کار سے بوضاحت بحث کیجئے - چھوٹے بچون کو تکان سے محفوظ رکھنے کیلئے آپ اپنے مدرسہ مین کونسي مخصوص تدابیر اختیار کرینگے *

(۴) موجودہ علم اطفال کي ارتقائي تاریخ مختصراً بیان کرتے ہوئے پسٹالوزي اور کامینیس کے نقاط نظر اور اصولون کا باہمي مقابلہ کیجئے *

(۶) انسانی فطرت میں تضاد پایا جاتا ہے نہ کہ پا بجائی - اس سے معہ امثلہ بحث کیجئے *

(۷) ذیل سے کسی چار پر مختصر نوٹ لکھئے :—

(ا) بصیرتی اکتساب - (ب) شخصی مساوات -

(ج) غیر منتخبہ نمونہ - (د) دماغی کام کی منحنی -

(و) آخری آچھل - (ہ) تشریحی علامات *

(۸) نفسی آزمایشات کی نشو و نما میں اسپیرمن کے فت رول (R) کا کیا حصہ رہا ہے ؟

ذیل کے دو سلسلوں کا قدر تضاد (R) دریافت کیجئے :—

طالب علم	سلسلہ اول	سلسلہ دوم	طالب علم	سلسلہ اول	سلسلہ دوم
ا	۴۷	۳۷	ق	۷۸	۷۱
ب	۷۸	۶۹	ک	۷۲	۶۶
ج	۶۸	۶۲	ل	۸۰	۶۴
د	۷۶	۶۹	م	۶۱	۵۸
ر	۵۳	۴۶	ن	۵۹	۵۱
س	۵۷	۶۳	و	۶۹	۵۵
ص	۶۵	۶۰	ہ	۵۵	۴۳
ط	۶۷	۵۸	ی	۶۵	۵۸
ع	۶۳	۵۸	ے	۶۵	۵۴
ف	۶۰	۵۰	ء	۶۲	۴۱

امتحان ڈپلوما ان ایجوکیشن شعبہ تعلیم

سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ع

نفسیات تعلیمی اعلیٰ

نشانات — ۷۵

نوٹ :— صرف چھہ سوال حل کئے جائیں - سوال (۸) لازمی ہے

(۱) بعض اوقات تدریسی محصلہ ذہنی آزمائش کے متوقعہ نتایج سے بہت گرا ہوا ہوتا ہے اس کے اسباب تفصیل سے بیان کیجئے *

(۲) 'Examinations should be made much more real and drastic tests of technical efficiency; and a large portion of the educational field should be entirely freed from their influence.'

اس مقولہ کی توضیح کیجئے *

(۳) اکتساب کے متعلق تجرباتی نتایج مندرجہ ذیل نقاط کے لحاظ سے مختصراً بتائے :—

(ا) اکتساب بالکلیہ یا بالجزا *

(ب) تکرارونکا ارتکاز یا تقسیم *

(ج) مواد کا بار بار مطالعہ یا اعادہ کی کوشش *

(۴) مثالون سے واضح کیجئے کہ تعلیمی تحقیقات سے نہ صرف طریقہ تدریس مین ترقی ہوگی بلکہ پیشہ مدرسی کے کام کی وقعت مین اضافہ ہوگا *

(۵) مسئلہ نشاندہی کے حل مین طبعی تعددی منحنی کے خواص کا مطالعہ کسطرح امداد دے سکتا ہے - وضاحت کیجئے *

(۶) ڈنمارک میں فوک ہائی اسکولز کی کامیابی کے وجوہ بیان کرتے ہوئے یہہ بتائیے کہ ہندوستان میں یہ کس حد تک قابل عمل ہوسکتے ہیں *

(۷) ہندوستان کی ثانوی تعلیم کی کس طرح اصلاح کرنی چاہئے کہ تعلیم یافتہ نوجوانوں میں بے روزگاری نہ پھیلنے پائے *

(۸) " جاپان کا تعلیمی نظام ہندوستان کے تعلیمی نظام سے زیادہ انتخابی حیثیت رکھتا ہے " مقولہ بالا کی صداقت یا عدم صداقت کی توضیح کیجئے *

(۹) مفصلہ ذیل میں سے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھئے :—

(ا) ہندوستان کا انٹر یونیورسیٹی بورڈ *

(ب) ڈنمارک میں لڑکیوں کے لئے خانہ داری کی تعلیم *

(ج) تعلیمی امور میں برطانوی ہندی کے مجالس بلدیہ (Municipalities) اور مجالس اضلاع (District Boards) کے اختیارات *

(د) سفارشات ہارٹوگ کمیٹی بابت تعلیم عوام *

(ہ) سیڈلر کمیشن متعلقہ جامعاتی تنظیم *

(و) یونیورسٹی ٹریننگ کور *

(ز) ڈنمارک میں تعلیم جسمانی *

امتحان ڈپلوما ان ایجوکیشن شعبہ تعلیم

سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ع

۲۲ اردی بہشت ۹ تا ۱۲ ساعت

جدید نظامات تعلیم و مسائل حاضرہ

نشانات — ۷۵

نوٹ — صرف چھہ سوال کے جواب مطلوب ہین - جملہ سوالون کے نشانات مساوي ہین

(۱) ڈنمارک کے مدارس وسطانیہ کا ہندوستان کے مدارس وسطانیہ سے مقابلہ کیجئے *

(۲) ہندوستان مین تعلیم بالغان کی تحریک کي اہمیت سے بحث کیجئے اور اسکي اشاعت کي لئے چند مفید اور عملي تجاویز پیش کیجئے *

(۳) جاپان کي صنعتي اور فني (Technical) تعلیم کے نظام کو بیان کرکے چند ایسے عملي طریقے بتائے جن سے ہندوستان بآساني استفادہ کر سکتا ہے *

(۴) ہندوستان کي انٹرمیڈیئٹ تعلیم کے حال اور مستقبل پر ایک تفصیلي مضمون لکھئے *

(۵) اساتذہ کي تربیت کے متعلق کسي ایک ملک کے نظام پر روشني ڈالتے ہوئے بتائے کہ ہندوستان مین کس حد تک اساتذہ کي ٹریننگ کا خاطر خواہ سامان موجود ہے *

(۹) لاک (Locke) کی رائے ہے کہ بچے کے معلم کے لئے دنیا سے واقف ہونا ضروری ہے اور مدرسہ کا فرض ہے کہ وہ بچے کو دنیا کے کار و بار میں داخل ہونے سے پہلے دنیا کے حالات سے آگاہ کرے - اس خیال کے متعلق اپنے رائے موجودہ زمانے کے حالات کو پیش نظر رکھکر بیان کیجئے *

(۴) بعض کمي ني ایس کو جدید تعلیم کا بانی کہتے ھین - اس سے بحث کیجئے *

(۵) وہ کیا اثرات تھے جن کي بدولت گذشتہ صدي مین اکثر مغربی ممالک مین تعلیم خاص جماعتون تک محدود نہین رھي بلکہ عوام مین پھیل گئي - مختصراً بتائے کہ اس اشاعت کا مدارس کے نصاب پر کیا اثر پڑا *

(۶) میکالے (Macaulay) کي سنہ ۱۸۵۳ کي یادداشت (Minute) کا اثر ھندوستان کے نظام تعلیم پر کیا پڑا ؟ اس کے اچھے اور برے نتائج کو وضاحت کے ساتھہ بیان کیجئے *

حصہ دویم

(۷) لاک (Locke) کے مندرجہ ذیل بیان سے اس کے سیرت سازي کے نظریہ پر کیا روشنی پڑتی ھے - وضاحت کے ساتھہ بتائے :—

'The great principle and foundation of all virtue and worth is placed in this that a man is able to deny himself his own desires, cross his own inclinations, and purely follow what reason directs as best, though the appetite lean the other way.'

(۸) جسماني سزا کے بارے مین لاک (Locke) کي کیا راے ھے ؟ - وہ اس کي تائید مین کیا دلائل پیش کرتا ھے ؟ *

امتحان ڈپلوما ان ایجوکیشن شعبہ تعلیم

سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ع

۲۰ اردی بہشت ۹ تا ۱۲ ساعت

تاریخ تعلیم و تعلیمي ادبیات

نشانات — ۱۰۰

مندرجہ ذیل سوالون مین سے چھہ سوالون کے جواب لکھئے جن مین سے چار حصہ اول مین سے ہون اور دو حصہ دویم مین سے - تمام سوالون کے نشانات برابر ہین *

حصہ اول

(۱) فروبل کي تعلیم کس اعتبار سے مانٹیسوري کي تعلیم سے مختلف تھي ؟ - مختصر طور پر بتائے کہ حالیہ نظریہ تعلیم کے ارتقاء مین فروبل کے تعلیمي خیالات کا کیا حصہ ہے ؟ *

(۲) روسو (Rousseau) کا بیان ہے کہ ہم تین ذرائع سے تعلیم حاصل کرتے ہین ، فطرت سے ، چیزون سے اور انسانون سے - وہ ان تینون قسم کي تعلیم مین ہم آہنگي اور تطابق کے لئے کیا طریقہ پیش کرتا ہے ؟ *

(۳) انگلستان کي مروجہ تعلیم کس حد تک سپنسر (Spencer) کے خیالات سے اثر پذیر ہوئي ہے ؟ کیا آپ کو اس کے کسي تعلیمي اصول سے اختلاف ہے ؟ دلائل کے ساتھہ اپنا نقطہ نظر واضح کیجئے *

(۶) مددگاروں کے کام کی تقسیم مدرسۂ فوقانیہ کے صدر کو کن اصول کے تحت کرنا چاہئے؟

(۷) 'The internal examination system exists for the work, and not the work for the examination.'

مدارس کے موجودہ طریقۂ امتحانات کے مد نظر اس مقولہ پر بحث کیجئے اور اصلاح کے لئے تجاویز پیش کیجئے *

(۸) موزون عمارت مدرسہ کے تعلیمی اثرات پر بحث کیجئے *

(۹) مفصلۂ ذیل میں سے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھئے:—

(الف) تیاری اشارات اسباق کی ضرورت *

(ب) گھر کے کام (ہوم ورک) کی تصحیح *

(ج) مخصوصی یا مضمونی مدرس بمقابلہ جماعتی مدرس *

(د) مدرسہ کا عجائب خانہ *

(ہ) طلبہ کو صفائی کی تربیت *

(و) مدرسہ کا کتب خانہ *

امتحان ڈپلوما ان ایجوکیشن شعبہ تعلیم

سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ع

۱۸ اردی بہشت ۹ تا ۱۲ ساعت

نظم و نسق مدرسہ و حفظان صحت

نشانات — ۱۰۰

صرف چھہ سوالون کا جواب دیا جائے

(۱) ممالک محروسہ سرکار عالي کے مدارس مین طبي معائنہ کي اہمیت اور ضرورت پر ایک نوٹ لکھئے اور بتائیے کہ طبی معائنہ کي کامیابي کے لئے کیا شرایط درکار ہین *

(۲) ہندوستان مین ثانوي تعلیم کے نصاب کو عملي زندگي سے وابستہ کرنے کے لئے چند تجاویز پیش کیجئے *

(۳) مدارس ثانویہ مین آپ کن ذرائع سے طلبہ مین سماجی جبلتون کو ترقي دینگے ؟

(۴) آپکي راے مین مدرسۂ فوقانیہ کے صدر مین کیا صفات کی ضرورت ہے ؟ اگر آپ کسي مدرسۂ فوقانیہ کے صدر ہون تو والدین کا اتحاد عمل حاصل کرنے کے لئے کیا تدابیر اختیار کرینگے ؟

(۵) مخلوط تعلیم کے مقاصد بیان کرتے ہوئے یہہ بتائیے کہ ہندوستان مین لڑکون اور لڑکیون کي مخلوط تعلیم کس حد تک مناسب ہے ؟

حصہ دویم

(۵) حافظہ کي تربیت (Training of Memory) پر ایک مفصل نوٹ لکھئے *

(۶) زمانہ بلوغ کي ذهني - جذباتي اور جسماني تبدیلیون کو بیان کیجئے - اور بتلائے که انکو مد نظر رکھتے هو ئے نصاب تعلیم مین کیا کیا تبدیلیان ضروري هونگي *

(۷) حسیّات (Sentiments) کے ارتقاء کي وضاحت کرتے هو ئے اسکا جبلتون (Instincts) اور سیرت (Character) سے تعلق بتلائے *

(۸) مندرجه ذیل مین سے صرف چار پر نوٹ لکھئے :—

Association	تلازم
Suggestion	ایما
Perception	ادراک
Imitation	تقلید
Mental Age	ذهني عمر
Play	کھیل

امتحان ڈپلوما ان ایجوکیشن (شعبہ تعلیم)

سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ع

۱۶ اردی بہشت ۹ تا ۱۲ ساعت

اصول تعلیم و تعلیمی نفسیات

نشانات — ۱۰۰

ہدایت :— ہر حصے میں صرف تین سوال کیجئے -

حصہ اول

(۱) مندرجہ ذیل سے ناقدانہ بحث کیجئے :—

'The real aim of Education is to transmit to coming generations our accumulated cultural heritage.'

(۲) ارتباط مضامین نصاب (Correlation) سے کیا مراد ہے ؟ مثالیں دیکر واضح کیجئے اور بتائے کہ اس اصول کی مدد سے تنظیم نصاب میں کیا کیا سہولیتیں پیدا ہوسکتی ہے *

(۳) ہمارے مدارس تربیت تفکر (Training of Thinking) میں کس حد تک کامیاب ہوتے ہیں ؟ ان اسباب اور وسائل کی تشریح کیجئے جو تفکر کی موثر اور مکمّل تربیت کے لئے لازم ہیں *

(۴) ہماری مروجہ تعلیم میں کتابی اکتساب (Book learning) کی کیا حیثیت ہے ؟ اسکی وجہ سے کیا خاص تعلیمی مسائل پیدا ہوتے ہیں - اور انکو کیونکر حل کیا جاسکتا ہے *

امتحان ایم۔ بی بی۔ ایس شعبہ طب سنہ ۴۴-۱۳ف مطابق ۱۹۳۵ء

۲۹ اردی بہشت ۹ تا ۱۱ ساعت

اپریٹو سرجری نشانات (۱۰۰)

حصہ اول

(۱) (Tonsillectomy) کے لئے مریض کی تیاری (preparation) کس طرح سے کی جاسکتی ہے۔ (Anæstbetics) اور (Instruments) کیا استعمال میں لائے جاسکتے ہیں۔ وقت آپریشن اور بعد آپریشن کیا احتیاط ضروری ہے؟ ۲۵

(۲) (Lapratomy) کے (median incisions) اور (lateral incisions) کے فوائد (advantages) اور نقصانات (disadvantages) بیان کئے جائیں۔ ۲۵

حصہ دوم

(۳) اکسٹرنل یورتھرائٹی (External uretherotomy) کے وہیل ہاوس آپریشن (Wheelhouse Operation)

کے اسباب (Etiology) اس کی پیتھالوجی (Pathology)
تشخیص تفریقی (Differential diognosis) اور اس کے
علاج کے متعلق تفصیل سے بحث کی جائے۔ ۱۵

(۵) پاپلیٹیل فاسا (Popliteal fossa) میں اگر کوئی ابھار
(lump) ہو تو اس کی تشخیص تفریقی (Differential
diognosis) کے متعلق بحث کی جائے۔ ۲۰

(۶) اکیوٹ رٹینشن آف یورین (Acute retention of
urine) کے مریض کی تحقیق اور علاج کس طرح سے کرو گے
تفصیل سے لکھا جائے۔ ۱۵

امتحان ایم بی بی ایس (چوتھا فنی امتحان) شعبہ طب ۱۹۳۵ء / ۱۳۴۴ف

۲۱ اردی بہشت — ۹ تا ۱۲ ساعت

سرجری — نشانات ۱۰۰

حصۂ اول

(۱) پلیگ بیوبو (Plague Bubo) اور ٹیوبرکیولر لمف اڈینائیٹس (Tuberculer Lymph adenitis) میں پیتھالوجی اور سریریائی (clinical) حیثیت سے کیسے تفریق کروگے اور اُن کے علاج پر بحث کی جائے۔ ۱۵

(۲) ہیومرس (Humerous) کے اوپر کے حصہ میں کونسے فراکچر ہوا کرتے ہیں ان کے نمایاں علامات کیا ہیں۔ اور کس طرح سے ان کے علاج میں توجہ دی جاسکتی ہے۔ ۱۵

(۳) تیسرے درجہ کا برن (Burn) اس کے علامات (Signs) اور نشانات (Symptoms) اور علاج کے طریقے تفصیل سے بیان کیے جائیں۔ ۲۰

حصۂ دوم

(۴) اکیوٹ اسٹیومائی لائی ٹس (Acute Osteomyelitis)

FACULTY OF MEDICINE.

M.B. BS. (Final) Examination.

1344 F.—1935 A.D.

23rd Ardibahisht 9 to 12.

MIDWIFERY.

Marks—100.

Part—I.

		Marks.
1.	A woman pregnant for the third time comes to you with oedema of the extremities and dyspnoea at the 8th month, Discuss the diagnosis and treatment.	17
2.	Describe the mechanism of labour in face presentations. Discuss the management of the case.	16
3.	Describe the pathiology, clinical features, diagnosis and treatment of ovarian cysts.	17

Part—II.

1.	Give the causes and treatment of post pastum haemorrhage.	17
2.	What are the indications and contra-Indications for forceps delivery?	16
3.	What are the causes of pyosalpinx? How would you diagnose and treat a case of acute pyosalpinx	17

امتحان ایم۔بی بی ایس آخری شعبۂ طب ۱۳۴۴ف مطابق ۱۹۳۵ء

۱۹ ارد ی بہشت ۹ تا ۱۲ ساعت

عملی طب پرچۂ دوم نشانات ۱۰۰

کل سوالات حل کئے جائیں۔

۱۔ ارسینو بنزال کے مرکبات سے دورانِ علاج میں کن وجوہ سے خطرناک واقعات پیش آسکتے ہیں اور ان سے تحفظ یا ان کی مدافعت کیسے کی جاسکتی ہے۔ ۲۰

۲۔ تب محرقہ (Typhoid fever) کی مختلف اقسام مختصراً بیان کرو۔ کوئی دو کاشفات کی تصریح کرو جو اس کی تشخیص میں مستعمل ہیں۔ ۲۵

۳۔ امیبک اور بیسلری زحیر (Dysentery) کے تفریقی نکات جدول وار بتلاتے ہوئے ہر ایک کی تشخیص کے اہم علامات کو مخصوصاً بیان کرو۔ ۲۰

۴۔ (Paranoia) کا بیان مختصراً لکھو۔ ۱۵

۵۔ ہرپیز (Herpes) کے اقسام بتلا کر اس کی بین الاضلاعی (Intercostal) قسم بیان کرو اور (Varicella) سے اس کا تعلق بتلاؤ۔ ۲۰

امتحان ایم۔بی۔بی ایس شعبۂ طب ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

۱۸ اردی بہشت — ۹ تا ۱۲ ساعت

عمل طب تحریری (پرچۂ اول) — نشانات ۱۰۰

(۱) ریڈیل عصب کے گزرگاہ کا بیان لکھو۔ اگر کہنی کے قریب اس عصب کو ضرر پہنچے تو اس سے کیا اثرات اور کیفیات ظاہر ہوں گے۔ ۲۰

(۲) اریکیولر فبریلیشن (Auricular Fibrillation) کا دوران۔ اسکے علامات اور علاج بیان کرو۔ ۲۰

(۳) پلیورسی (Pleurisy) ذات الجنب کے وجوہ کیا ہیں؟ اس کا دوران اور تفریقی تشخیص مع علاج کے بیان کرو۔ ۲۰

(۴) سمیت بول کے مجموعۂ علامات (Uræmic sondrome) کی تعریف میں مختلف نظریئے مختصراً بیان کرو۔ اسکے مریض کا علاج کس طریقہ سے کیا جاتا ہے۔ ۲۰

(۵) حاد مائیلائٹس (Acute Myelitis) کا دوران مختصراً بیان کرو اور اسکے اُن اہم نکات کو وضاحت سے بتلاؤ جو اسکی تفریقی تشخیص میں ممد ہوں۔ ۲۰

امتحان ایم۔ بی۔ بی۔ ایس شعبہ طب سنہ ۱۳۴۴ف م سنہ ۱۹۳۵ء

۱۶ اردی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

افتھالمولوجی نشانات (۱۰۰)

۱۔ مندرجۂ ذیل امراض کے متعلق مختصر بیان لکھو۔

(ا) ہائی پوپین السر (Hypopyon ulcer)

(ب) لیمیلر کیٹیریکٹ (Lamellar cataract)

(۲) تمہارے پاس ایک مریض یہ شکایت لیکر آتا ہے کہ اوس کی آنکھوں کی روشنی رفتہ رفتہ زایل ہوتی جارہی ہے۔ تم اوس مریض کا معائنہ کن طریقوں پر کروگے تاکہ صحیح تشخیص پر پہنچ سکو۔ مختلف کیفیتیں جو اس شکایت کا باعث ہوسکتی ہیں اون کا مختصر طور پر علاج بھی لکھو۔

(۳) گلاکوما کیا ہے۔ اس کے علامات تشخیص اور علاج پر مفصل بیان لکھو۔

(۴) ذیل کی بیماریوں کا مختصر بیان لکھو۔

۱۔ سیمپتیٹک اپتالمیا (Sympathetic opthalmia)

۲۔ السر کورنیا (Ulcer cornea)

۳۔ ہیپر میٹروپیا۔ (Hypermetropia)

حالت میں (still born) (۲۰)

۲۔ گلا گھونٹنے (strangulation) کی موت کی بعد الموت صورتیں بیان کرو۔ گردن پر پھانسی کے پھندے کا نشان پھانسی کے پھندے کے نشان سے کیسے مختلف ہے۔ (۱۵)

۳۔ آپ کے پاس ایک شخص بغرض صداقت جنون لایا گیا۔ اس کی تشخیص کے لئے کن امور کا لحاظ رکھو گے۔ اور یہ کیسے معلوم کرو گے کہ وہ بہانہ تو نہیں کر رہا۔ (۱۵)

امتحان ایم۔ بی۔ بی۔ ایس (تیسرا فنی امتحان) شعبۂ طب سنہ ۱۳۴۴ف ۱۹۳۴ء

۲۹ رِدے — ۹ تا ۱۲ ساعت

طبی قانون — ۱۰۰ نشانات

نوٹ۔ ہر دو حصوں کے جوابات علیحدہ جوابی کاپیوں پر دیئے جائیں۔

حصۂ اول

۱۔ ایک عورت کی نعش میں موت کے ۴۸ گھنٹے بعد حیدرآباد کے موسم گرما میں آپ جو تبدیلیاں پائینگے اُن کو بیان کرو۔ (۲۰)

۲۔ ایک کوفتگی کے زخم (contused wound) اور شگاف دار زخم (incised wound) میں فرق بیان کرو۔ دورانِ زندگی اور بعد الموت لگائے ہوئے زخموں میں کیسے تمیز کروگے۔ (۱۵)

۳۔ کاسٹک سوڈا کے حاد تسمم (acute caustic soda poisoning) کا ایک کیس بیان کرو۔ اس کا علاج کیسے کروگے۔ قے شدہ مواد کے امتحان سے کیسے معلوم کروگے کہ یہ کاسٹک سوڈا کا زہر ہے۔ (۱۵)

حصۂ دوم

۱۔ ایک نومولود طفل کی نعش کا معائنہ کیسے کروگے، آپ کیسے معلوم کریں گے کہ آیا بچہ مردہ پیدا ہوا (dead borm) یا سکتہ کی

امتحان ایم۔ بی۔ بی۔ ایس (تیسرا فنی امتحان) شعبۂ طب سنہ ۱۳۴۴ف ۱۹۳۴ء

۲۹ ردے ۹ تا ۱۲ ساعت

طبی قانون ۱۰۰ نشانات

نوٹ۔ ہر دو حصوں کے جوابات علیحدہ جوابی کاپیوں پر دیئے جائیں۔

حصۂ اول

۱۔ ایک عورت کی نعش میں موت کے ۴۸ گھنٹے بعد حیدرآباد کے موسم گرما میں آپ جو تبدیلیاں پائینگے اُن کو بیان کرو۔ (۲۰)

۲۔ ایک کوفتگی کے زخم (contused wound) اور شگاف دار زخم (incised wound) میں فرق بیان کرو۔ دورانِ زندگی اور بعد الموت لگائے ہوئے زخموں میں کیسے تمیز کروگے۔ (۱۵)

۳۔ کاسٹک سوڈا کے حاد تسمم (acute caustic soda poisoning) کا ایک کیس بیان کرو۔ اس کا علاج کیسے کروگے۔ قے شدہ مواد کے امتحان سے کیسے معلوم کروگے کہ یہ کاسٹک سوڈا کا زہر ہے۔ (۱۵)

حصۂ دوم

۱۔ ایک نومولود طفل کی نعش کا معائنہ کیسے کروگے، آپ کیسے معلوم کریں گے کہ آیا بچہ مردہ پیدا ہوا (dead borrr) یا سکتہ کی

امتحان ایم۔ بی۔ بی۔ ایس (تیسرا فنی امتحان) شعبۂ طب سنہ ۱۳۴۴ف ۱۹۳۴ء

۳۰ روپے — ۹ تا ۱۲ ساعت

علم الصحت — ۱۰۰ نشانات

نوٹ۔ دونوں حصوں کے جواب علیحدہ جوابی کاپیوں پر لکھے جائیں۔

حصۂ اول

۱۔ وہ کون امراض ہیں جن کا انسداد (anti-natal clinic) سے کیا جا سکتا ہے اور کس طرح پر؟

۲۔ ملیریا کس طرح پھیلتا ہے اور اس مرض کے حامل (vector) کے دور حیات میں کیا حالتیں ہوتی ہیں؟

۳۔ کون امراض ہیں جو بذریعہ دودھ پھیل سکتے ہیں؟ ایک (ideal-dairy) کیسی ہونی چاہیئے بیان کرو؟

حصۂ دوم

۴۔ میلوں میں رکن امراض کے پھیلنے کا اندیشہ ہے اور ان میلوں کے انتظام میں کن امور کی پابندی ضروری ہے بیان کرو؟

۵۔ گرد کے ذریعہ کون سے امراض پیدا ہوتے ہیں اور ان کے روکنے کے لئے کیا تدابیر اختیار کر سکتے ہیں؟

۶۔ (septic tank) کے ذریعہ کس طرح فضلہ دور کیا جاتا ہے بیان کرو؟

(۲) جرثومۂ آتشک (Spirochaeta pallida) سے شرائین (Arteries) میں جو مرضیاتی تغیرات واقع ہوتے ہیں اُن کو تفصیل سے بیان کرو اور بتلاؤ کہ اُن سے کیا نتائج پیدا ہو سکتے ہیں۔ ۱۵

(۳) اصطلاحاتِ ذیل پر نوٹ لکھو۔

(ا) (Agglutinin)

(ب) (Vaccine)

(ج) (Embolism)

(د) (Grey hepatisation) ۲۰

امتحان ایم بی بی ایس شعبۂ طب ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

۲۲ اردی بہشت ۹ تا ۱۲ ساعت

مرضیات وجرثومیات (تحریری) نشانات ۱۰۰

حصہ اول

(۱) تہبیج عام (General œdema) کے اسباب پر مجمل طور سے بحث کرو؟ ۱۸

(۲) کارونری آرٹری کی مسدودیت (Coronary artery occlusion) کے اسباب بیان کرو اور بتلاؤ کہ اُن سے کیا نتائج مرتب ہو سکتے ہیں؟ ۱۸

(۳) جو جراثیم (Meningitis) پیدا کر سکتے ہیں اُن کے نام درج کرو اور تفصیل سے بتلاؤ کہ ایک (Acute meningitis) کے مریض کی معملی تشخیص (Laboratory diagnosis) کیسے کرو گے؟ ۱۴

حصہ دوم

(۱) الوان خون (Blood pigments) کے نام بتلاؤ اور اُن کی طبیعی اور کیمیائی خصوصیات (Chemical and Physical properties) بیان کرو نیز یہ بتلاؤ کہ یہ الوان (pigments) کن مرضیاتی کیفیات (Pathological conditions) میں کہاں پائے جاتے ہیں۔ ۱۵

امتحان ایم۔ بی بی۔ ایس (دوسرا فنی امتحان) شعبہ طب ۱۳۴۴ف / ۱۹۲۵ء

۲۷ / اردی بہشت — ۸ تا ۱۰ اساعت

علم الادویہ (عملی) — نمبرات (۳۰)

(۱) نمونہ جات ۱ تا ۶ کی شناخت کرو۔ اور ہر ایک کا ایک اہم مرکب معہ اس کے مقدار نوراک درج کرو۔ — ۹

(۲) نسخہ ذیل کی تشریح کرو۔ — ۵

℞

Acid Acetyl salicylic .. gr. xxiv
Pot Iodid .. .. gr. xxiv

Make 12 cachets
Sig—One 8 times a day.

(۳) ایسے آٹھ اونس لوشن تیار کرنے کے لئے ضروری اشیاء کی مقداروں کا تخمینہ کرو۔ جس لوشن کو آب آمیز کر کے ایک پائنٹ بنا لینے پر (Physiological saline) میں (Phenol) کا محلول حاصل ہوگا۔ — ۶

(۴) اپنے میز پر رکھا ہوا نسخہ تیار کرو۔ — ۱۰

(۳) مقامی خدر (Local anæsthesia) پیدا کرنے کے مختلف طریقے معہ مثال بیان کرو۔ ہر طریقے کے مفاد پر بحث کرو ۱۶

حصۂ دوم

(۴) (Gonorrhoeal Urethritis) اور (Typhoid bacilluria) کے علاج میں جو مسائل پیش ہوتے ہیں ان پر بحث کرو۔ ان حالات کے علاج کے مختلف طریقوں میں مقابلہ کرو ۲۳

(۵) (Oil of turpentine) کا عمل اور اس کا علاجی استعمال بیان کرو۔ ۱۵

(۶) حالات ذیل کے لئے نسخے تجویز کرو۔

(۱) آٹھ سال کی عمر کے بچے میں (Round worms)

(۲) (Ringworm)

(۳) (Cardiac Dropsy) ۱۲

(۴) (Asthma)

امتحان دوم ایم۔بی۔بی۔ایس (شعبۂ طب) سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ء

---

۲۳ اردی بہشت — ۹ تا ۱۲ ساعت

علم الادویہ (نظری) — نشانات (۱۰۰)

حصۂ اوّل

(۱) (Chemotherapy) کا مفہوم تفصیل سے بیان کرو۔ منوم ادویات (Hypnotics) کے گروہ سے کسی دو اشیاء کے طرز عمل پر بحث کرو۔ اور ان میں فوائد کے رو سے مقابلہ کرو۔ ۱۷

(۲) رحم (Uterus) شعبۃ الریہ (Bronchus) اور ایک شکمی شریان (Abdominal artery) کے عصبی رسد کا خاکہ کھینچو۔ ہر ایک پر مندرجہ ذیل ادویات کا نقطۂ عمل بتلاؤ۔

(Amyl nitrite)
(Adrenaline)
(Ergotoxine)
(Pituitrin)

ہر ایک کے متعلق یہ بھی تحریر کرو کہ اس سے عضو کے فعل میں اضافہ ہوتا ہے یا کمی۔ ۱۷

ہوتے ہیں اُن کے نام اور عمل بتلاؤ۔ (۱۶)

۳۔ حسب ذیل علامات نظام عصبی کے کن حصوں کی تباہی سے پیدا ہو سکتے ہیں۔

(ا) (nystagmus)

(ب) (Rombergism)

(ج) (pendulum knee-jerk)

(د) (visual agnosia)

(ہ) (Argyll-Robertson pupil)

(و) (Brown-Sequard's syndrome) (۱۸)

امتحان ایم۔ بی۔ بی۔ ایس (پہلا فنی امتحان) سنہ ۱۳۴۴ف / ۱۹۳۴ء

۲۷ ردے ۹ تا ۱۲ ساعت

تشریح نظری ۱۰۰ نشانات

حصۂ اول

۱۔ ڈکٹس ڈفرنس (ductus deferens) کے نمو (development) مر (course) اور تعلقات (relations) کو بیان کرو۔ (۱۵)

۲۔ ایک عرضی تراش (transverse section) کا خاکہ کھینچکر جو گھٹنے کے جوڑ (knee-joint) میں سے گزرتی ہے اُن ساختوں (structures) کو ظاہر کرو جو اس جوڑ کے اطراف ہیں۔ اور اسی جوڑ کے مخاطی جوف (synovial cavity) کو بیان کرو۔ (۲۰)

۳۔ انٹرنل میمری شریان (internal mammary artery) کو بیان کرو۔ (۱۵)

حصۂ دوم

۱۔ انٹرنل کیپسیول (Internal capsule) کو بیان کرو۔

امتحان ایم۔ایس۔سی (آخری) شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف مطابق ۱۹۳۵ء

۱۸ اردی بہشت — ۱۰ تا یک ساعت

طبیعی کیمیا۔ پرچہ دوم — نشانات ۱۰۰

نوٹ۔ صرف چار سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ کیمیائی گرفت کی نوعیت اور میکانیت کے متعلق جدید نظریوں کا خلاصہ تنقیدی نقطہ نظر سے پیش کرو۔

۲۔ مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھو۔

(ا) کیمیائی تعامل کی آزاد توانائی

(ب) یک سالمی تعامل کی میکانیت

(ج) وزنی پانی (Heavy water)

۳۔ ساخت مادہ کی تحقیق میں لا۔شعاعوں سے کیونکر کام لیا جاتا ہے؟ اس ضمن میں جدید تحقیقات کا حال لکھو۔

۴۔ سالمی طیوف کی تحقیق سے سالمہ کی ساخت کے متعلق جو اہم نتائج حاصل کئے گئے ہیں انہیں بالتفصیل بیان کرو۔

۵۔ حرحرکیات سے کلیۂ ہئیت اخذ کرو۔

۶۔ (ا) سر ولیم رمزے اور (ب) لارڈ رودرفورڈ کی تحقیقات کا خلاصہ تاریخی اعتبار سے پیش کرو۔

۷۔ لسونتوں کی تحقیق میں ماورائی خوردبین کے استعمال پر ایک مختصر مضمون لکھو۔

امتحان ایم۔ ایس۔ سی (آخری) شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف / ۱۹۳۵ء

۱۶ اردی بہشت ۱۰ تا ۱ بجے ساعت

کیمیا۔ طبیعی کیمیا (پرچہ اول) ۱۰۰ نشانات

نوٹ:۔ صرف چار سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ جذبی لطیف کی تحقیق سے ضیا کیمیائی ابتدائی عمل کے متعلق کیا کیا معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں؟ جواب کی توضیح میں چند مثالیں پیش کرو۔

۲۔ ضیا کیمیائی تعاملات کی شرح تپش سے بالتفصیل بحث کرو۔

۳۔ نباتات میں کاربوہائیڈریٹس کی تالیف کے متعلق جو مختلف نظریے پیش کئے گئے ہیں اُن کا خلاصہ بیان کرو۔

۴۔ مندرجہ ذیل میں سے دو محققین کی تحقیقات کا مختصر حال لکھو۔

(ا) چیپ من (Chapman)

(ب) ایلمنڈ (Allmand)

(ج) پلوٹنیکوف (Plotnikoff)

۵۔ لسونتوں کی قیام پذیری پر نور کا کیا اثر ہے؟ اس موضوع پر جو کام کیا گیا ہے اُس کا خلاصہ بیان کرو۔

۶۔ مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھو:۔

(ا) ضیا کیمیائی تحسیس (ب) رامنی اثر

۷۔ کیمیائی ضیا پیمائی کے اصول اور استعمال سے بحث کرو۔

امتحان ایم۔ایس۔سی (آخری) شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف ۱۹۳۵ء

۱۰ اردی بہشت — ۱ تا یک ساعت

نامیاتی کیمیا۔ پرچہ دوم — نشانات (۱۰۰)

ھدایت:۔ چار سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

(۱) ڈائی پنٹین (Dipentene) کے ماخذ اور خواص بیان کرو۔ اور بتلاؤ کہ یہ ٹرپین (Terpene) کس طرح تالیفاً تیار کی گئی ہے۔ اسکی ساخت کس طرح دریافت کروگے؟

(۲) پائینین (Pinene) سیامین اور کافور (Cymene) میں جو رشتہ پایا جاتا ہے وہ بیان کرو۔ یہ کس طرح حاصل کئے جاتے ہیں؟

(۳) کافور کی ساخت سے بحث کرو۔

(۴) پولیگون (Pulegone) اور تھیوجون (Thujone) کے ماخذ بیان کرو۔ پولیگون کی ساخت سے بحث کرو۔

(۵) ریفرماٹسکی (Reformatsky's) کے تعامل سے کیا مراد ہے؟ اس تعامل کی مدد سے میتھل ہیپٹے نون (methyl heptenone) سے ابتدا کرکے سٹرال (Citral) کس طرح تیار کروگے؟

(۶) تھائمول (Thymol) کے ماخذ اور اسکی تالیفی تیاری کا طریقہ بیان کرو طریق تالیف کو ضابطوں سے واضح کرو۔

(۷) قدرتی ماخذ سے ربڑ (Rubber) کس طرح تیار کیا جاتا ہے؟ اسکی تالیف کے دو ایسے طریقے بیان کرو جن میں سے ایک نظری اور دوسرا عملی اہمیت رکھتا ہو۔

(ا) مائر کا متعامل (Meyer's reagent)

(ب) تھرشس کا متعامل (Thresh's reagent)

(ج) بوکارڈارٹ کا متعامل (Bouchardart's reagent)

(د) ہائیڈروآیوڈک ترشہ (Hydriodic acid)

(ھ) پلاٹینک کلورائڈ

امتحان ایم۔ایس سی (آخری) شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ء

۱۶ ؍ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

نامیاتی کیمیا پرچۂ اول نشانات (۱۰۰)

ھدایت:۔ چار سوالوں کے جواب مطلوب ہیں:۔

۱۔ (ا) پودوں میں کاربوہائیڈریٹس (Carbohydrates) کی قدرتی تالیف سے مختصراً بحث کرو۔

(ب) پودوں سے قلیاسوں کے اخذ کرنے کے عام طریقے بیان کرو۔

۲۔ آئسوکوئینولین (Isoquinoline) حلقہ کی تالیف کے لیے جو اہم طریقے مستعمل ہیں بیان کرو۔

۳۔ پاپاویرین (Papaverine) کا ساخت مناضابطہ ثابت کرو۔

۴۔ چائے کے پتوں سے کیفین (Caffeine) تم کس طرح جدا کروگے؟ اور بتلاؤ کہ کیفین (Caffeine) تالیفاً کس طرح تیار کی جاتی ہے؟

۵۔ ڈپل (Dippel) کے تیل کے اہم اجزا بیان کرو۔ اور بتلاؤ کہ تم ان کو ایک دوسرے سے کس طرح جدا کروگے۔

۶۔ ٹروپین کی تالیفی تیاری کے لیے رابنسن (Robinson) کا طریقہ بیان کرو۔ اور بتلاؤ کہ تم ٹروپین سے کوکین (Cocaine) کس طرح تیار کروگے۔

۷۔ قلیاسوں کے ضمن میں مندرجۂ ذیل کے استعمال پر نوٹ لکھو:۔

(۵) وزنی پانی (heavy water) کی تیاری اور خواص بیان کرو۔
اور عناصر کی تقلیب (transmutation) میں ڈیوٹران (deutron)
کی اہمیت سے بحث کرو۔
(۶) جوہر کی ساخت کے جدید نظریہ اور تابکاری کے مطالعہ میں اس نظریہ
کی اہمیت پر مختصر مضمون لکھو۔
(۷) کسی ٹھوس میں جو دو دھاتوں پر مشتمل ہو تم کس طرح معلوم کرو گے کہ
مرکب موجود ہے یا نہیں؟

امتحان ایم ایس سی (آخری) شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف مطابق ۱۹۳۵ء

۱۸ اردی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

غیر نامیاتی کیمیا پرچہ دوم نشانات (۱۰۰)

نوٹ:- صرف چار سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

(۱) کسی ایسی برقی بھٹی کا حال بالتفصیل بیان کرو جو فولاد کی تیاری میں استعمال ہوتی ہو۔ شکل اور مساواتوں سے اپنے جواب کی توضیح کرو۔

یا

کاربورنڈم کی صنعتی تیاری کے لیے کسی بھٹی کی شکل کھینچو اور صنعتی تیاری کا قاعدہ بیان کرو۔ اس شئے کے صنعتی استعمال کیا کیا ہیں؟ ممالک محروسہ میں اس کی صنعتی تیاری کے کیا مواقع ہیں؟

(۲) کاوی سوڈے کی صنعتی تیاری کے لیے جو کاسٹنر کا خانہ استعمال ہوتا ہے اُسے بالتفصیل بیان کرو۔ دوسرے قاعدوں کے مقابلہ میں اس قاعدہ میں کیا فوائد ہیں؟ خالص کاوی سوڈا کس طرح تیار کیا جاتا ہے؟

(۳) میگنیسیم پر ایک مختصر مضمون لکھو۔

(۴) تعامل $N_2 + O_2 \rightleftharpoons 2NO$

کے نظریہ سے حرکیمیا اور کلیۂ ہیئت کی روشنی میں بحث کرو۔ اس قاعدہ کی کامیابی کے لیے کن امور کی ضرورت ہے؟ نائٹروجن کی تثبیت کیلئے کسی جدید ترین قسم کے پلانٹ (plant) کی شکل کھینچو۔

امتحان ایم۔ایس۔سی (آخری) شعبہ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف سنہ ۱۹۳۵ء

۱۶ اردی بہشت سنہ ۱۳۴۴ف ۱۰ تا ایک ساعت

کیمیا غیر نامیاتی پرچۂ اول نشانات (۱۰۰)

نوٹ۔ صرف چار سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ ٹھوس اشیاء کی ساخت کے مطالعہ کی انیسویں صدی کے وسط سے لے کر آج تک کی تاریخ بیان کرو۔

۲۔ پلاٹینم کے کسی نمک کے امونوی محلول میں رواتوں کی تعداد اور ترکیب تم کس طرح معلوم کروگے؟ اس قسم کے پیچیدہ نمک کی ساخت سے ورنر کے نظریہ اور گرفت کے جدید برقیائی نظریہ کی روشنی میں بحث کرو۔

۳۔ پربوریٹس کی تیاری، خواص اور ساخت بیان کرو۔

۴۔ مونازایٹ ریت سے تم خالص سیریم اور تھوریم نائٹریٹ کس طرح تیار کروگے؟ اور ان کے خلوص کا امتحان کیسے کروگے؟

۵۔ سوڈیم، لیتھیم، ایلومینیم، لوہے اور کیلسیم کا تم کو ایک آمیزہ دیا گیا ہے جس میں سلی کیٹس اور تھوڑی سی مقدار میں نادر ارضوں کی معدنیات موجود ہیں۔ ان کے جدا کرنے اور لیتھیم کی کمی تخمین کا طریقہ بیان کرو۔

۶۔ کسی تابکار شے مثلاً یورینیم کے انشقاق کا مطالعہ تم کس طرح کروگے؟

۷۔ دھاتی نائٹرائیڈز کی تیاری کے طریقے اور خواص بیان کرو۔

امتحان ایم۔ایس۔سی (آخری) شعبۂ سائنس۔ سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ء

۲۵ اردی بہشت ۱۰ تا ۲ ساعت

طبیعیات پرچہ چہارم (عملی) نشانات (۱۰۰)

امیدواروں کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کوئی تین سوالوں پر نشان کردیں۔ ایسے منتخبہ تین سوالوں میں سے صرف ایک سوال حل کرنے کے دیا جائے گا۔

(۱) اندفاعی طریقہ سے ایک ایسا منحنی حاصل کرو جو لوہے کے دیئے ہوئے نمونہ کیلئے مقناطیسی حدت اور مقناطیسی والے میدان کی حدت کے مابین رشتہ بتائے اور اس سے فی دور فی اکائی کمیت ضائع شدہ توانائی کی مقدار اخذ کرو۔

(۲) ایک معاون پل استعمال کرکے دیئے ہوئے میٹری پل کی تعییر کرو اور ممکنہ صحت کے ساتھ دیئے ہوئے برق پاشیدے کی برقی موصلیت دریافت کرو۔

(۳) ایک ایسا منحنی حاصل کرو جو دیئے ہوئے حرارتی جفت کے جوڑوں کے درمیان اختلاف تپش اور پیدا شدہ محرکہ برق کے مابین تعلق بتائے اور اس تعییر شدہ جفت کے ذریعہ دیئے ہوئے مائع کا نقطۂ جوش معلوم کرو۔

(۴) ممکنہ صحت کے ساتھ دی ہوئی موصل سلاخ کے مادّے کی مزاحمتِ نوعی دریافت کرو اور دیئے ہوئے معیاری آلہ کے ذریعہ اپنے نتیجہ کی تصدیق کرو۔

(۵) دیئے ہوئے مکثفہ کی مطلق گنجائش دریافت کرو اور اس کو معلوم گنجائش کے دوسرے مکثفہ کے ساتھ استعمال کرکے متبادل رَو کے ذریعہ دیئے ہوئے لچھے کی ذاتی امالیت معلوم کرو۔

(۶) ٹامسن کی نلی استعمال کرکے کیتھوڈی شعاعوں کے لئے برقیہ کے برقی بار سے اس کی کمیت کی نسبت دریافت کرو۔

(Zeeman Effect) بیان کرو۔ نظریۂ قدریہ سے ان کی کیونکر توجیہ کی جاتی ہے مجمل طریقہ پر جواب تحریر ہو۔

(۵) لاشعاعی طیف کی پیدایش کا کوئی طریقہ بیان کرو۔ اور ایسے طیف کے ضروری حالات مختصراً بیان کرو۔

(۶) بند نما طیوف (Band spectra) کی خصوصیات پر تفصیل سے بحث کرو۔ اور بتاؤ کہ ان کی پیدایش میں سالمہ کی ساخت کو کس حد تک دخل ہے۔

(۷) بور (Bohr) والے جوہر کے روانی (ionization) قوہ اور اشعاعی (Rad iation) قوہ سے کیا مراد ہے؟ بور کا نظریہ لاشعاعوں کے طیوف کی توجیہ میں کہاں تک کامیاب ثابت ہوا بیان کرو۔

(۸) ڈیبائی (Debye) نے ٹھوس عناصر کی نوعی حرارتوں کے متعلق جو نظریہ پیش کیا ہے اس کی تصریح کرو۔ تجربہ سے اس نظریہ کی کس حد تک تصدیق ہوتی ہے؟

(۹) رامن اثر (Raman effect) کی تصریح کرو اور مجمل طریقے پر بتاؤ کہ نظریۂ قدریہ کے ذریعہ اس کی کس طرح توجیہ کی جاتی ہے۔

امتحان ایم۔ایس سی (آخری) شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

۲۰ ماردی بہشت — ۱۰ تا ایک ساعت

طبیعیات پرچہ سوم — نشانات ۱۰۰

نوٹ۔ صرف چھ سوال حل کیے جائیں۔

(۱) ہیڈروجن اور واحد روانی ہوئی ہیلیم (Singly ionized He) کے طیفی سلسلوں کے متعلق بور (Bohr) کا نظریہ جس قدر مکمل صورت میں پیش کر سکتے ہو پیش کرو۔

(۲) طیفی سلسلوں سے متعلق، اصطلاحات ذیل سے کیا مراد ہے:۔
صدر، تیز، منتشر اور اساسی (Principal,)
(sharp, diffuse and fundamental)
مناسب مثال دے کر کوئی ایک طریقہ کتابت بیان کرو جو ان کے مطالعہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اور ایک ہی عنصر کے مختلف طیفی سلسلوں کے مابین جو اہم روابط ہیں ان کو بیان کرو۔

(۳) مناسب مساوات کے ذریعہ سوڈیم جیسے قلوی دھات کے طیفی سلسلوں کی اہم خصوصیات بیان کرو۔
قلوی دھات کا طیف قلوی مٹی کی دھات کے طیف سے عام طور پر کس طرح مختلف ہوتا ہے۔

(۴) طبعی اور غیر طبعی (Normal and abnormal) زیمانی اثر

(۵) لا۔شعاعوں کی پیدائش کے متعلق کوئی نظریہ بیان کرو اور یہ بتاؤ کہ مادّہ کی قلمی ساخت کی تحقیقات میں لا۔شعاعوں کے طیوف سے کس طرح کام لیا جاتا ہے۔

(۶) کومپٹن اثر (Compton effect) کیا ہے؟ نظریۂ قدریہ کے ذریعہ اس اثر کی توجیہ و تشریح کرو۔

(۷) برقیوں کے انحسار پر جی۔پی۔ٹامسن نے جو تجربے کیے ہیں ان کو بالتفصیل بیان کرو اور اس نے جو نتائج حاصل کیے ہیں اُن پر بحث کرو۔

(۸) مقناطیسی میدان میں جوہروں کی پرواز کی سمت میں جو انصراف ہوتا ہے اس کی پیمایش کے لیے اسٹرن اور گرلاخ (Stern and Gerlach) کے تجربے کی تشریح کرو اور بحث کرو کہ ان کے نتیجہ سے بور کے میگنی ٹون (Bohr's Magneton) اور فضائی قدریت (Space quantisation) کے وجود کا راست ثبوت کس طرح ملتا ہے۔

(۹) تعدیلیہ (Nentron) سے کیا مراد ہے؟ چیڈوک نے اس کی کمیت کس طرح دریافت کی ہے؟ تعدیلیون کے عمل کے متعلق ولسن کے آلہ (Wilson's Cloud Chamber) سے جو نتائج برآمد ہوئے ہیں اُن پر ایک مختصر نوٹ لکھو

امتحان ایم ایس سی (آخری) شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

۱۸ اردی بہشت ۱۳۴۴ف (۱۰ تا ایک ساعت)

طبیعیات پرچۂ دوم نشانات (۱۰۰)

ہدایت۔ صرف چھ سوال حل کیے جائیں۔

(۱) روان کی سیلان پذیری سے کیا مراد ہے؟ روانی سیلان پذیریوں (Ionic mobilities) کی پیمایش کے لیے جو مختلف طریقے استعمال کیے گئے ہیں اُن کو بیان کرو اور اُن کے حسن و قبح پر بحث کرو۔

(۲) برقیہ (Electron) کے برقی بار کی تعیین کا کوئی جدید طریقہ جس کو تم صحیح ترین سمجھتے ہو بیان کرو اور اس کا نظریہ بھی بتاؤ۔

(۳) آسٹن کے کمیتی طیف نگار (Aston's Mass Spectrograph) کے نظریہ کی تصریح کرو۔ اُس نے نئے جدید طرز کے طیف نگار کے ذریعہ سے جوہری وزنوں کے اعداد صحیح کے متعلق جو نتیجہ اخذ کیا ہے اس پر ایک مختصر نوٹ لکھو۔

(۴) حرارتیوں (Thermions) کے اخراج کے نظریہ پر بحث کرو اور ایک ایسی مساوات حاصل کرو جو سیر شدہ رو اور تپش کے مابین تعلق بتائے۔

(۴) برقی خیال سے کیا مراد ہے؟ ایک کروی موصل کے سامنے ایک مجوف نقطوی برقی بار رکھنے سے موصل پر اِمالہ کے عمل سے جو برقی بار پیدا ہوتا ہے اس کے لیے ایک جملہ اخذ کرو، اور اسطرح یا کسی اور طریقہ سے مجوف موصل کرے کے کسی نقطہ پر سطحی کثافت کی قیمت دریافت کرو جبکہ کرہ یکساں برقی میدان میں رکھا ہوا ہو۔

(۵) ۱۰⁻¹¹ امپیر سے لیکر ۱۰۰ امپیر تک کی رویں ناپنے کے لیئے جو آلات استعمال کئے جاتے ہیں ان کے متعلق مختصر طور پر بیان کرو۔

(۶) نفوذ پیما (Fluxmeter) کا نظریہ لکھو، اور اسکی خاص خصوصیات کو اندفاعی روپیما کا مقابلہ کرتے ہوئے واضح طور پر بیان کرو۔

(۷) گردشی مقناطیسی میدان کسطرح پیدا کیا جاتا ہے مفصل طور پر سمجھاؤ۔ کثیر ہیئت والی موٹروں (Polyphase motors) کی تیاری میں اس سے کس طرح فائدہ اٹھایا جاتا ہے؟

(۸) برقی مقناطیسی موجوں کی اشاعت کی رفتار کے لیئے میکسول کا ضابطہ حاصل کرو۔

(۹) مندرجہ ذیل کے کسی ایک پر مختصر سا مضمون لکھو:۔

(ا) اسٹارک اثر (Stark effect)

(ب) پیزو برق (Piezo electricity)

(ج) کرہ ہوائی کی برق (Atmospheric electricity)

(د) ارضی مقناطیسی مظاہر کے مسلسل مشاہدات کے طریقے۔

امتحان ایم۔ایس۔سی (آخری) شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف مطابق ۱۹۳۵ء

۱۶ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

طبیعیات پرچہ اول نشانات (۱۰۰)

نوٹ:۔ صرف چھ سوال حل کئے جائیں۔

(۱) مقناطیسی تاثیر پذیری کی تعریف کرو۔ مائع کی صورت میں کیوری کے طریقہ سے (Curie's method) اس کی پیمائش کس طرح کیجاتی ہے؟ لوہے کی مقناطیسی تاثیر پذیری تپش اور مقناطیسی میدان کیساتھ کیسے بدلتی ہے؟

(۲) پرمقناطیسیت (Paramagnetism) کے متعلق لانژیواں (Langevin) کا نظریہ وضاحت کے ساتھ بیان کرو۔

(۳) کیونڈش (Cavendish) کے تجربوں کو پیش نظر رکھ کر برقی سکونی قوتوں کے عکسی مربع کا کلیہ اخذ کرو۔

دو ذرات ایک ہی نقطہ سے "ل" طول والی ڈوریوں کے ذریعہ اویزان کئے گئے ہیں۔ اگر ان میں سے ایک پر برقی بار "ب" کا ئیاں ہو تو ثابت کرو کہ انتصابی سمت سے ہر ایک ڈوری کا زاویہ میلان "ط" حسب ذیل مساوات سے حاصل ہوگا:۔

۴ ک ج ل۲ جب۲ ط = ب۲ جم ط جہاں ک = ہر ذرہ کی کمیت

امتحان ایم ایس سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف مطابق ۱۹۳۵ء

۱۳ خورداد — ۹ تا ایک ساعت

حیوانیات عملی - پرچۂ دوم — نشانات ۱۰۰

۱ - پٹیلا (Patella) جو تم کو دیا جاتا ہے اس کے عصبی نظام کی تقطیع کرو بڑے، صاف اور نشان زدہ اشکال کھینچکر اُن حصص کو دکھاؤ جو تم نے اپنے اس عمل سے واضح کئے ہیں۔ ۲۵

۲ - تم کو ایک بھڑ (Wasp) دیجاتی ہے اس کے ریقی غدد اور پزیزوں (Salivary glands together with the receptacles) کا ایک مستقل ترکب تیار کرو۔ نشان زدہ اشکال کھینچکر مختلف حصص دکھاؤ۔ ۱۵

۳ - الف - نمونہ ا کے (Spicules) پر مختصر نوٹ لکھو اور ۱۰
ب - نمونہ ب } مستقل ترکب تیار کرو۔ ۱۰

۴ - دئے ہوئے نمونوں کی شناخت کرو ہر ایک کا حال لکھو اور ٹھیک اور باقاعدہ اُن کی درجہ بندی کرو۔ ۴۰

(میزان کل نمونہ جات ..... ۲۵)

امتحان ایم ایس سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

۱۲ر خورداد — وتایک ساعت

جیوانیات عملی۔ پرچہ اول — نشانات ۱۰۰

۱۔ اسٹارفش (Starfish) جو تم کو دیجاتی ہے اُسکی اندرونی ساخت کی حتی الامکان تقطیع کرو۔ اُن حصوں اور نظاموں کو جنہیں تم نے واضح کیا ہے نشان زدہ اشکال کھینچکر دکھاؤ۔ ۲۵

۲۔ الف۔ دئے ہوئے آمیزہ (Mixture) میں سے کسی پانچ نمونوں کی مستقل ترکیب تیار کرو۔ اُن پر مختصر نوٹ لکھو اور ٹھیک اور باقاعدہ درجہ بندی کرو۔ ۲۵

ب۔ کیچوے کے (جو تم کو دیا جاتا ہے) ایک فاصلی گردینہ (Septal Nephridium) کا مستقل ترکیب تیار کرو۔ ایک صاف خاکہ میں اس کے مختلف حصے دکھاؤ۔ ۱۵

۳۔ ارسطا طالیس کی قندیل "Aristotle's lantern" کی تقطیع کرو۔ ایک بڑے اور صاف خاکہ میں اس کے مختلف حصے دکھاؤ۔ ۱۵

۴۔ مستقل تختیاں اور عملی ریکارڈ کا نمونہ۔ ۲۰

WILLIAMS & NORGATE, LTD., 38, Great Ormond Street, W.C. 1.—With the exception of new verse and fiction, Messrs. Williams & Norgate have no field into which they will not enter. History, reminiscences, theology and scientific works—and such other works as can be seen by referring to their catalogue—are all subjects which will receive most careful consideration.

H. F. and G. WITHERBY, LTD., 326, High Holborn, W.C. 2.—The subjects covered include biography, history, sport, travel, natural history and natural science. Messrs. Witherby also issue medical and technical books.

(*b*) WHAT EDITORS WANT.

The free-lance who aims to interest the newspaper reader should, in the first place, study carefully say half a dozen of the following journals and write articles which approximate closely to their requirements—bearing in mind not to write on subjects recently treated, for editors must offer variety of fare to their readers. Here is the list: *Daily Express*, *Daily Herald*, *Daily Mail*, *Daily Sketch*, *Daily Mirror*, *News-Chronicle*, *London Evening News*, *Evening Standard*, *Star*, *Birmingham Daily Mail*, *Birmingham Gazette*, *Daily Dispatch* (MSS. to London Editor, 200, Gray's Inn Road, W.C. 1), *Edinburgh Evening Dispatch*, *Edinburgh Evening News*, *Glasgow Citizen*, *Glasgow Evening Times*, *Glasgow Herald*, *Leeds*

Mercury, Liverpool Echo, Liverpool Evening Express, Liverpool Post and Mercury, Manchester Evening News, Manchester Guardian, North Mail, Sunday Graphic, Sunday Mail (Glasgow), *Sunday Mercury* (Birmingham), *Sunday Pictorial, Sunday Sun* (Newcastle), *Glasgow Weekly Herald.*

The chief markets for articles on special subjects, humour, paragraphs, short stories and verse are shown at a glance in the following lists:—

AGRICULTURE.—Country Life, Farm, Field and Fireside, Farmer and Stockbreeder, Farmers' Gazette, Field, Live Stock Journal, Smallholder.

ARMY, NAVY AND AIR FORCE.—Army, Navy and Air Force Gazette, Army Quarterly, Fleet, Naval and Military Record, Navy.

ART.—Art Trade Journal, Burlington Magazine, Colour, Commercial Art, Drawing and Design, Studio.

BOYS AND GIRLS.—Blackie's Boys' Annual, Blackie's Girls' Annual, Boys' Cinema, Boys' Friend Library, Boys' Magazine, Boys' Own Paper, British Boys' Annual, British Girls' Annual, Champion, Children's Newspaper, Chums, Empire Annual for Boys and Girls, Every Girl's Paper, Girls' Cinema, Girls' Friend Library, Holiday Annual, Little Folks, Lot o' Fun, Magnet, Modern Boy, Our Boys' Maga-

امتحان ایم ایس سی ابتدائی شعبۂ سائنس بابتہ سنہ ۱۳۴۴ف ۱۹۳۵ع

۱۸ اردی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

حیوانیات پرچہ دوم ۱۰۰ نشانات

ہدایات۔ صرف چار سوالات کے جوابات دیئے جائیں۔ جوابات کے ساتھ اشکال کھینچکر وضاحت کرو۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ (Polychaetes) کی بیرونی خصوصیات کی وہ خاص تبدیلیاں بیان کرو جو زندگی کے مختلف طریقوں کے ساتھ توافق کرنے سے تعلق رکھتے ہیں۔

۲۔ اُن حصوں کو بیان کرو جو جھینگا۔ جھینگر اور بچھو میں تنفس کا کام انجام دیتے ہیں۔

۳۔ اُن خاص تبدیلیوں کو بیان کرو جو (Mollusca) کے پاؤں کی ساخت اور اُس کے فعل میں واقع ہوتی ہیں۔

۴۔ (Echinoderms) کے سُرُوں (Larvae) کی خاص شکلوں کو بیان کرو۔

۵۔ (Ectoproct) اور (Endoproct Polyzoa) کا ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرو اور ان کو ایک ہی گروہ میں داخل کرنے کے وجوہ پر بحث کرو۔

۶۔ (Asteroidea) کے گروہ کا مقابلہ (Ophiuroidea) کے

مفصل بیان لکھو۔ روٹیفرا کے تعلقات (Affinities) سے تفصیلی بحث کرو۔

۶ ۔ ایکانورنکس (Echinorhynchus) کا بیان لکھو اور حیوانی دنیا میں اس کے نظامی محل کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرو۔

۷ ۔ مفصلہ ذیل میں سے کسی چار پر مختصر نوٹ لکھو۔

Stratiodrillus, *Sagitta*, *Trichinella*,

Phoronis, Pilidium larva. Cysticercoid

Anchylostoma.

۸ ۔ مفصلہ ذیل میں سے کسی ایک پر مضمون لکھو۔

پوریفرا کا ڈھانچہ (Porifera)

نیمیٹوڈا میں طفیلی پن (Nematoda) (Parasitism)

سائپنکولوائیڈیا کے تعلقات۔ (Affinities) Sipunculoidea)

امتحان ایم ایس سی ابتدائی شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

---

۱۶ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

حیوانیات پرچہ اول نشانات ۱۰۰

چار سے زائد سوالات کے جواب مطلوب نہیں۔
سب سوالات کے نشانات برابر ہیں۔ اپنے جوابوں کو اشکال سے واضح کرو۔

۱۔ مانوسسٹس ایجیلس (Monocystis agilis) کے دور زندگی کا مفصل حال لکھو اور ملیریائی طفیلی کے دور زندگی سے اس کا مقابلہ کرو۔ جو اختلاف تمہیں معلوم ہوتے ہیں ان کی اہمیت بیان کرو۔

۲۔ میسوزوا (Mesozoa) کا نظامی محل (Systematic position) حیوانی دنیا میں کیا ہے۔ اپنے جوابات کے اظہار میں اس گروہ کے افراد کی ساخت بیان کرو۔

۳۔ سائیفونوفورا (Siphonophora) کا حال لکھو۔ کیا تم ان کو افراد یا بستیاں خیال کرتے ہو۔

۴۔ ٹریماٹوڈا (Trematoda) کا ارتقا ابتدائی ٹربیلیریا (Turbellaria) سے ثابت کرو۔

۵۔ کسی روٹیفرا کی (Rotifera) جس سے تم واقف ہو جسمانی ساخت کا

امتحان ایم ایس سی ابتدائی شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

۲۹ اردی بہشت — ۱۰ تا ۲ ساعت

نباتیات عملی - پرچۂ دوم — نشانات ۱۰۰

(۱) دئے ہوئے الف اور ب منظوروں کا ترکّب کرکے اُنکی شناخت کرو۔

(۲) دئے ہوئے ج اور د پودوں کی شناخت کرو اور اُن کے طرز زندگی سے متعلق جو اہم خصوصیات ہوں بیان کرو۔

(۳) دی ہوئی اشیاء کا خُردبینی کیمیائی امتحان کرو اور اُنکی شناخت کرو۔

(۴) دئے ہوئے منظورے کی عرضی تراش کا مستقل ترکّب بناؤ اور اُس کی شناخت کرو۔

(۵) زبانی امتحان۔

امتحان ایم۔ ایس سی (شعبۂ سائنس) سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ء

۲۸ اردی بہشت ۱۰ تا ۲ ساعت

نباتیاتِ عملی پرچۂ اول ۱۰۰ نشانات

۱۔ الف، ب، ج، د منظوروں کی شناخت کرو۔
۲۔ دیئے ہوئے نمونوں کا امتحان کرکے اُن پر ایک مختصر نوٹ لکھو۔
۳۔ دیئے ہوئے منظورہ کی عرضی تراش لے کر ایک مستقل تختی تیار کرو، تراش کا خاکہ کھینچکر اہم ساختوں کی نشان دہی کرو۔
۴۔ الف، ب، ج، د منظوروں کی درجہ بندی کرو۔
۵۔ زبانی امتحان۔

امتحان ایم۔ایس سی شعبۂ سائنس ۱۹۳۵ء

۲۰ اردی بہشت — ۱۰ تا ایک ساعت

نباتیات پرچہ سوم — نشانات ۱۰۰

ھدایت:۔ کوئی پانچ سوال حل کئے جائیں۔

(۱) موجودہ سائیکڈز میں زیرگی اور باروری جس طرح عمل میں آتی ہے اُسے حتی الامکان تفصیل کے ساتھ بیان کرو۔

(۲) سائیکیڈوفیلیکالس (Cycadofilicales) کا مختصر عام بیان لکھو۔

(۳) کُھل بیجوں (Gymnosperms) میں جو عام ارتقائی رجحان (Evolutionary tendencies) ہیں ان پر بحث کرو۔

(۴) کونیفرز (conifers) کے لرزواجی پودے (Gametophyte) کا بیان لکھو۔

(۵) ہندوستان میں کُھل بیجوں (Gymnosperms) کے پھیلاؤ (Diatribution) کے متعلق تمہیں جو معلومات ہوں بیان کرو۔

(۶) بند بیجوں، کھل بیجوں اور ٹریڈوفائیٹس کے ستون (Stele) کی ساخت کا مقابلہ کرو۔

(۷) بتاؤ کہ کھل بیجوں اور بند بیجوں کی درجہ بندی میں ثانوی چوب کی ساخت سے کس حد تک مدد ملسکتی ہے۔

"قدامتی" (primitive) سمجھا جاتا ہے؟ مثالیں گلائی کینی ایسی (Gleicheniaceæ) کے حوالہ سے پیش کرو۔ ۲۰

۷۔ اس پر مختصر نوٹ لکھو:۔ ۲۰

(الف) رائیزوفور (Rhizophore)

(ب) ساروینس (Psaronius)

(ج) لیپیڈوکارپن (Lepidocarpon)

(د) آئی سوایٹز (Isoetes)

امتحان ایم ایس سی شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف م سنہ ۱۹۳۵ء

۱۸ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

نباتیات پرچہ دوم نشانات (۱۰۰)

ھدایت :- صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۱- دور زواجی (apogamy) اور دور بذری (apospory) پر تفصیلی بحث کرو۔ ۲۰

۲- انتھوسرس (Anthoceros) کے بذرہ زا کے نمو اور پختہ ساخت کو بیان کرو۔ اور وعائی پودوں (vascular plants) کی ابتداء سے متعلق اس جنس کی اہمیت بیان کرو۔ ۲۰

۳- مارسیلیا (Marsilia) کے نباتی اعضا کی تشریح بیان کرو۔ ان میں جو خصوصیات موجود ہوں۔ اُن کی طرف توجہ دلاؤ۔ ۲۰

۴- لائکوپوڈیم (Lycopodium) سلاجی نیلا (Selaginella) اور اکوئیسیٹم (Equisetum) کے زواجی پودوں کا باہم دگر مقابلہ اور موازنہ کرو۔ ۲۰

۵- فونیریا (Funaria) کے بذری پودے کی ساخت بیان کرو اور اس کا مقابلہ کسی اور ماس (moss) کے بذری پودوں سے کرو۔ ۲۰

۶- کن وجوہ کی بناء پر فرنس Ferns کا کوئی ایک گروپ

امتحان ایم۔ایس۔سی شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف ۱۹۳۵ء

۱۶ اردی بہشت ۔۔۔ ۱۰ تا ۱ بجے ساعت

نباتیات نظری، پرچۂ اول ۔۔۔ انشائات

نوٹ:۔ صرف پانچ سوالات کے جواب دیئے جائیں۔

۱۔ الجی Algae کی معاشی اہمیت بیان کرو۔

۲۔ الجی کے ارتقا میں والووکالس (Volvocales) کی جو اہمیت ہے اُس پر بحث کرو۔

۳۔ کسی تمثیلی فیوفائیسی (Phæophyceae) کی سوانحعمری کا مقابلہ کسی تمثیلی فلاریڈی (Florideae) سے کرو۔ اور دونوں گروہ کے درمیان جو تعلقات ہیں اُن پر بحث کرو۔

۴۔ فنجی (Fungi) میں "طفیلی پن کے لئے مخصوص انتخاب" پر ایک مختصر مضمون لکھو۔

۵۔ دو فنجی کا مختصر بیان لکھو جو ہمیں گروہ اسکومائیسیٹس (Ascomycetes) کے ارتقا پر روشنی ڈالنے میں مدد دیتے ہیں۔

۶۔ بیسیڈیومائیسیٹس (Basidiomycetes) کے صنفی عملوں کے متعلق چند واقعات بیان کرو۔

۷۔ کارو فیٹا (Charophyta) کے درجہ بندی وقوع (نظامی محل) پر بحث کرو اور اُن کی معاشی اہمیت مختصراً بیان کرو۔

امتحان ایم۔ ایس سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف مطابق ۱۹۳۵ء

۲۵ اردی بہشت ۱۰ تا ۳ ساعت

کیمیا۔ پرچہ ششم (طبیعی کیمیا عملی) ۱۰۰ نشانات

ہدایت:۔ ہر ایک طالب علم مندرجہ ذیل میں سے صرف ایک سوال حل کریگا۔

۱۔ دی ہوئی شے کا وزن سالمہ انجمادی قاعدہ سے معلوم کرو۔

۲۔ دیئے ہوئے محلول کی نوعی موصلیت تین مختلف بلکاؤں پر معلوم کرو۔

۳۔ دیئے ہوئے محلول میں ہائیڈروجن رواںوں کا ارتکاز معلوم کرو۔

امتحان ایم ایس سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

۲۲ اردی بہشت — ۱۰ تا ۳ ساعت

کیمیا پرچہ پنجم (نامیاتی عملی) — نشانات ۱۰۰

(۱) دی ہوئی اشیا ا اور ب کی شناخت کرو۔

(۲) دئے ہوئے یک اساسی ترشے کا وزن سالمہ معلوم کرو۔

امتحان ایم۔ ایس سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف مطابق ۱۹۳۵ء

---

۲۳ اردی بہشت ۱۰ تا ۴ ساعت

کیمیا پرچۂ چہارم (عام وغیر نامیاتی عملی) نشانات (۱۰۰)

(۱) دئے ہوئے آمیزے میں پانچ اصلیے معلوم کرو۔
(۲) دئے ہوئے محلول میں کیلسیم کی مقدار معلوم کرو (محلول میں میگنیشیم موجود ہے)۔

کون سے قاعدے استعمال کئے جاتے ہیں ؟ ۔ ان قاعدوں کا نظریہ بیان کرو ۔

۸ ۔ کسی نئے دریافت شدہ مرکب کا وزن سالمہ معلوم کرنے کے لئے کیا طریقہ اختیار کرو گے ؟ اختیار کردہ طریقہ کا نظریہ بیان کرو ۔

امتحان ایم۔ایس سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف ۱۹۳۵ء

۲۰ اردی بہشت ۔ آتایک ساعت

کیمیا پرچۂ سوم (طبیعی کیمیا) ۔۔ انشانات

نوٹ :۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۱۔ 'طبیعی خواص اور سالمی ساخت' پر مضمون لکھو۔ اس ضمن میں رامنی طیف اور دو قطبی معیار کا استعمال بالتفصیل بیان کرو۔

۲۔ 'گرفت' سے کیا مراد ہے؟ گرفت کے موجودہ مفہوم کا ارتقاء تاریخی اعتبار سے بیان کرو۔

۳۔ رفتار تعامل پر تپش کے اثر سے بالتفصیل بحث کرو۔

۴۔ (ا) آووگادرو کے مستقل (ع) اور (ب) گیسی مستقل (ر) کے صحیح تعین کا قاعدہ بیان کرو۔

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھو۔

(ا) طاقتور برق پاشیدوں کا سلوک

(ب) روانوں کی سیلانیت

(ج) حرارت اعمال

۶۔ ضیا کیمیائی معادلیت کا کلیہ بیان کرو۔ اس کلیہ سے انحراف کی توجیہ کیونکر کی گئی ہے؟۔

۷۔ دو یا دو سے زیادہ خلط پذیر مائعات کے علیحدہ کرنے کے لئے

کس طرح سے حاصل کیے جاتے ہیں؟

(۷) فرفرین (Fur fur ane) تھائیوفین (Thiophene) اور پائرول (Pyrrole) کے خواص کا مقابلہ کرو۔ ان کو حلقہ وار مرکبات تصور کرنے کے کیا وجوہ ہیں؟

(۸) مندرجہ ذیل میں سے کسی تین پر نوٹ لکھو:۔

(ا) مناظری ہم ترکیبی (Optical isomerism)

(ب) غیر متشاکل تالیف (Assymetric syntheses)

(ج) تعنیب (Race misation)

(د) ضد ہم ترکیبی (Epeimerisation)

(ھ) (Muta rotation)

(و) بنزیڈینی استحالہ

امتحان ایم۔ ایس سی۔ (ابتدائی) شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

۱۸ اردی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

کیمیا پرچہ دوم (نامیاتی) نشانات (۱۰۰)

ہدایت:۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

(۱) اسٹیو اسیٹک اسٹر کی تیاری اور تالیفی کیمیا میں اس کا استعمال بالتفصیل بیان کرو۔ اس کی پیدائش کی توجیہ کس طرح کی جاسکتی ہے؟

(۲) یمینی گلوکوز (d-glucose) کی تالیفی تیاری کے لئے ایمل فشر کا قاعدہ مختصراً بیان کرو اور بتلاؤ کہ مندرجۂ ذیل کو ایک دوسرے میں کس طرح تبدیل کروگے؟

(ا) ہکسوزز کو پینٹوزز میں اور اس کے برعکس۔

(ب) الڈوزز کو کیٹوزز میں اور اس کے برعکس۔

(۳) ایزو رنگوں سے کیا مراد ہے؟ چند صنف نما ایزو رنگوں کی تیاری بیان کرو۔ اور بتلاؤ کہ یہ کس طرح استعمال کئے جاتے ہیں؟۔

(۴) پیپٹو ترشوں کے کیمیائی خواص سے مختصراً بحث کرو۔ اور بتلاؤ کہ اس صنف کے ترشے تالیفاً کس طرح تیار کئے جاتے ہیں اور یہ بھی بتلاؤ کہ ان کی تکثیف سے پالی پیپٹائڈز (Polypeptides) کس طرح حاصل کئے جاتے ہیں؟

(۵) قلیاسوں سے کیا مراد ہے؟ قلیاسے بالعموم کس طرح تیار کئے جاتے ہیں؟ اپنے جواب کی توضیح میں نکوٹین کی تیاری بیان کرو۔

(۶) ڈائی پینٹین کی تالیفی تیاری کے طریقے بیان کرو۔ اس سے دیگر مرکبات

یا

دو اہم گیسی ایندھنوں پر مضمون لکھو اور ان کے اجزائے اعظم کی تخمین کا طریقہ بیان کرو۔

(۴) لوہے کی مشہور کسیدیں کیا کیا ہیں اور ان سے فولاد کس طرح تیار کی جاتی ہے۔ چند خاص فولادوں کے خواص اور استعمال مختصراً بیان کرو۔ فولاد کو آب دینے کے دوران میں کیا کیا تغیرات واقع ہوتے ہیں؟

(۵) شیشہ کی تیاری بالتفصیل بیان کرو۔

(ا) سخت اور نرم شیشے (ب) کراؤن اور چقماق کے شیشے میں کیا فرق ہے اور یہ کس خاص غرض کے لئے استعمال ہوتے ہیں؟

شیشہ کے (devitrification) سے کیا مراد ہے؟

(۶) مادہ کی لسونتی حالت کا مفہوم بیان کرو۔

حسب ذیل اصطلاحات کی توضیح کرو۔

(ا) آب لسم (hydrosol) (ب) آب سرشش (Hydrogel) (ج) منعاکس اور غیر منعاکس لسم

لسونتی سونا کس طرح تیار کیا جاتا ہے؟ اس کی قیام پذیری کسطرح بڑھائی جا سکتی ہے؟

(۷) ورنر کا نظریہ تساوی (Co-ordination theory) بیان کرو۔ گرفت کے جدید نظریہ کی رو سے اس کی توجیہ کیونکر کی جاتی ہے؟

امتحان ایم۔ ایس سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف / ۱۹۳۵ء

---

۱۶ اردی بہشت — ۱۰ تا ایک ساعت

کیمیا پرچۂ اول — نشانات (۱۰۰)

نوٹ:۔ صرف پانچ سوال حل کئے جائیں

۱) سونا اخذ کرنے کے مختلف طریقے بیان کرو۔ ۱۲ قیراط (Carat) کے سونے، اسٹرلنگ سونے، بیلے ہوئے (Rolled) سونے سفید سونے اور "فولس گولڈ" (Fool's gold) سے کیا مراد ہے؟

۲) مندرجۂ ذیل میں سے کسی ایک عنصر اور اس کے اہم مرکبات پر ایک مختصر مضمون لکھو۔

(ا) انڈیم (ب) اسکینڈیم (ج) تھوریم

۳) رنگ کٹ تکفوف کی تیاری میں جو پلانٹ (Plant) استعمال کئے جاتے ہیں ان میں سے کسی ایک کا خاکہ کھینچو۔ اور تیاری کا صنعتی قاعدہ بیان کرو۔ حاصل شدہ شئے کی تخمین تم کس طرح کروگے؟

اس مرکب کی خرابی کے اسباب کیا ہیں؟

امتحان ایم۔ایس سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف ۱۹۳۵ء

۲۶ اردی بہشت ۱۰ تا ۲ ساعت

طبیعیات۔ پرچۂ پنجم (عملی) ۱۰۰ نشانات

نوٹ۔ امیدواروں کو چاہیئے کہ ہر ایک انمیں سے صرف دو سوال منتخب کرے۔ ان دو منتخبہ سوالوں میں سے انھیں ایک سوال حل کرنے کے لئے دیا جائے گا۔

۱۔ دو غیر متصل عدسوں کا مجموعہ دیا جاتا ہے۔ ان عدسوں کے مابین مختلف فاصلے رکھ کر مجموعہ کے صدر نقطوں کی دو جداگانہ طریقوں سے تعیین کرو۔

۲۔ نیوٹن کے حلقوں کا مشاہدہ کر کے دیئے ہوئے مائع میں نور کا انتشار دریافت کرو۔

۳۔ طیف پیما سے ہیڈروجن کے سرخ اور نیلے طیفی خطوط کا مشاہدہ کرو اور تجربہ کر کے بتاؤ کہ ان خطوط کا درمیانی زاویہ طیف پیما کے منشور پر نور کے زاویہ وقوع کے ساتھ کس طرح بدلتا ہے۔

۴۔ یک لونی نور کے ذریعہ دی ہوئی خردہ پیما (Micrometer) جھری کے ساتھ انکسار نور کے تجربے کر کے جھری کی تعیین کرو۔

۵۔ دی ہوئی انکساری جالی کی طاقت تحلیلی (Resolving power) دریافت کرو۔

۶۔ مائکلسن (Michelson) کے تداخل پیما کے ذریعہ سوڈیم کے (D_1) اور (D_2) طیفی خطوں کے طول موج کا تفاوت دریافت کرو۔

۷۔ مائکلسن کا تداخل پیما استعمال کر کے دی ہوئی پتلی شیشہ کی پٹی میں یک لونی نور کا مناظری طول راہ معلوم کرو اور اسکے ذریعہ سے پٹی کا انعطاف نما محسوب کرو۔

۸۔ ریلے (Rayleigh) کا تداخل پیما استعمال کر کے دی ہوئی دو گیسوں کے انعطاف نماؤں کا [illegible]

امتحان ایم۔ایس سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف ۱۹۳۵ء

۲۵ اردی بہشت ۔ ایک ساعت

طبیعیات پرچہ چہارم (عملی) ۱۰۰ نشانات

نوٹ:۔ ہر امیدوار کو چاہئے کہ وہ ایسے چار سوالوں پر نشان کر دے جنھیں وہ حل کرنا چاہتا ہے۔ ایسے چار سوالات میں سے کوئی ایک سوال حل کرنے کیلئے دیا جائے گا۔

۱۔ کوئنگ (Koenig) کے طریقہ سے دی ہوئی سلاخ کے مادے کیلئے ینگ کا معیار لچک دریافت کرو اور اپنے نتیجہ کی تصدیق کسی اور طریقہ سے کرو۔

۲۔ سوڈیم کلورائیڈ کے آبی محلول میں ہوائی بلبلے پیدا کر کے ایک ایسا منحنی تیار کرو جو محلول کے ارتکاز اور سطحی تناؤ کے مابین رشتہ بتائے۔

۳۔ پارے کے چھوٹے قطروں کو گلیسرین اور ارنڈی کے تیل میں علی الترتیب گرا کر اُن کی لزوجت کی قدروں کا مقابلہ کرو۔

۴۔ رنکین (Rankine) کے طریقہ سے ہوا کی لزوجت کمرے کی تپش پر دریافت کرو۔

۵۔ گردش نمائی (Stroboscopic) طریقہ سے دئے ہوئے سُر پیدا کرنے کے دو شاخہ کا تعدد ارتعاش معلوم کرو۔

۶۔ گارنیتھر (Quartz) کی حرارت نوعی جولی (Joly) کے بھاپ والے حرارہ پیما کے ذریعہ معلوم کرو۔

۷۔ دئے ہوئے پلاٹینم تپش پیما کا بنیادی وقفہ (Fundamental interval) دریافت کرو اور اُس کی مدد سے دئے ہوئے تیل کا نقطۂ جوش معلوم کرو۔

۶۔ کسی شے کی تحویلی اختصاصی مساوات (Reduced characteristic equation) اور متناظر حالتوں کے کلیہ (Law of corresponding states) کا مفہوم کیا ہے؟ اختصاصی مساوات د (ح - ب) = م ت و - ا / م ت ح کو اس کی تحویلی شکل میں حاصل کرو۔ جس میں ا اور ب مستقل مقادیر ہیں۔ اور د، ح ت اور م علی الترتیب دباؤ، حجم مطلق تپش اور گیسی مستقل ہیں۔

۷۔ میکسویل (Maxwell) کے چار حرحر کی رابطوں کا طبیعی مفہوم بیان کرو۔ ان رابطوں کے اخذ کرنے کا کوئی ایک طریقہ بتاؤ۔

۸۔ اشعاع کے متعلق تپش کی چوتھی قوت کا کلیہ نظری طریقہ پر کس طرح اخذ کیا گیا ہے؟ تجربہ کے ذریعہ اس کی کیسے تصدیق ہوئی ہے بیان کرو۔

۹۔ عناصر کی جوہری حرارتوں کے متعلق آئنسٹائن (Einstein) کا نظریہ بیان کرو۔ اسی نظریہ میں بعد کو کیا تبدیلیاں تجویز ہوئی ہیں اُن کا خلاصہ پیش کرو۔

ن ایم۔ ایس سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف ۱۹۳۵ء

۲ اردی بہشت ۱۰ ایک ساعت

طبیعیات پرچہ سوم ۱۰۰ نشانات

نوٹ۔ صرف چھ سوال حل کئے جائیں۔

یا

کیلنڈر اور بارنز (Callendar and Barnes)
ٹیگر اور اشٹائن ویر (Jaeger and Steinwehr) کا
تجربہ بیان کرو جو حرارت کے حیلی معادل کی تعیین کے لئے کیا گیا۔ اس
تجربہ میں اہم خطاؤں سے بچنے کے لئے کیا تدابیر اختیار کئے گئے ہیں۔

(ا) ۴ مطلق تپش کے قرب و جوار کی پست تپشوں (ب) ۲۰۰۰° مئی
کے قریب کی اونچی تپشوں کی پیمایش کیلئے ایک ایک طریقہ بیان کرو۔

نظریہ تحرک کے ذریعہ گیس کی لزوجت کی کس طرح توجیہ کی جاتی ہے؟
بتاؤ کہ یہ لزوجت گیس کے اوسط آزاد راستہ اور حرارتی موصلیت کے
ساتھ کیسے مربوط ہے۔

پانی کے بخار کی مختفی حرارت کے متعلق کیا معلومات حاصل ہوئے ہیں انکو
بیان کرو اور تپش کے لحاظ سے اس کی تبدیلی کا ضابطہ اخذ کرو۔

گیسوں کی حرارتی موصلیت دریافت کرنے میں جو دقتیں پیش آتی ہیں
اُن پر بحث کرو۔ ان دقتوں کو رفع کرنے کے لئے جو تدابیر اختیار
کئے جاتے ہیں بیان کرو۔

(۶) کسی انتشاری واسطہ (Dispersive medium)
میں نور کے انتشار کا کلیہ حاصل کرو۔

(۷) زیمان (Zeeman) والے اثر کا نظریہ بتاؤ اور یہ بھی بتاؤ
کہ اس کے ذریعہ سے (برقیہ کے برقی بار اور اس کی کمیت کی نسبت)
کیسے دریافت کی جاتی ہے۔

(۸) جب متسدق تقطیبی نور (Convergent polarised light)
کسی یک محوری قلم (Uniaxial crystal)
میں سے گذرتا ہے۔ تو رنگین پٹیاں (Fringes) کس طرح
پیدا ہوتی ہیں۔ ان کی توجیہ کرو۔

(۹) خطی طیف اور بند نما (Band) طیف میں تفصیل کے
ساتھ امتیاز کرو۔ بند نما طیف کیسے پیدا ہوتا ہے۔ اس کی مفصل
توجیہ کرو۔

(۱۰) ہیڈروجن کے جوہر کے متعلق رڈبرگ کے مستقل (Rydberg
constant) کے لئے ایک جملہ حاصل کرو۔ اور بتاؤ کہ اسکی قیمت جوہری عدد
(number) کے ساتھ کیسے تبدیل ہوتی ہے۔

(۱۱) رامن والے اثر (Raman effect) سے کیا مراد ہے۔
تفصیل کے ساتھ تجربوں کا حوالہ دے کر بیان کرو۔

امتحان ایم۔ایس۔سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف ۱۹۳۵ء

---

۸ اردی بہشت — ۱۰ تا ۱ بجے ساعت

طبعیات پرچہ دوم — نشانات ۱۰۰

ہدایت: صرف چھ سوالوں کے جواب لکھے جائیں
سب سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

۱۔ دوربین کے چشموں (Eye pieces) کے اقسام اور ان کے استعمال پر ایک مختصر مضمون لکھو۔

۲۔ منشوری لطیف نما کی طاقتِ تحلیلی (Resolving power) کے لئے ایک جملہ حاصل کرو۔ اور اس کی تعیین کے لئے کوئی تجربہ بیان کرو۔

(۳) مقعر انکساری جالی (Concave grating) کا نظریہ بیان کرو۔ اور اس کی طاقت تحلیلی (Resolving power) کے لئے ضابطہ حاصل کرو۔

(۴) لطیف کے قریبی اور انتہائی بالائے بنفشی (Ultra violet) حصہ کی عکاسی پر ایک مختصر مضمون لکھو۔

(۵) مائیکلسن (Michelson) والے تداخل پیما کی تشریح کرو اور اس کے مختلف استعمال بیان کرو۔

تقسیم (Equipartion of energy) کا کلیہ اخذ کرو اور اس کلیہ سے متعلق جو تجربے کئے گئے ہیں اُن کو مختصر طور پر بیان کرو۔

(۶) موج کی رفتار اور موج کے مجموعہ کی رفتار (Group velocity) میں امتیاز کرو۔ شعری اور جاذبہ زمین والی موجوں کی صورت میں مجموعہ کی رفتار کے لئے جملے اخذ کرو۔

حصّۂ دوم

(۷) گمک کی تیزی (Sharpness of resonance) کن امور پر منحصر ہے واضح طور پر بیان کرو۔ ہلم ہولٹز کے گمکئے کا نظریہ لکھو اور اس کے بنیادی سُرتی (Prime tone) کے تعدد ارتعاش کے لئے ایک جملہ حاصل کرو۔

(۸) انگلی سے چھیڑے ہوئے تار (Plucked string) کے ارتعاش کا نظریہ بیان کرو۔ اس نظریہ کی تصدیق تجربے کے ذریعہ کس طرح کی جاتی ہے؟

(۹) مندرجہ ذیل میں سے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھو:-

(ا) میکروفون (microphone)

(ب) آواز کی انجذابی قدر (Absorption co-efficient of sound)

(ج) حرروانی والو کے ذریعہ قائم کیا ہوا سُر کا دوشاخہ (Valve maintained tuning fork)

(د) بہت بڑے تعدد ارتعاش والی آواز کی موجیں (Supersonic waves)

امتحان ایم۔ ایس۔ سی (ابتدائی) شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف ۱۹۳۵ء

۱۶ اردی بہشت ۱۰ تا ۱ بجے ساعت

طبیعیات پرچہ اول

نوٹ:۔ صرف چھ سوال حل کئے جائیں، چار حصہ اول سے اور دو حصہ دوم سے۔

حصۂ اوّل

(۱) سیاری حرکت کے متعلق کپلر کے کلیات بیان کرو، اور بتاؤ کہ یہ نیوٹن کے تجاذبی نظریہ کی مدد سے اخذ کئے جاسکتے ہیں۔

(۲) ایک برآمدہ بیرم (Cantilever) کے اہتزاز کا وقت دوران دریافت کرو۔ ایک واحد برآمدہ بیرم کے ذریعہ لیسجو کی شکلیں کس طرح حاصل کی جاسکتی ہیں بیان کرو۔

(۳) مستوی سطح کے مقابلہ میں پانی کے قطرے کی سطح پر کے بخاری دباؤ میں جو زیادتی ہوتی ہے اس کیلئے ایک جملہ حاصل کرو اور بتاؤ کہ ایک دیئے ہوئے درجہ کی پرسیری (Supersaturation) کے لئے ایک معینہ قیمت سے زاید نصف قطر والے قطروں میں نمو (growth) اور اس سے کم نصف قطر والوں میں تبخیر کا عمل ہونے لگتا ہے۔

(۴) ضروری نظریہ کے ساتھ کسی گیس کی لزوجیت دریافت کرنیکا تجربہ بیان کرو۔ بلند اور پست دباؤ پر گیس کی لزوجیت کس طرح بدلتی ہے۔

(۵) سالمی رفتاروں کی تقسیم کے متعلق میکسول والا کلیہ استعمال کرکے توانائی کی مساوی

امتحان بی ایس سی شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

۹ اردی بہشت ۹ تا ۱۲ ساعت

ذیلی حیوانیات نشانات ۶۰

پانچ نشانات عملی بیاض کے لئے محفوظ ہیں۔ ۵

(۱) کبوتر کی تقطیع کرکے اُسکی پرواز کے عضلات کو منکشف کرو اور مختلف حصوں کو نشانات لگاکر واضح کرو۔ ۱۵

(۲) جھینگر کے منہ کے ضمیموں کی ایک مستقل تختی تیار کرو۔ شکل کھینچکر اُسکے مختلف حصوں کے نام لکھو۔ ۱۰

(۳) (Medullated) لُبّی عصبی ریشوں کی ایک تختی گلسرین میں تیار کرو۔ ۱۰

(۴) ذیل کی خردبینی تختیوں کی شناخت کرو اور ہر ایک کی شکل کھینچکر نام لکھو۔ الف۔ ب۔ ج۔ د۔ ھ۔ ۱۰

(۵) دئے ہوئے جانوروں کی درجہ بندی کرو اور ان کو اُن کے متعلقہ Phylum میں رکھو۔ اگر کوئی دلچسپ بات کسی سے متعلق ہو تو وہ بھی تحریر کرو۔ ۱۰

(أ)۔ (ii)۔ (iii)۔ (iv) اور (v)

نوٹ:۔ زبانی سوالات کے لئے تیار رہو۔

امتحان بی۔ ایس۔ سی۔ شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف سنہ ۱۹۳۵ء

۲۹ اردی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

ذیلی حیوانیات پرچہ دوم (نظری) نشانات (۷۰)

ھدایت:۔ صرف پانچ سوال کے جواب مطلوب ہیں۔

(۱) ان تمام ثبوتوں کو مختصراً بیان کرو جو جانوروں کے ارتقا کا لحاظ کرتے ہوئے عموماً پیش کئے جاتے ہیں۔ ۱۴

(۲) سگ ماہی اور مینڈک کے دماغوں کا مقابلہ کرو۔ اشکال کھینچکر یہ اچھی طرح سمجھاؤ کہ مینڈک کا دماغ بمقابلہ مچھلی کے دماغ کے کن خصوصیات میں بالاتر ہے۔ ۱۴

(۳) مینڈک کے تنفسی اعضا کا مقابلہ پرند کے تنفسی نظام سے کرو۔ ۱۴

(۴) پرند کی غذائی نالی کی ساخت کو بیان کرو اور بتاؤ کہ ان میں سے غذا کے گزرتے وقت کیا کیا تبدیلیاں ہوتی ہیں۔ ۱۴

(۵) میان ادمہ سے تم کیا سمجھتے ہو؟ فقریہ میں اسکی ابتدا کس طرح ہوتی ہے کن خاص حصوں میں وہ منقسم ہوتا ہے اور اس کا انجام کیا ہوتا ہے۔ ۱۴

(۶) مختصر طور پر (Amphibia) جل تھلیون - ہوام (Reptiles) اور (Aves) پرندوں کی امتیازی خصوصیات بیان کرو۔ ۱۴

(۷) وراثت (Heredity) پر ایک مختصر مضمون لکھو۔ ۱۴

(۸) (Cyclostomata) کی عام خواص بیان کرو۔ ۱۴

امتحان بی ایس سی (شعبۂ سائنس) ۱۹۳۵ء

۲۸ راروی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

ذیلی حیوانیات پرچہ اول (نظری) نشانات (۷۰)

نوٹ:۔ صرف پانچ سوالات کے جوابات دئے جائیں۔ جوابات کو واضح کرنے کے لئے شکلیں کھینچی جائیں۔

(۱) قعر کیا چیز ہے؟ اس کی کیفیت (Neries و Anodonta) اور (Asterias) میں بیان کرو۔

(۲) (Earthworm) زمینی کینچوا اور (Cockroach) جھینگر کے اخراجی نظام بیان کرو۔

(۳) اس امر کے وجوہات دو کہ (Neries) کو (Annelida) کے (Phylum) میں کیوں شامل کیا گیا ہے۔

(۴) ستارہ مچھلی (Star-fish) کے ایک بازو کی عرضی تراش کا خاکہ بناؤ اور ان حصوں کے نام لکھو جو تم کو دکھائی دیں۔

(۵) مندرجۂ ذیل پر مضمون لکھو:۔

(الف) باروری (Fertilization)

(ب) خود تولید (Parthenogenesis)

(۶) (Anopheles) مچھر کی مفصل سوانح حیات لکھو۔ تقلب (Metamorphosis) کی تشریح کرو اور اس کے فوائد پر بحث کرو۔

(۷) میٹھے پانی کی سیپی (Fresh-water mussel) کے تنفس اور دوران خون کے طریقے بیان کرو۔

امتحان بی۔ایس۔سی شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

۲۷ اردی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

نباتیات عملی پرچہ دوم نشانات (۶۵)

(۱) دی ہوئی شئے کی عرضی تراش لیکر اس کا مستقل ترکب بناؤ، اس کی شناخت کرو اور ایک نشان زدہ خاکہ کھینچو۔

(۲) ذیل کے الف، ب، ج اور د منظورے کونسے طبعی فیصلوں سے متعلق ہیں؟ وجوہ بیان کرو۔

(۳) ا۔ ب۔ ج منظوروں کی شناخت کرو۔

(۴) دئے ہوئے آلہ کے ذریعہ سے تم کیا دکھلا سکتے ہو۔ مختصر نوٹ لکھو۔

(۵) زبانی امتحان۔

امتحان بی۔ ایس۔ سی (شعبۂ سائنس) سنہ ۱۳۴۴ف سنہ ۱۹۳۵ء

---

۲۶ اردی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

نباتیات عملی پرچۂ اول نشانات (۶۵)

---

(۱) دی ہوئی شئے کا مستقل ترکّب تیار کرو۔ شناخت کرو اور ایک ستھرا نشان زدہ خاکہ کھینچو۔

(۲) الف، ب، ج اور د تخنیتوں کی شناخت کرو اور اہم ساختوں کے متعلق ایک مختصر نوٹ لکھو۔

(۳) الف۔ ب۔ ج۔ منظروں کی شناخت کرو اور شناخت کے وجوہ بیان کرو۔

(۴) دی ہوئی شئے کا ترکّب کرو، اوسکی شناخت کرو اور ایک نشان زدہ خاکہ کھینچو۔

(۵) زبانی امتحان۔

پودوں سے کیا مراد ہے؟ دگرتغذی (Heterotrophic)
پودوں میں غذا حاصل کرنے کے مختلف طریقوں کو بیان کرو اور مثالیں
صرف بند بیجوں (Angiosperms) سے پیش کرو۔
(۵) خشکی میں اُگنے والے پودے (Xerophytic) اور
ڈوبے ہوئے آبی پودے (Submerged aquatic plant)
کا باہمی موازنہ ان خصوصیات کے لحاظ سے کرو جو ان میں ماحول کے
اثرات قبول کرنے سے پیدا ہو جاتی ہیں۔
(۶) پودوں کے تحول (Metabolism) میں جو حصہ انزائم
(Enzymes) لیتے ہیں ان کو بیان کرو۔
(۷) اُپج مایہ کے تسلسل کے ویزمائی نظریہ (Continuity of
the germ-plasm) پر تنقیدی بحث کرو۔
(۸) ان طریقوں کو مختصر الفاظ میں بیان کرو جن کے ذریعہ عالم میں نئی انواع
کی تخلیق عمل میں آسکتی ہے۔

امتحان بی۔ایس۔سی شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

---

۲۵ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

نباتیات پرچۂ سوم نشانات (۹۰)

ہدایت:۔ صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

(۱) ذیل کی ساختوں میں طرزِ عمل (Behaviour) اور حرکت کی میکانیت (Mechanism of movement) مختصر الفاظ میں بیان کرو:۔

(الف) بیل ڈورے (Tendrils)

(ب) چھوئی موئی (Mimosa pudica) کے پتے۔

(۲) نظریۂ اسٹیٹولتھ (Statolith theory) جامع طور پر بیان کرو۔ ایسے تجربات قلمبند کرو جو تم اس امر کے ثبوت میں پیش کروگے کہ اصل ساق (Main shoot) اور اولین جڑ (Primary root) کا بڑھتا قوت جاذبہ (Gravity) کے زیر اثر، عمودی ہوتا ہے۔

(۳) پودوں میں رس کے صعود (Ascent of sap) سے متعلق جو خاص خاص نظریے پیش کیے گئے ہیں ان پر بحث کرو۔

(۴) خود تغذی (Autotrophic) اور دگر تغذی

حیدرآباد میں معاشی اہمیت (Economic importance) کے لحاظ سے جن پودوں کی کاشت کی جاتی ہے اُن میں سے دس کا نام لو۔ اور اُن میں عائلوں کے زہری خاکے کھینچو جن سے وہ تعلق رکھتے ہوں۔

۶ - یک بیج پتیا (monocotyledonous) تنے میں ثانوی نمو کو بیان کرو۔ اور مختلف بافتوں کے جو اُس میں پائی جاتی ہیں افعال لکھو۔

۷ - چار محفوظ غذائی مادّوں کو تفصیل سے لکھو اور اُن کے جمع کرنے کے طریقہ کو وضاحت سے بیان کرو۔

امتحان بی ایس۔سی شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف مسنہ ۱۹۳۵ء

۲۳ اردی بہشت — ۱۰ تا ایک ساعت

نباتیات پرچۂ دوم — نشانات ۹۰

ہدایت:۔ (۱) صرف پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔
(۲) جہاں کہیں ضرورت ہو جوابات کی شکلوں کے ذریعہ وضاحت کی جائے۔

۱۔ مرٹیسی (Myrtaceæ) کی امتیازی خصوصیات لکھو۔ اور بتلاؤ کہ یہ خیال کہ اس میں اور لتھریسی (Lythraceæ) میں گہرا تعلق (Close affinity) ہے کہاں تک صحیح ہے؟

۲۔ مثالیں دے کر وضاحت کے ساتھ بیان کرو کہ کن اصول پر بند بیجوں (Angiosperms) کے کسی ایک درجہ بندی کے طبعی نظام (Natural system of classification) کی بنا رکھی گئی ہے؟

۳۔ زیرگی اور نمرگی کے طریقوں کا مندرجۂ ذیل پودوں میں مقابلہ کرو۔

(ا) سائکس (Cycas)

(ب) پائینس (Pinus)

(ج) کوئی ایک بند بیجہ (Angiosperm)

۴۔ ایک تمثیلی آبی پودے کی شکلیاتی اور تشریحی خصوصیات بیان کرو اور اور دکھلاؤ کہ کس طرح اُس نے ماحول کے ساتھ توافق پیدا کر لیا ہے۔

امتحان بی۔ ایس سی (شعبۂ سائنس) سنہ ۳۴ف م سنہ ۱۹۳۵ء

۲۲ اردی بہشت ۔ ۱ تا یک ساعت

نباتیات پرچۂ اول ۹۰ نشانات

صرف پانچ سوال کے جواب مطلوب ہیں۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

۱۔ مختلف قسم کے تولیدی خلیوں کو جو سبز الجی میں پائے جاتے ہیں بیان کرو۔

۲۔ فیوکس یا لائکنس کے غصنہ (Thallus) کا تشریحاتی بیان مختصراً لکھو۔

۳۔ اُن بذری بناوٹوں کا جو (Ascomycetes) اور (Basidiomycetes) سے مخصوص ہوں مقابلہ کرو۔

۴۔ کسی دو ہندوستانی پھپھوندیوں کی سوانح مختصراً لکھو جو اناج کی کاشت کو نقصان پہنچاتی ہیں۔

۵۔ مارچانشیا (Marchantia) اور کسی ماس (Moss) کے کیسے کی ساخت کا مقابلہ کرو۔

۶۔ (۱) سلاجینیلا (۲) لائیکوپوڈیم اور (۳) اکوی سیٹم کے جنین کی ساخت اور نمو پر مختصر نوٹ لکھو۔

۷۔ اُوفیوگلاسم اور مارسی لیا کے بذرہ دار (Spore-bearing) اعضاء کو بیان کرو۔

۱۲۔ (ا) اگر نقطۂ راس الحمل کے عبور کا اوسط وقت ۱۴ گھنٹے ۴۱ منٹ ۲۴ سکنڈ ۹
ہو تو سال کا موسم معلوم کرو، نیز اسی روز ایک مشاہدہ کا
کوکبی وقت دریافت کرو جبکہ اسکا اوسط وقت ۱ گھنٹے ۲۲ منٹ ۱۳ سکنڈ ۵
ہو۔

(ب) کسی مقام پر سورج کا ساعتی زاویہ ۷۵° مشرق محسوب
کیا گیا ہے جبکہ گرین وچ کے کرونومیٹر کا وقت ۲۱ گھنٹے ۹ منٹ ۳۰ سکنڈ ہے۔
اُس مقام کا طول بلد دریافت کرو، وقت کی مساوات ۔(۱۰ منٹ ۲ سکنڈ) ہے۔

بتاؤ کہ آلۂ مرور کی مدد سے کسی ستارہ کا صعود، میل، اور گھڑی کی خطا کیونکر معلوم کئے جاتے ہیں۔

۹۔ ہیئتی انحراف (Dip) اور انعطاف کی تعریف کرو اور ایک ستارہ کے طلوع اور غروب ہونے پر ان کے اثرات کا مقابلہ کرو۔

ایک ستارہ کا ارتفاع مشاہدہ کیا گیا ہے اور یہ جیب $\frac{5}{13}$ ہے، ستارہ کا صحیح مقام محسوب کرو، یہ تسلیم کر لیا جائے کہ ۴۵° کے زاویہ پر انعطاف کی قدر ۵ ۸٫۲ ہے۔

۱۰۔ (ا) سیاروں کی گردش کے متعلق کپلر کے قانون بیان کرو اور اسکی توجیہ کرو کہ مدار تاروں کی رفتار اپنے مدار کے اس مقام پر، جب یہ سورج کے قریب ترین نقطہ پر ہوں زیادہ ہوتی ہے بہ نسبت مدار کے دوسرے مقامات پر کی رفتار کے

(ب) جس زاوئی رفتار سے زہرہ، سورج کی ٹکیا کو عبور کرتا دکھائی دیتا ہے اسے معلوم کرو، یہ مان لو کہ زہرہ اور زمین کے فاصلے سورج سے بالترتیب ۷ اور ۱۰ ہیں۔

۱۱۔ (ا) ثابت کرو کہ ضلالت نور کی وجہ سے، ایک ستارہ جس کا عرض ع ہو، اپنے اصلی مقام کے گرد سال بھر میں ایک چھوٹا قطع ناقص مرتسم کرتا دکھائی دیگا جس کا محور اعظم ۴۹ء۲۰ء ہوگا جو طریق الشمس کے مستوی کے متوازی ہوگا اور جس کا محور اصغر ۴۹ء۲۰ جب ع ہوگا۔

(ب) سورج کے گرہن کے لئے خسوفی حدود دریافت کرو۔

(ب) ایک کلو واٹ کی طاقت کا ایک اسپی طاقت سے مقابلہ کرو اور ثابت کرو کہ یہ تقریباً $\frac{15}{11}$ اسپی طاقت کے مساوی ہے۔
۱ فٹ = ۳۰۰ سمر تقریباً، ۱ کلوگرام = ۲ ۲۰۴ پونڈ تقریباً اور ج = ۹۸۱ سمر گرام ثانیا اکائیاں۔

۶ — ایک ذرہ لچکدار کمانی کے ذریعہ جس کا تناؤ ہک کے کلیہ کے مطابق بدلتا ہے لٹک رہا ہے۔ اگر ذرہ کو تھوڑا سا نیچے کی طرف کھینچکر چھوڑ دیا جائے تو ثابت کرو کہ ذرہ کی حرکت توازن کے مقام کے گرد اہتزازی ہوگی اور مدت دور دریافت کرو۔
اگر ایک ذرہ سادہ موسیقی حرکت کرتا ہے اور مدت اہتزاز ۸ ثانیہ ہے اور مرکز کشش سے ہر دو جانب ۴ فٹ تک حرکت کرتا ہے تو اعظم رفتار دریافت کرو۔ نیز مرکز کشش سے دو فٹ کے فاصلہ پر بھی رفتار دریافت کرو۔

حصۂ دوم

۷ — (ا) کہکشاں کے متعلق ایک مختصر نوٹ لکھو اور اُن ستاروں کے مشہور مجموعات کے ترتیب وار نام لکھو جن میں سے یہ گذرتا ہے۔
(ب) ایک دئے ہوئے ستارہ کے صعود اور میل بالترتیب ۲۲ ^{h} شمال، اور ۶ گھنٹے ۲۰ منٹ ہیں، بتاؤ کہ سال کے کس موسم میں یہ (۱) صبح کا ستارہ (۲) شام کا ستارہ ہوگا۔

۸ — آلۂ مردر کی تشریح کرو اور اسکے تنصیبی دائروں (Setting circles) کی درجہ بندی اور استعمال کا طریقہ بیان کرو۔

ایک آونس وزنی چھرہ ۵۱۰ فٹ فی ثانیہ کی رفتار سے کندے سے ٹکراتا ہے۔ بتاؤ کہ ٹکر کے بعد چھرہ اور کندہ ملکر کس رفتار سے حرکت کرتے ہیں۔ نیز فرش پر کندہ کتنا فاصلہ طے کرتا ہے۔ نیز ٹکر سے توانائی کے نقصان کا رگڑ سے توانائی کے نقصان کا مقابلہ کرو۔

۳ — ایک ذرہ کو افقی اور انتصابی رفتار ر اور و سے پھینکا گیا ہے۔ وقت ت کے بعد ذرہ کا مقام اور افقی مستوی پر پٹہ دریافت کرو ایک چھرہ کی رفتار کا افقی جزو ۲۰۰۰ فٹ فی ثانیہ اور یہ چھرہ ۵۰۰ گز کے افقی فاصلہ پر بندوق سے چھ فٹ اونچے نشان پر مار کرتا ہے۔ بندوق کا افق سے میلان دریافت کرو۔ ہوا کی مزاحمت کو نظر انداز کر دیا جائے۔

۴ — دو لچکدار کروں کی ٹیڑھی ٹکر کے بعد رفتاریں اور سمت دریافت کرو۔ ایک بلیرڈ کی گیند ساکن ہے اور دوسری مساوی گیند کا اس طرح نشانہ کیا جاتا ہے کہ مرکز کی سمت حرکت ساکن گیند کو عین مس کرے اگر لچک کی قدر $\frac{۴}{۵}$ ہو تو ٹکر کے بعد رفتاریں اور سمت دریافت کرو اور ثابت کرو کہ ٹکر سے دوسری متحرک گیند کی توانائی ابتدائی توانائی کا ۲۶ ٪ رہ جاتی ہے۔ اور ٹکر سے ساکن گیند کو توانائی کا ۶۱ ٪ حصہ منتقل ہو جاتا ہے۔

۵ — (۱) ایک موٹر ۲۵۰ فٹ نصف قطر کے مستدیر راستہ پر گھوم رہی ہے۔ راستہ کا اندر کی طرف میلان مس $\frac{۱}{۵}$ ہے۔ بتاؤ کہ موٹر کس رفتار سے حرکت کرنے کے جانب میں پھسلنے کے لئے کوئی قوت نہ ہو۔

امتحان بی۔ ایس سی شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف م سنہ ۱۹۳۵ء

۲۷ اردی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

ریاضی پرچۂ پنجم نشانات (۸۰)

ہدایت:۔ کُل سات سوال اور ہر حصہ سے زیادہ سے زیادہ چار سوال کئے جائیں۔

حصۂ اول

۱۔ احصا کی مدد سے ثابت کرو کہ اگر ایک ذرہ مستقل اسراع سے خط مستقیم میں حرکت کر رہا ہے تو طے شدہ فاصلہ مساوی ہے وقت اور اوسط رفتار کے حاصل ضرب کے۔ اس نتیجے کی ترسیمی ثبوت سے تصدیق کرو۔

ایک انجن جسکی اپسی طاقت ۸۹۶ ہے اور کمیت ۹۰ ٹن ایک ریل کو جسکی کمیت ۱۲۰ ٹن ہے ایک مائل سطح پر جسکا افق سے میلان جب α ($\frac{1}{84}$) ہے کھینچ رہا ہے۔ اگر رگڑ اور دیگر مزاحمتیں ۸۰ پونڈ وزن فی ٹن کے مساوی ہوں تو بتاؤ کہ اس مائل سطح پر گاڑی کس اعظم رفتار سے چڑھ سکتی ہے۔

۲۔ دھکا اور توانائی بالحرکت کی تعریف کرو اور توانائی بالحرکت کے لئے جملہ دریافت کرو۔

ایک لکڑی کے کندے کا وزن ایک پونڈ ہے اور یہ کھردری افقی میز پر رکھا ہوا ہے۔ میز اور کندے کے درمیان رگڑ کی قدر ۴ ہے،

۹۔ (ا) ثابت کرو کہ ایک دوسرے سے نہ ملنے والے دو متجانس مائعات کی مشترک سطح افقی ہوتی ہے۔

(ب) ایک کنویں کی تہ پر کا دباؤ ۲ فٹ کی گہرائی پر کے دباؤ کا چار گنا ہے۔ اگر پانی کے بارپیما کی بلندی ۳۰ فٹ ہو تو کنویں کی گہرائی دریافت کرو۔

۱۰۔ (ا) ایک مثلث مائع میں اس طرح غرق ہے کہ مثلث کا ایک ضلع مایع کی آزاد سطح میں ہے۔ مثلث کے دباؤ کا مرکز دریافت کرو۔

(ب) ایک مثلث مایع میں اس طرح غرق ہے کہ مثلث کا قاعدہ مایع کی آزاد سطح میں ہے۔ اگر دباؤ کے مرکز میں سے ایک افقی خط کھینچا جائے تو ثابت کرو کہ یہ خط مثلث کو دو ایسے حصوں میں تقسیم کرتا ہے جن پر کے دباؤ مساوی ہیں۔

۱۱۔ (ا) ایک تیرنے والے جسم کے پس مرکز کی تعریف کرو اور بتلاؤ کہ جسم کے توازن کا قائم یا غیر قائم ہونا پس مرکز اور مرکز ثقل کے اضافی مقامات پر کس طرح منحصر ہے۔

(ب) ایک نصف کرہ کے قاعدہ پر ایک قائم مخروط کو جوڑنے سے ایک جسم بنایا گیا ہے یہ جسم مائع میں اس طرح تیرتا ہے کہ کروی سطح کا کچھ حصہ غرق ہے ثابت کرو کہ اگر توازن قائم ہو تو مخروط کا ارتفاع زیادہ سے زیادہ قاعدہ کے نصف قطر کے $\sqrt{3}$ گنا کے برابر ہو سکتا ہے۔

۱۲۔ (ا) ایک ظرف غواص کو سمندر میں ایک خاص گہرائی تک اُتارا جاتا ہے۔ اگر اوپر سے کوئی ہوا داخل نہ کیجائے تو ظرف میں کی ہوا کا دباؤ اور زنجیر کا تناؤ اس گہرائی پر دریافت کرو۔

(ب) اگر ایک ظرف غواص میں کے بارپیما کا پارا $12\frac{1}{2}$ انچ اوپر چڑھ جائے تو دریافت کرو کہ ظرف سمندر میں کس گہرائی پر ہے۔ پارے کی کثافت اضافی ۱۳۶ ہے۔

(ب) ایک گولی افقی سمت میں (۱۲۰۰) فٹ فی ثانیہ کی رفتار سے نشانہ پر لگتی ہے اور نشانہ میں ایک انچ دھس جانے کے بعد اس کی رفتار نصف رہ جاتی ہے۔ اگر مزاحمت کو ہموار مان لیا جائے تو دریافت کرو کہ گولی ساکن ہونے تک نشانہ میں کتنی دور دھس جائیگی۔

۷۔ (ا) کمیت م والا ایک چکنا کرہ رفتار ر سے حرکت کرتے ہوئے کمیت مَ کے ایک دُوسرے چکنے کرہ کو جو رفتار (رَ) سے حرکت کر رہا ہے، ٹیڑھا ٹکراتا ہے۔ اگر ٹکر سے پہلے دونوں کروں کی حرکت کی سمتیں مرکزوں کو ملانے والے خط سے بالترتیب زاویے ھ اور بہ بنائیں اور لچک کی قدر ل ہو تو ٹکر کے بعد دونوں کروں کی حرکت کی رفتاریں اور سمتیں دریافت کرو۔

(ب) ایک کرہ کی رفتار ۱۲ فٹ فی ثانیہ ہے اور وہ ایک دوسرے مساوی کرہ سے ٹکراتا ہے جو اس خط پر مخالف سمت میں ۶ فٹ فی ثانیہ کی رفتار سے حرکت کر رہا ہے۔ اگر لچک کی قدر $\frac{1}{2}$ ہو تو ٹکر کے بعد دونوں کروں کی رفتاریں دریافت کرو۔

۸۔ (ا) اگر ایک ذرہ ایک دائرہ کے محیط پر ہموار رفتار (ر) سے حرکت کرے تو ثابت کرو کہ اس کا اسراع دائرہ کے مرکز کی طرف $\frac{ر^2}{ا}$ ہے جہاں ا دائرہ کا نصف قطر ہے۔

(ب) ۴ پونڈ کمیت کا ایک ذرہ ۳ فٹ لمبی ایک ڈوری سے بندھا ہے۔ ڈوری کا دوسرا سرا ایک ثابت نقطہ سے بندھا ہوا ہے۔ ذرہ ایک دائرہ میں اس طرح حرکت کرتا ہے کہ ڈوری کا میلان انتصابی خط سے ۴۵° رہتا ہے ڈوری کا تناؤ اور ذرہ کی رفتار دریافت کرو۔

(ب) ایک آدمی کا وزن ۱۲ اسٹون ہے اور وہ چار ہلکی چرخیوں کے نظام کے سب سے نچلے نقطہ سے لٹک رہا ہے۔ نظام ایسا ہے کہ ہر چرخی علیحدہ ڈوری کے ذریعہ لٹک رہی ہے۔ آدمی اس رسی کو پکڑے ہوئے ہے جو ثابت چرخی پر سے گزرتی ہے۔ اس رسی پر قوت معلوم کرو۔

۴۔ (ا) ایک جسم ایک کھردری سطح مائل پر بین نیچے پھسلنے کو ہے۔ اس جسم پر عمل کرنے والی قوتیں صرف جسم کا وزن اور سطح پر کا ردعمل ہے۔ ثابت کرو کہ افق سے سطح کا میلان، فرک کے زاویہ کے مساوی ہے۔

(ب) ایک کھردری سطح مائل پر جس کا میلان ۳۰° ہے ۴ پونڈ کمیت کا ایک جسم انتہائی توازن میں ہے۔ اگر سطح کو اس قدر اٹھایا جائے کہ اس کا میلان ۶۰° ہو جائے تو دریافت کرو کہ جسم کو توازن میں رکھنے کے لیے سطح کے متوازی کس قدر قوت لگانی چاہیے۔

۵۔ (ا) ایک ذرہ ابتدائی رفتار (ر) سے مستقل اسراع (ع) کے ساتھ خطِ مستقیم میں حرکت کرتا ہے اور فاصلہ ف طے کرنے کے بعد اس کی رفتار س ہو جاتی ہے۔ ثابت کرو کہ

$$س^2 - ر^2 = 2 ع ف$$

(ب) ایک ہوائی جہاز ہموار اسراع ۴ فٹ فی ثانیہ فی ثانیہ کے ساتھ اوپر اٹھتا ہے۔ نصف منٹ کے بعد ایک جسم ہوائی جہاز میں سے چھوڑ دیا جاتا ہے۔ کتنی دیر کے بعد جسم زمین پر پہنچے گا۔

۶۔ (ا) ایک متحرک ذرہ پر ایک مستقل قوت تھوڑی دیر تک عمل کرتی ہے۔ ثابت کرو کہ جسم کے معیارِ حرکت میں تبدیلی صدمہ کے مساوی ہے اور توانائی بالفعل میں تبدیلی اس کام کے مساوی ہے جو قوت نے اس عرصہ میں کیا ہے۔

امتحان بی ایس سی شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف م سنہ ۱۹۳۵ء

۲۷ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

(۰)

ریاضی ذیلی پرچہ سوم نشانات (۶۰)

ہدایت - صرف ۷ سوال حل کئے جائیں۔ تمام سوالوں کے نشانات مساوی ہیں۔

۱- (ا) ایک سطح میں بہت سی قوتیں عمل کر رہی ہیں۔ اس سطح میں کسی نقطہ کے گرد ہر ایک قوت کا معیارِ اثر لیا گیا ہے۔ ثابت کرو کہ ان معیاروں کا جبری مجموعہ حاصل قوت کے معیارِ اثر کے مساوی ہے۔

(ب) ایک مربع ا ب ج د کے ضلع ا ب میں قوت ۳ پونڈ وزن، ضلع ب ج میں قوت ۴ پونڈ وزن، ضلع ج د میں قوت ۵ پونڈ وزن، ضلع د ا میں قوت ۶ پونڈ وزن عمل کر رہی ہے۔ حاصل قوت کی مقدار اور خطِ عمل معلوم کرو۔

۲- (ا) ایک استوار جسم پر ایک سطح مستوی میں بہت سی قوتیں عمل کر رہی ہیں۔ ان قوتوں کے توازن کے شرائط دریافت کرو۔

(ب) تین غیر مساوی سلاخوں کو جوڑنے سے ایک مثلث بنایا گیا ہے اور اس کو افقی وضع میں ثابت کر دیا گیا ہے۔ ایک وزنی کرہ کو اس مثلث پر رکھ دیا گیا ہے۔ ثابت کرو کہ ہر سلاخ پر کا ردِ عمل اس سلاخ کے طول کے متناسب ہے۔

۳- (ا) چرخیوں کے تینوں نظاموں کو بیان کرو اور ان میں سے ہر ایک کا نفادِ حیلی بھی دریافت کرو۔ چرخیوں کے وزن کو نظر انداز کیا جائے۔

دائرہ ر = ۲ ا جم طہ کا رقبہ محسوب کرو۔

(ب) تکمل کے ذریعہ کرہ کی سطح کا رقبہ محسوب کرو۔

۹۔ (ا) ثابت کرو کہ لا محور کو مبدا پر مس کرنیوالے تمام دائروں کی تفرقی مساوات $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \frac{\text{۲ لا ما}}{\text{لا}^{۲} - \text{ما}^{۲}}$ ہے۔

(ب) وہ منحنی معلوم کرو جس میں کسی نقطہ پر کا مماس نقطہ تماس میں سے گزرنیوالے نیم قطر سمتی کے ساتھ ایک مستقل زاویہ عہ بناتا ہے۔

(ج) قائم زائدوں لا ما = ج (جہاں ج اختیاری مستقل ہے) کے نظام کے قائم مرمیات کی مساوات معلوم کرو۔

۱۰۔ (ا) خطی مساوات $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$ + ف ما = ق (جس میں ف اور ق تفاعل ہیں لا کے) کو حل کرو۔

(ب) مندرجۂ ذیل تفرقی مساواتوں میں سے کسی دو کو حل کرو

(۱) $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$ = ما مس لا − ۲ جب لا

(۲) (۱ + ما^{۲}) فر لا − لا ما (۱ + لا^{۲}) فر ما = ۰

(۳) $\frac{\text{فر لا}}{\text{لا}^{۲} - ۲\text{ لا ما}} = \frac{\text{فر ما}}{\text{ما}^{۲} - ۲\text{ لا ما}}$

۱۱۔ (ا) تفرقی مساوات ما = لا $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$ + ا $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$ (۱ − $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$) کا نادر حل معلوم کرو

(ب) تفرقی مساوات $\frac{\text{فر}^{۲}\text{ ما}}{\text{فر لا}^{۲}}$ + $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$ − ۲ ما = ۰ کا وہ حل معلوم کرو جس میں لا = ۰ کے جواب میں ما = ۳ اور $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$ = ۰۔

(ج) ذیل کی تفرقی مساوات کا مکمل حل معلوم کرو

$\frac{\text{فر}^{۲}\text{ ما}}{\text{فر لا}^{۲}}$ − ۵ $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$ + ۶ ما = لا^{۲} + جب ۲ لا

ل م کا لفاف مکانی ما^{۲} = ۔ ۱۶ لا ہے ۔

(ب) زنجیرہ ما = ج جمز $\frac{لا}{ج}$ کے نقطہ ن پر کا عماد لا محور سے نقطہ گ پر ملتا ہے ثابت کرو کہ نقطہ ن پر کا نصف قطر انحنا ن گ کے مساوی ہے ۔

۶ ۔ (ا) ذیل کے تکملوں میں سے کسی دو کی قیمت محسوب کرو

(۱) $\int \frac{۲لا - ۱}{لا^{۲} + ۲لا + ۳}$ فرلا (۲) $\int \frac{جم طہ فرطہ}{(۱ + جیب طہ)(۲ + جیب طہ)}$

(۳) $\int$ لا^{۲} جیب لا فرلا

(ب) مکانیوں ما^{۲} = ۲ لا اور لا^{۲} = ۲ ما کے مشترک حصہ کا رقبہ محسوب کرو ۔

۷ ۔ (ا) ثابت کرو کہ $\int_{۰}^{\frac{π}{۲}}$ جم^{ن} طہ فرطہ = $\frac{ن - ۱}{ن}$ $\int_{۰}^{\frac{π}{۲}}$ جم$^{ن-۲}$ طہ فرطہ

اور اس کی مدد سے $\int_{۰}^{\frac{π}{۲}}$ جم^{۶} طہ فرطہ کی قیمت محسوب کرو ۔

(ب) نصف دائرہ کی شکل کے ایک پترے کی کمیت م اور نصف قطر ا ہے ۔ ثابت کرو کہ اس کے قطر کے گرد اسکے جمود کا معیار اثر $\frac{۱}{۴}$ م ا^{۲} ہے ۔

امتحان ایم - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۴۴ف مطابق سنه ۱۹۳۵ع

۲۵ اردی بهشت ۹ تا ۱۲ ساعت

عربي — پرچه هفتم

نشانات — ۱۰۰

(۱) سلیس عربي میں ترجمه کرو * ۱۵

(۱) بد قسمتي سے هندوستان کا مقابله ان دونوں قسم کے ممالک سے مختلف هے صدر اول میں اس ملک کا بهت تهوڑا حصه فتح هوا تها ' اور اس تهوڑے سے حصه پر بهي جو کچهه اسلامي تعلیم و تهذیب کے اثرات پڑے تهے ان کو باطنیت کے سیلاب نے ملیامیٹ کردیا - اسکے بعد جب هندوستان میں مسلمانوں کي اصلي فتوحات کا سلسله شروع هوا تو فاتحوں میں صدر اول کے سے مسلمانوں کي خصوصیات باقي نهیں رهی تهیں - انهوں نے یهاں اشاعت اسلام کے بجائے توسیع مملکت میں اپني قوتیں صرف کیں اور لوگوں سے اطاعت خدا و رسول کي بجائے اپني اطاعت اور باج گذاري کا مطالبه کیا اس کا نتیجه یه هوا که صدیوں کي فرمانروائی کے بعد بهي هندوستان کا سواد اعظم غیر مسلم رها *

امتحان ایم - اے شعبہ فنون

سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ع

۲۳ اردی بہشت ۹ تا ۱۲ ساعت

عربی — پرچہ ششم

نشانات — ۵۰

(۱) ان اسموں کی جمع بناؤ اور ان کی جنس بھی لکھو :— ۱۰

(1) Mutter, (2) Universität, (3) Knabe, (4) Reich, (5) Sinn.

(۲) ذیل کے الفاظ میں سے ایک فعل اور دو اسموں کی گردان کرو :— ۱۰

(1) lieben, (2) gehen, (3) der Mensch, (4) die junge Schwester, (5) das feine Gedicht.

(۳) حسب ذیل میں سے صرف ۳ الفاظ کو جملوں میں استعمال کرو :— ۱۰

(1) Ruhe, (2) Zeit, (3) Präsident, (4) schön, (5) gross.

(۴) صرف (a) یا (b) کا اردو میں ترجمہ کرو :— ۲۰

(*a*) Das deutsche Alphabet besteht, wie das englische, aus sechs und zwanzig Buchstaben, nämlich aus fünf Vokalen und ein und zwanzig Konsonanten. Die Chinesen haben bis neulich ein Alphabet von achttausend Buchstaben gebraucht. Aber im Anfang dieses Jahres fassten sie einen einfacheren Plan,

(*b*) 'Schiller und sein grosser Freund, Goethe', bemerkte einmal treffend der englische Biograph, T. Carlyle, 'sind, vielmehr als die Pyramiden oder das Kolosseum, wahrhaftige Weltwunder.' Goethe war der beste deutsche Dramatiker. Sein Meisterwerk 'Faust' gehört zu der unsterblichen Literatur der Welt.

(٧) صرف چار کي مثالين پيش کرو :— ٨

براعة الاستهلال - المجاز المرسل - الاستعارة المطلقة الايجاز - ارسال المثل *

(٨) کسي تين بيتون کي بحرين اور قافيے بتاو اور ان کي ١٣ تقطيع کرو :—

ستُبدي لك الايّام ما كنت جاهلاً
و يأتيك بالاخبار من لم تزوّد
جراحاتُ السّنانِ لها الْتِئامُ
و لا يلتئامُ ما جرح اللسانُ
حمداً لربّ قاهرِ السلطانِ
فردٍ مليكٍ با هو البرهانِ
من رُزِقَ ألعقلَ فذو نعمةٍ
آثارها واضحةٌ ظاهرة
و كنّا لغدّك للذائباتِ
فها نحن نطلب منك الامانا

(۳) (الف) عرب کے شعرا اپنے قصائد میں کن امور کا ذکر کرتے تھے اور کامیاب شعراء کے لئے کن باتوں کا لحاظ ضروری تھا * ۱۴

(ب) ذیل کے شعر کیوں معیوب سمجھے گئے ہیں :—

کأنّ عیونهنّ عیون عینٍ
واصبح رأسه مثلَ اللّجینِ
تراك امکنةٍ اذا لم ارضها
او یعتلق بعضَ النفوسِ حمامُها

(۴) "اذا تضمّن المبتدأ معنی الشرط جاز دخول الفاء علی خبرہ و ذلك علی نوعین" اس قاعدے کی شرح کرو اور جواب مثالوں کے ساتھہ دو * ۱۴

یا

"زیدٌ ضاربٌ خالداً امس" درست ہے یا نہیں ؟ جواب مفصّل لکھو - اور اسم فاعل کے اعتماد میں کونسی شرطیں لازمی ہیں ؟

(۵) ذیل کے جملوں پر اعراب لگاؤ اور انکی وجہ بیان کرو :— ۱۰
هذا زید بطّةَ - و عمرك الله - عذیرك - لا نسب الیوم و لا خلّةَ - کان ذلك اذ *

(۶) قصر کے مختلف طریقے مثالوں کے ساتھہ بیان کرو * ۲۰

یا

تشبیہ کے اقسام معہ امثلہ لکھو *

امتحان ایم - اے شعبہ فنون

سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ع

۲۲ اردی بہشت ۹ تا ۱۲ ساعت

عربي — پرچہ پنجم

نشانات — ۱۰۰

(۱) ابن قتیبہ نے شعر کے حُسن و قُبح کا جو معیار قائم کیا ہے اُس پر بحث کرو * ۱۴

(۲) و تقول بوزع قدد بیت علی العَصا ۸

هلّا هزئت بغیـــرنا یا بوزعُ

اس شعر کے متعلّق کونسا واقعہ ہے اور یہ شعر تمہاري نظر میں کیسا ہے *

یا

و کاسٍ شربتُ علـــی لـذّةٍ

و اُخرای تداویتُ منهـــا بها

دَعْ عنك لومي فانّ اللوم اغراء

و داوني بالّتي کانت هي الداء

اِن دو بیتوں میں کونسي بیت اچھي ہے اور کیوں؟

(۵) عہد عباسي اول و دوم میں شاعري میں کیا کیا تغیرات پیدا ہو ئے ، اور ان تغیرات کے کیا اسباب تھے ؟ ابو تمام البحتري ابن الرومي کس دور کے شاعر تھے ؟ ان میں سے کسي ایک کي شاعري پر تنقیدي نظر ڈالو *

(۶) عباسي دور میں نثر کی کیا حالت رهي ؟ ابن العمید ، ابن نباته ، عماد الدین الاصبهانی کس دور کے انشاء پرداز تھے ؟ هر ایک کے اسلوب تحریر کو بیان کرو *

(۷) عہد عباسي میں علوم اسلامیه (فقه ، حدیث ، تفسیر) میں جو ترقي هوئي هے اسکو بالاجمال لکھو اور مشهور مصنفین اور ان کي تصانیف کا ذکر کرو *

(۸) فن تنقید شعر کي تاریخ لکھو اور مشهور نقادون کے نام اور ان کي تصانیف کو قلمبند کرو *

(۹) (ا) اندلس کي شاعري پر تبصره کرو اور اس کے خصوصیات لکھو *

(ب) الموحدین اور المرابطین کے عہد میں علوم و اداب کو جو ترقي هوئی هے اس کو بیان کرو *

(۱۰) جدید عربی اور اس کے مشهور انشاء پردازون کے اسالیب تحریر پر تنقیدي بحث کرو اور بتاؤ که جدید عربی قدیم عربی سے کسطرح مختلف هے *

استوجب ما هو فيه بالحنيفية و اما انت يا ابا امامة فما ادرى ما جهتك فيقول الذبيانى اني كنت مقرا بالله و حججت البيت فى الجاهلية الم تسمع قولى :

فلا لعمر الذى قدزرته حججا
و ما هريق على الانصاب من جسد
و المومن العائذات الطير تمسحها
ركبان مكة بين الغيل و السند

و قولى :

حلفت فلم اترك لنفسك ريبة
و هل يا ثمن ذوامه و هو طائع

و لم ادرك النبى صلى الله عليه و سلم فتقوم الحجة على بخلافه *

(٦) مبرد کی زندگی کے حالات اختصار سے بیان کرو - اسکی اهم تصنیفات کے نام بتاؤ اور الکامل پر ایک تنقیدي نوٹ لکھو * ٩

(٧) جاحظ کی نثر کی خصوصیات بیان کرو * ٨

بينهم في لحظك و طرفك و عليك بالصلح بين الناس مالم يستبن لك فصل القضاء و كتب عمر بن الخطاب رض الى شريح: لاتشار ولا تمار و لا تبع و لا تبتع في مجلس القضاء و لا تقض بين اثنين و انت غضبان *

(ج) ثم قام من بعده عمر بن الخطاب رضي الله تعالى عنه فمصر الامصار و خلط الشدة باللين فحسر عن ذراعيه و شمر عن ساقيه واعد للامور اقرانها و للحرب آلتها فلما اصابه قن المغيرة بن شعبة امر ابن عباس يسال الناس هل يثبتون قاتله فلما قيل له قن المغيرة بن شعبة استهل بحمد الله ان لا يكون اصابه ذو حق فى الفئ فيستحل دمه بما استحل من حقه و قد كان اصاب من مال الله بضعا و ثمانين الفا فكسر بها رباعه و كره بها كفالة اهله و ولده فادى ذلك الى الخليفة من بعده و فارق الدنيا تقيا نقيا على منهاج صاحبه رض ثم انا و الله ما اجتمعنا بعدهما الا على ظلع *

(٥) ترجمة كرو:— ١٦

و يمضي في نزهته تلك بشابين يتحادثان كل واحد منهما على باب قصر من درّ قد اعفى من البؤس و الضرّ فيسلم عليهما و يقول من انتما رحمكما الله ' و قد فعل ' فيقولان نحن الذابغتان نابغة بني جعدة و نابغة بني ذبيان فيقول ثبت الله و طأته اما نابغة بني جعدة فقد

(۴) عبارات ذیل میں سے دو کا مطلب وضاحت سے ۱۸
بیان کرو :—

(ا) و دخل رجل من محارب قیس علی عبد الله بن یزید الهلالي و هو عامل علی ارمینیة و قد بات في موضع غدیر قریب منه فیه ضفادع، فقال عبد الله للمحاربی : ما ترکتنا اشیاخ محارب ننام في هذه اللیلة لشدة اصواتها، قال المحاربی : اصلح الله الامیر انها اضلت برقعا لها فهي في بغائه، اراد الهلالي قول الاخطل :

تنقّ بلا شیء شیوخ محـــارب
و ما خلتها کانت تریش و لا تبري
ضفادع في ظلماء لیل تجاوبت
فدلّ علیها صوتها حیـة البحر

و اراد المحاربی قول الشاعر:

لکل هلالي من اللؤم برقع و لابن هلال برقع و قمیص

(ب) کتب عمر الی معاویة ’اما بعد فاني کتبت الیك بکتاب فی القضاء لم آ لك و نفسي فیه خیرا، الزم خمس خصال یسلم لك دینك و تاخذ فیه بافضل حظك، اذا تقدم الیك الخصمان فعلیك بالبینة العادلة و الیمین القاطعة، وادن الضعیف حتی یشتد قلبه و ینبسط لسانه و تعهد الغریب فانك ان لم تتعهده ترك حقه و رجع الی اهله و انما ضیع حقه من لم یرفق به و آس

(۳) تشريح كرو :— . ۲۰

(ا) ما صائب من نابل قذفت به
يد و ممرّ العقدتين و ثيـــق
له من خوافى النسرحم نظائر
و نصل كنصل الزاعبى فتيق
على نبعة زوراء ايما خطامهـا
فمتـــن و ايما عودها فعتيـــق
يا وشك قتلا منك يوم رميتنى
نوافذ لم تعلـــم لهـــن خروق
كان لم تحارب يا بثين لوانهـا
تكشـف غماها و انت صديق

(ب) و انى لارجوكم على بطء سعيكم
كما في بطون الحاملات رجاء
اخبر من لاقيت ان قد و فيتم
و لو شئت قال المخبرون اساءوا
فهلا سعيتم سعى اسرة مالك
و هل كفلائى فى الوفاء سواء
كان دنانيـــرا على قسماتهـــم
و ان كان قد شف الوجوه لقاء
لهـم اذرع باد نواشر لحمهـــا
و بعض الرجال فى الحروب غثاء

فی الحرب لله درهم و من ذا یکون اعلم بها منی او اشد لها مر اسافو الله لقد نهضت فیها و ما بلغت العشرین و لقد نیفت الیوم علی الستین و لکن لا رای لمن لا یطاع *

(ا) انا بنی نهشل لا ندعی لاب ۹

عنه و لا هو بالابناء یشرینا

ان تبتدر غایة یوما لمکرمة

تلق السوابق منا و المصلینا

پہلے شعر میں بنو نہشل بھی پڑھہ سکتے ھیں، دونو صورتوں کی توجیہ کرو، اور بتاؤ کہ بہتر صورت کونسی ھے اور کیوں؟ اور مثالیں دو *

(ب) و من اقبح الضرورة و اهجن الالفاظ و ابعد المعانی قوله -

و ما مثله فی الناس الا مملکا

ابو امه حیّ ابوه یقاربه

شعر کی تشریح کرو اور بتاؤ کہ مراد شاعر کی کیا ھے اور مبرد کی تنقید کا مطلب کیا ھے؟ اور با معنی نثر میں اس شعر کی صورت کیا ھوگی؟

(ج) امثال ذیل کی تشریح کرو:—

انه لیسرّ حسوا فی ارتغاء، روّ تحزم فاذا استوضحت فاعزم، بلغ الحزام الطبیین *

آخری مثل کے اور مرادفات بھی لکھو *

سرّب علىّ الابل اى ارسلها شيئا بعد شيء فاذا قلت سرب بكسر السين فانما هو قطيع من ظباء او بقر او شاء او نسآء او قطا قال امرؤ القيس -

فعن لنـــا سرب كان نعـــاجه

عذاري دوار فى الملاء المذيل

دوار نسك ينسكون عنده فى الجاهلية و دوّار ما استدار من الرمل و دوّار سجن اليمامة قال بعض اللصوص [و اسمه جحدر] -

كانت منازلنا التى كنابها شتى فالف بيننا دوار

يا

(ب) يا عجبا كل العجب عجب يميت القلب و يشغل الفهم و يكثر الاحزان من تظافر هو لاء القوم على باطلهم و فشلكم عن حقكم حتى اصبحتم غرضا ترمون و لا ترمون و يغار عليكم و لا تغيرون و يعصى الله فيكم و ترضون اذا قلت لكم اغزوهم فى الشتاء قلتم هذا اوان قرّ و صرّ ان قلت لكم اغزوهم فى الصيف قلتم هذه حمارّة القيظ انظرنا ينصرم الحر عنا فاذا كنتم من الحر و البرد تفرون فانتم و الله من السيف افر يا اشباه الرجال و لا رجال و يا طغام الاحلام و يا عقول ربات الحجال و الله لقد افسدتم على رايى بالعصيان و لقد ملاتم جوفى غيظا حتى قالت قريش ابن ابي طالب رجل شجاع و لكن لا راى له

امتحان ایم - اے شعبہ فنون

سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ع

۲۰ اردی بہشت ۹ تا ۱۲ ساعت

عربي — پرچہ سوم

نشانات — ۱۰۰

(۱) اردو میں ترجمہ کرو اور تشریح طلب مقامات کی تشریح لکھو :—

(ا) و قال الحسن تلقی احدهم ابیض بضّا یملخ فی الباطل ملخا ینفض مذرویه و یضرب اصدریه یقول ها اناذا فاعرفوني قد عرفناك فمقتك الله و مقتك الصالحون ،

(ب) و یروي ان رسول الله صلعم قال من کان آمنا في سَربه معافی في بدنه عنده قوت یومه کان کمن حِیزت له الدنیا بحذافیرها [کذا وقعت الروایة بفتح السین عن ابی العباس و الصواب کسرها و انما السرب بفتح السین المال الراعی] ، قوله صلعم في سَربه یقول فی مسلکه یقال فلان واسع السرب و خلی السرب یرید المسالك و المذاهب و انما هو مثل مضروب للصدر و القلب یقال خل سربه ای طریقه حتی یذهب حیث شاء و یقال ذلك للابل لانها تنسرب فی الطرقات و یقال

(٥) دو شعبون كي تفصيل مطلوب هے :-

(ا) فدفن فى المسجد الحرام حيال الموضع الذي كان فيه الحجر الاسود *

(ب) و كان رجال قومه يأتونه و يالفونه لغير واحد من الامر لعلمه و تجارته و حسن مجالسته *

(ج) العرب قد تنسب الرجل الى اخي جدّه الذي هو اشهر منه *

(د) فنظرا الى الوادى و قد اشرق و انار و الاغنام تشتمّ الاثار *

(٦) دوذون شعبون كي توضيح مطلوب هے :-

(ا) فو ثبت كل قبيلة على من فيهم من المسلمين يعذّبونهم و يفتنونهم عن دينهم *

(ب) لم يزدد قومه من الايمان الا بُعداً *

(٧) صرف ايک واقعه بيان كرنا كافي هے :-

(ا) قد سبّ الهتنا و عاب ديننا و سفّه احلامنا و ضلّل اٰباءنا فاما ان تكفّه عنا و اما ان تخلّى بيننا و بينه فانك على مثل ما نحن عليه من خلافه فنكفيك *

(ب) تفانت في نحو من سبعين سنة فى البراري لما كان بينهم من الشحناء و طلب الرياسة *

(٣) كيا واقعه هے ؟ دو شعبون كي تصريح كافي هے :—

(ا) ذلك لاشدّ ما رأيت قريشانا لوا منه قطّ *

(ب) و صدرت العرب من ذلك الموسم بامر رسول الله صلى الله عليه و سلم *

(ج) فلم يدع اكبر شرف فى الدنيا الا و قد عراهم عنه و سلبهم اياه *

(د) اختفظ احتفظ بعتبة بيتك فنعمت العتبة هي *

(٤) دو شعبون كي تشريح متعلّقات كافي هے :—

(ا) فوقفت انظر اليه فما اتقدم و ما اتأخر و جعلت اصرف وجهي عنه في آفاق السماء فلا انظر في ناحية منها الا رأيته كذلك فما زلتُ واقفا ما اتقدم امامي و ما ارجع راجع و رائى *

(ب) أرأيتكم ان عارضكم معارض فزعم انه ليس من العدل ان يمنّ عليهم برحمته دون غيرهم بغير عمل كان منهم و بغير معصية كانت من غيرهم ماذا يكون الفصل بينكم و بينه *

(ج) فتحرّكت الصخرة و تململت و بدء منها انين و حنين ثم انصدعت من بعد تمخض شديد *

(د) فجعلوا يجلسون بسبل الناس حين قدموا الموسم لا يمر بهم احد الّا حذّروه ايّاه و ذكروا لهم امره *

امتحان ایم - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۴۴ف مطابق سنه ۱۹۳۵ع

۱۸ اردی بهشت ۹ تا ۱۲ ساعت

عربي — پرچه دوم

نشانات — ۱۰۰

هدایت :— تمام سوالات کے نشان مساوي هین

(۱) صرف دو شعبون کي تحقیق مطلوب هے :—

(ا) فکانّما کتبت في قلبي کتابا *

(ب) لطم وجه الغبراء *

(ج) قد زمّا حول الماء بالاحجار *

(د) تلقته باحسن لقیان *

(۲) دو شعبون کي تشریح کافي هے :—

(ا) اذا صلّوا ذهبوا فی الشعاب *

(ب) انه خاذ له و مسلمه *

(ج) خشی ابو طالب دهماء العرب ان یرکبوه مع قومه

(د) فلما مرّبهم غمزوه ببعض القول *

(۴) (الف) بانت سعاد میں گزیر قصیدہ کا شعر بتلاو * ۲

(ب) غضیض الطرف اور ایطل کے متعلق دو شعر کسی جاهلی کے کلام سے بطور شاهد پیش کرو * ۲

(ج) نضخ و نضح کے معنے میں اشتقاقی لطافت ثابت کرو * ۲

(د) خلة - لبان کو مختلف حرکات دیکر مختلف معنے پیدا کرو * ۲

(ہ) تمام کلام عرب میں صرف دو نمونے ایسے ہیں جنمیں فَعَلَ کا مضارع اَفعَلَ واقع ہوا ہے بتاو وہ دو کونسے ہیں * ۲

(۵) (الف) مفعول کے وزن پر چار مصادر بتلاو * ۴

(ب) شعبہ ب شعر نمبر ۳ میں سعاد کو بجاے مضمر کے مظہر لانے میں کیا خوبی ہے اسکی ایک نظیر بھی بتلاو * ۴

(ج) شعبہ ب شعر نمبر ۳ النجیبات میں دوسرے روایت کیا ہے اور دونوں میں ترجیح کسکو ہے * ۴

(د) عرقوب کا کیا قصہ ہے اور اسکے متعلق کونسی مثل مشہور ہے * ۴

(ہ) صرف چار مفرد و جمع بتلاو - صیران - فرار - نہی - توأم - رحالة - اظب * ۴

شعبه (ج) (۱۳) و لقد شفى نفسي و اذهب غيضها
قيل الفوارس و يلك عنترا قدم

„ (۱۴) ايهـــا الناطق المبلّـــغ عنـــا
عند عمر و فهل لذاك انتهاء

„ (۱۵) من لنا عنده من الخيـر آيا
ت ثلث في كلهن القضـــاء

„ (۱۶) السيف اصدق انباء من الكتب
في حده الحد بين الجد و اللعب

„ (۱۷) بيض الصفائح لاسود الصحائف في
متونهن جلاء الشك و الريب

„ (۱۸) و العلم في شهب الارماح لامعة
بين الخميسين لا في السبعة الشهب

(۳) صرف دو اشعار کا موازنه کرو :— ۱۰

(ا) كذاكا نجم ليل بينهـــا قمـــر
يجلو الدجى فهوي من بينها القمر
كان بنـــي نبهـــان يوم وفاته
نجوم سماء خرّ من بينها البدر

(ب) و ما نفع من قدمات بالامس صاديا
اذا ما السماء اليوم طال انهمارها (ابو تمام)

و اعلم بان الغليث ليس بنافع
للنـــاس ما لم يات في ابانه (البتحري)

شعبه (ج) (٣) و ظلم ذوى القربى اشد مضاضة
على المرء من وقع الحسام المهند

„ (٤) ستبدى لك الايام ما كنت جاهلا
و يا تيك بالاخبار من لم تزود

„ (٥) و جلا السيول عن الطلول كانها
زبر تجـــد متونهـــا اقلامهـــا

„ (٦) صادفن منهـــا غـــرة فاصبنهـــا
ان المنايا لا تطيش سهامهـــا

„ (٧) فاذا شربت فانذـــى مستهلك
مالى و عرضى وافر لم يكلـــم

„ (٨) و اذا صحوت فلا اقصر عن ندى
و كما علمت شمائلى و تكرمى

„ (٩) لما رايت القوم اقبل جمعهـــم
يتذامرون كـــررت غيـــر مذمم

„ (١٠) يدعون عنتـــر و الرماح كانهـــا
اشطان بئـــر في لبان الادهم

„ (١١) ما زلت ارميهم بثغـــرة نحره
و لبانه حتـــى تسر بل بالدم

„ (١٢) فازور من وقع القنـــا بلبـــانه
و شكا الى بعبـــرة و تحمحم

(ب) صرف پانچ شعر کا مطلب عربی میں لکھو :— ۱۵

شعبه (ب) (۱) و ما سعاد غداة البين اذا رحلوا
الا اغن غضيض الطرف مكحول

„ (۲) كانت مواعيد عرقوب لها مثلا
و ما مواعيدها الا الاباطيـــل

„ (۳) امست سعاد بارض ما يبلغها
الا العتاق النجيبات المراسيـل

„ (۴) كل ابن انثى و ان طالت سلامته
يوما على آلة حدباء محمول

„ (۵) انبئت ان رسول الله او عدنى
و العفو عند رسول الله مأمول

„ (۶) لا تاخذني باقوال الوشاة و لم
اذنب و ان كثرت فى الاقاويل

„ (۷) ان الرسول لسيف يستضاء به
مهنـد من سيف الله مسلول

(ج) صرف دس اشعار کا اردو میں ترجمه کرو :— ۲۰

شعبه (ج) (۱) ندامای بيض كالنجوم و قينة
تروح الينا بيـن برد و مجسد

„ (۲) ارى الموت يعتام الكرام و يصطفى
عقيلـة مال الفاحش المتشدد

امتحان ایم - اے شعبه فنون

سنه ۱۳۴۴ف مطابق سنه ۱۹۳۵ع

۱۶ اردی بهشت ۹ تا ۱۲ ساعت

عربي — پرچه اول

نشانات — ۱۰۰

(۱) بانت سعاد یا لامیة العرب پر ایک نظر ڈالو *

(۲) (الف) ذیل کے اشعار میں سے پانچ شعر کي ۱۵
شرح لکھو:—

شعبه (ا) (۱) ادیم مطال الجوع حتی امیته
و اضرب عند الذکر صفحا فاذهل

„ (۲) و استف ترب الارض کی لا یری له
علی من الطول امرء متطول

„ (۳) و اعدم احیانا و اغنی و انما
ینال الغنی ذو البعدة المتبذل

„ (۴) فلا جزع من خلة متکشف
و لا مرح تحت الغنی أتخیل

„ (۵) و لا تزدهی الاجهال حلمی و لا اری
سوء و لا باعقاب الاقاویل انمل

„ (۶) و فی الارض منأي للکریم عن الاذي
و فیها لمن خاف القلی متعزل

„ (۷) اقیموا بني امی صدور مطیکم
فانی الی قوم سواکم لامیل

حصۂ دوم

۸ — ستاروں کی اندرونی ساخت پر مختصر مضمون لکھو۔ اور بتاؤ کہ یہ معلومات کن مشاہدات کے ذریعہ حاصل ہوئے ہیں۔

۹ — قیفاؤسی متغیروں (Cepheid variables) سے کیا مراد ہے؟ مثال دیکر سمجھاؤ کہ ان کے تغیر کے وقت دوران معلوم کرکے کوکبی کرۂ ہی خوشوں (Globular clusters) اور دوسرے بہت دور کے کوکبی گروہوں کے فاصلوں کی کس طرح تخمین ہوئی ہے؟

۱۰ — سرخ دیوہیکل ستاروں (Red giants) اور سفید بَونے ستاروں (White dwarfs) کی تپش اور کثافت کے متعلق جدید انکشافات بیان کرو۔

رسل کے نقشہ (Russell diagrams) میں ان ستاروں کو کیا اہمیت حاصل ہے؟

۱۱ — حالیہ مشاہدات کے لحاظ سے لولبی سحابوں (Spiral nebulæ) کی ساخت، ان کے فاصلوں اور رفتاروں پر ایک مختصر مضمون لکھو اور بتاؤ کہ ان مشاہدات کی وجہ سے فضاء کے خواص اور کائنات کی عمر کے نظریوں میں کیا پیچیدگیاں پیدا ہوگئی ہیں۔

۱۲ — استوائی (equatorial) دوربین کی تشریح کرو۔ اسکے مشاہدات میں کن خطاؤں کا احتمال ہے اور یہ خطائیں کس طرح ساقط کی جاتی ہیں۔

ایک مقام کا عرض بلد ۴۵° شمال ہے، ایک دن میں انعطاف کی وجہ سے کسی ستارہ کے ظاہری میل کے تغیرات بیان کرو۔
جدولوں سے معلوم ہے کہ ارتفاع ۵° پر انعطاف = ۹′ ۴۷″

۴ — (۱) سیاروں کی سیدھی اور رجعی حرکت کی توجیہ کرو اور ان کے مدار پر کے نقاط سکون کے متعلق بحث کرو۔
(۲) زہرہ کا دور اقترانی ۵۸۴ دن ہے، سیارہ کا کوکبی وقت دریافت کرو۔

۵ — (۱) بتاؤ کہ چاند کا اختلاف منظر کیونکر دریافت کیا جاتا ہے۔
(۲) بتاؤ کہ چاند اور سورج گرہن کے لئے خسوفی حدود کیونکر معلوم کئے جاتے ہیں۔ نیز دریافت کرو کہ چاند گرہن کی زیادہ سے زیادہ مدت کیا ہو سکتی ہے۔

۶ — (۱) وقت کی مساوات کی تعریف کرو اور دکھاؤ کہ
(شام کا طول) − (صبح کا طول) = دو چند وقت کی مساوات
(۲) ناٹیکل المانک کی مدد سے، حیدرآباد کے طول بلد پر، ۱۵ اپریل کو شام کے ۸ بجے کے مماثل، کوکبی وقت دریافت کرو۔

۷ — (۱) آلہ سدس کو بیان کرو اور بتاؤ کہ سطح سمندر پر جہاز کا مقام معلوم کرنے کے لئے اسے کیونکر استعمال کرتے ہیں۔
(۲) ذیل کے موضوعات میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھو۔
ایروسس، کیلنڈر، دوری دمدار تارے، نقطۂ رأس الحمل۔

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون سنہ ۱۳۴۴ف مطابق سنہ ۱۹۳۵ء

۲۸ مرداد ۱۰ تا یک ساعت

ریاضی پرچۂ ششم. نشانات (۱۰۰)

ہدایت:۔ صرف سات سوال حل کئے جائیں۔ حصۂ اول سے زیادہ سے زیادہ پانچ سوال کئے جائیں اور حصۂ دوم سے زیادہ سے زیادہ دو۔

حصۂ اول

۱ ۔ (ا) ثابت کرو کہ دو بڑے دائروں کے درمیان کا زاویہ (۱) مساوی ہے اُس قوس کے جو یہ ایک ایسے بڑے دائرہ سے قطع کرتے ہیں جس کے لحاظ سے یہ بڑے دائرے، ثانوی ہیں (۲) مساوی ہے اِن کے قطبین کے درمیان کے زاوی فاصلہ کے۔

(ب) عرض بلد ۴۵° پر مشاہدہ ہے، ۲۱ مارچ کو طلوع کے وقت لمس الشمس کا مقام شکل میں دکھاؤ۔

۲ ۔ (ا) بتاؤ کہ زمین کے نصف قطر کی مقدار کیونکر معلوم کیجاتی ہے۔

(ب) ایک پہاڑی کی چوٹی سے جو ۱۰۵۶ فٹ بلند ہے، افق کا اصلہ دریافت کرو۔

۳ ۔ انعطاف اور شفق کی تعریف کرو۔

بتاؤ کہ بریڈلے کے طریقہ سے، انعطاف کا مستقل کیونکر معلوم کیا جاتا ہے

سہاروں ا اور ا۴ پر دباؤ اور ڈھانچہ کی مختلف سلاخوں میں دباؤ دریافت کرو۔

۱۱۔ ایک افقی سلاخ پر کسی قسم کے انتصابی وزن رکھے ہوئے ہیں تو ثابت کرو کہ ز = $\frac{\text{فر}_{\text{ھ}}}{\text{فر}_{\text{لا}}}$ اور $\frac{\text{فر}_{\text{ز}}}{\text{فر}_{\text{لا}}}$ = ۔ لا جہاں ز انتصابی جزی زور ہے ھ زیر غور نقطہ پر فماؤ کا معیار اثر اور زیر غور نقطہ پر لا فی اکائی طول انتصابی وزن۔

ایک افقی سلاخ ا ب کا طول ۱۸ فٹ ہے اور اسے نقاط ا اور ب پر سہارا گیا ہے۔ ج اور د اس پر ایسے دو نقطے ہیں کہ ا ج = ۶ فٹ ا د = ۱۰ فٹ نقاط ج اور د پر ۴ اور ۵ ٹن کے بوجھ رکھے گئے ہیں اور ا سے ج تک ایک ٹن فی فٹ کا مسلسل وزن ہے اور ج سے د تک ۵ ر۰ ٹن فی فٹ کا اور د سے ب تک ۲ ٹن فی فٹ کا مسلسل وزن۔ جزی زور اور گھماؤ کے معیار اثر کے منحنی پوری سلاخ کے لئے کھینچو۔

رفتار سے مخالف سمت میں حرکت کر رہی ہیں ٹیڑھی ٹکراتی ہیں اور سمت حرکت مرکزوں کو ملانے والے خط سے ۴۵° کا زاویہ بناتی ہے۔ ثابت کرو کہ توانائی کا نقصان سیدھی ٹکر کی صورت میں توانائی کے نقصان کا نصف ہے۔

۸۔ ایک ذرہ چکنے بیضی پر حرکت کر رہا ہے۔ حرکت کی مساواتیں دریافت کرو اور ثابت کرو کہ توانائی بالفعل اور بالقوہ کا مجموعہ مستقل رہتا ہے۔

ایک وزنی ذرہ نصف قطر ل کے انتصابی دائرہ میں آزادانہ حرکت کر سکتا ہے۔ ذرہ کو دائرہ کے زیر ترین نقطہ ا سے رفتار ع کے ساتھ پھینکا جاتا ہے۔ اور یہ نقطہ ب تک عین پہنچتا ہے۔ توانائی کے اصول سے ثابت کرو کہ ع = $\sqrt{\frac{ج}{ل}}$ × (ا ب)

۹۔ ایک فٹ پونڈ کام میں ارگ کی تعداد معلوم کرو جبکہ ۱ کلوگرام = ۲۰۴۶ ر۲ پونڈ، ایک میٹر = ۳۷ ر۳۹" اور ج = ۹۸۱ اکائیاں۔

ایک ۳۰۰۰۰ ٹن کا جہاز جس کے انجن ۴۰۰۰۰ اسپی طاقت کے ہیں ۲۵ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چل رہا ہے۔ انجن کا تمام کام جہاز کی حرکت کے خلاف مزاحمت پر غالب آنے میں صرف ہو تو فی ٹن مزاحمت دریافت کرو۔

۱۰۔ ایک ڈھانچہ ا ا۲ ا۲ ا۴ چار ہلکی سلاخوں پر مشتمل ہے اور اسے ایک سلاخ ا ا۳ سے سہارا گیا ہے۔ ڈھانچہ کو انتصابی مستوی میں نقطہ ا اور ا۴ پر سہارا گیا ہے۔ ا ا۴ افقی ہے۔ ا ا۲، ا۲ ا۳، ا۳ ا۴، ا۴ ا۲ کے طول بالترتیب ۳، ۲، ۳، ۴ فٹ ہیں ا ا۴ اور ا۲ ا۳ متوازی ہیں ا ا۲ اور ا۳ ا۴ خط ا ا۴ سے مساوی زاویہ بناتے ہیں۔ اگر سروں ا۲ اور ا۳ پر وزن ۱۰ اور ۵ ہنڈریڈ ویٹ رکھے جائیں تو ترسیمی طریقہ سے

بلندی کا تین گنا ہے۔ زاویہ رمی دریافت کرو۔ نیز اگر اس زاویہ رمی پر ٹپہ ۴۰۰۰ گز ہو تو رفتار رمی اور کل وقت حرکت دریافت کرو۔

۵۔ (ا) ایک لچک دار کمانی کا طول ل ہے اور یہ ایک ثابت نقطہ و سے لٹک رہی ہے ایک ذرہ م کمانی کے آزاد سرے سے باندھکر چھوڑ دیا جاتا ہے ثابت کرو کہ اہتزازی حرکت سادہ موسیقی ہوگی۔ نیز اہتزازی حرکت کا مرکز اور حیطہ دریافت کرو۔

(ب) کسی سیارہ کی سطح پر اسراع جاذبہ کی قیمت کمیت کے بالراست اور قطر کے مربع کے بالعکس بدلتی ہے۔ اس سیارہ کی سطح پر ثانیہ رقاص کا طول معلوم کرو جس کی کمیت زمین کی کمیت کا ۱۰۰ گنا ہے اور قطر زمین کے قطر کا ۴ گنا ہے۔

۶۔ ایک ذرہ منحنی میں حرکت کر رہا ہے۔ عمادی اور مماسی اسراع دریافت کرو۔

اگر ایک ذرہ نصف قطر ر کے دائرہ میں یکساں رفتار سے حرکت کرے اور ن ثانیوں میں ایک گردش کرے تو ثابت کرو کہ اس کا اسراع مرکز کی جانب $\frac{۴\pi^۲ ر}{ن^۲}$ ہوگا۔

اگر دن کا طول صرف ایک گھنٹہ ۲۰ منٹ ہوتا تو ثابت کرو کہ استوا پر ظاہری جاذبہ کا اسراع بجائے نیچے کے اوپر کی جانب ہوتا۔ زمین کا محیط ۴۰۰۰۰ کلومیٹر تقریباً اور ج = ۹۸۰ گرام سمر ثانیہ اکائیاں مان لی جائیں۔

۷۔ دو جسموں کی ٹیڑھی ٹکر کے بعد ان کی رفتاریں اور سمت حرکت دریافت کرو۔ نیز ثابت کرو کہ ٹکر سے توانائی بالفعل کا نقصان ہوتا ہے۔

دو مساوی چکنی بلیرڈ کی گیندیں جن کی لچک کی قدر ل ہے اور مساوی

باندھکر مائل سطحوں پر رکھ دیا ہے۔ ڈوری مشترک چوٹی پر چرخی پر سے گزرتی ہے۔ اگر م نیچے کی طرف اترے تو اسراع دریافت کرو۔

دو چرخیوں میں سے ہر ایک کی کمیت م ہے اور انہیں ڈوری سے باندھکر ایک ثابت چرخی پر سے لٹکا دیا گیا ہے ایک متحرک چرخی پر سے ڈوری کے ذریعہ کمیتیں ۲م اور ۳م لٹک رہی ہیں اور دوسری متحرک چرخی پر سے کمیتیں م اور ۴م۔ اگر نظام حرکت کرے تو ثابت کرو کہ ہر متحرک چرخی کا اسراع $\frac{۴ج}{۲۵}$ ہوگا۔

۳۔ ایک جسم جس کی کمیت م ہے رفتار ر سے حرکت کر رہا ہے۔ ثابت کرو کہ حرکت کی وجہ سے رکنے تک وہ $\frac{۱}{۲}$ م ر۲ کام کریگا۔

ایک ہتوڑا کمیت ۱۴ اونس، رفتار ۱۶ فٹ فی ثانیہ سے حرکت کرتے ہوئے ایک بے لچک کیلے کو جس کی کمیت ۲ اونس ہے، لکڑی کے کندے میں جس کی کمیت ۲۰ پونڈ ہے اور جو چکنے افقی مستوی پر حرکت کر سکتا ہے دھساتا ہے۔ اگر کیلے کے مخالف لکڑی کی اوسط مزاحمت ۵۰ پونڈ وزن کے مساوی ہو تو بتاؤ کہ کیلا کسقدر اندر گھسیگا اور لکڑی کے کندے کی آخری رفتار کیا ہوگی۔

۴۔ اگر ہوا کی مزاحمت کو نظر انداز کر دیا جائے تو ثابت کرو کہ مائل سطح پر جس کا افق سے زاویہ فراز بہ ہے ایک مری کا ٹپہ جو مائل سطح سے زاویہ عہ پر پھینکا جائے دٹ قط بہ (۱ ـ مس عہ مس بہ) ہوگا جہاں دٹ افقی مستوی پر اس مری کا ٹپہ ہے جو اسی رفتار سے افق سے زاویہ عہ پر پھینکا جائے۔

ایک ذرہ کو افق سے ایسے زاویہ پر پھینکا جاتا ہے کہ افقی ٹپہ اعظم انتصابی

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون سنہ ۱۳۴۴ فصلی سنہ ۱۹۳۵ء

(۱۰)

۲۷ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

(۱۰)

ریاضی پرچہ پنجم نشانات (۱۰۰)

ہدایت:۔ سات مکمل سوالوں کے جواب سے پورے نشانات حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

۱۔ ایک ذرہ ایک خط مستقیم میں ابتدائی رفتار و اور مستقل اسراع سے حرکت کررہا ہے۔ جب اسکی رفتار ۵ و ہوتی ہے تو اسکی اسراع کی سمت مخالف کردی جاتی ہے لیکن مقدار میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ ثابت کرو کہ جب ذرہ ابتدائی مقام پر واپس آتا ہے اسوقت اسکی رفتار $-\sqrt{7}$ و ہے۔

ایک ریل گاڑی سکون سے شروع کرکے پہلے چوتھائی میل تک مستقل اسراع سے حرکت کرتی ہے۔ پھر $\frac{3}{4}$ میل تک محصلہ رفتار سے حرکت کرتی رہتی ہے اس کے بعد $\frac{1}{8}$ میل تک مستقل ابطاء کے زیر اثر گاڑی رک جاتی ہے۔ اگر پورے سفر میں کل وقت ۵ منٹ لگے تو اسراع اور ابطاء معلوم کرو۔

۲۔ دو کھردری مائل سطحوں کی چوٹی مشترک ہے اور ان کے میلان افق سے عہ اور بہ ہیں۔ دو ذروں م اور م' کو ڈوری کے ذریعہ

زیادہ سے زیادہ $\frac{1}{3}$ گنا ہو سکتا ہے۔

۱۱۔ دو گیسوں کو جن کے حجم ح، اور ح، اور دباؤ د، اور د، باہم ملا کر ایک ایسے ظرف میں ڈالا گیا ہے جس کا حجم ح ہے۔ اگر تپش نہ بدلے تو آمیزہ کا دباؤ محسوب کرو۔

ہوا کا ایک بلبلہ جس کا حجم پارہ کے ۳۰ انچ دباؤ پر ایک مکعب انچ ہے بارپیما کی نلی کے اندر چلا جاتا ہے نلی کی عمودی تراش کا رقبہ ایک مربع انچ ہے اور اس کی خلا کا طول ایک انچ ہے۔ بتاؤ کہ پارہ کتنا نیچے اتر جائیگا۔

۱۲۔ ن ویں ضرب سے ایک معمولی پمپ کے نل کی جس بلندی میں پانی چڑھ جاتا ہے اس کو محسوب کرو۔ جب پانی معمولی پمپ کے دہانہ تک پہنچ جائے تو بتاؤ کہ اس کے بعد کی ہر ایک ضرب میں کتنا کام کرنا پڑتا ہے۔

ایسا کرنے میں کرہ ہوائی کے دباؤ کو نظر انداز کرو۔

ایک مجوف مخروط افقی میز پر قاعدہ کے بل پڑا ہے، اگر اس مخروط کو پانی سے بھر دیا جائے تو مخروط کے قاعدے پر کے دباؤ کی نسبت اُس پانی کے وزن کے ساتھ معلوم کرو جو مخروط کے اندر ہے۔

۸۔ ایک مستوی رقبہ پر کے دباؤ کے مرکز کی تعریف کرو۔

ایک مستوی رقبہ کو کسی متجانس الاجزاء مائع کے اندر غرق کیا گیا ہے، اس کے مرکز ثقل کی گہرائی ل اور دباؤ کے مرکز کی گہرائی ب ہے، اگر اس رقبہ کو بغیر گھمانے کے اور نیچے کر دیا جائے تو دباؤ کے مرکز کا نیا مقام دریافت کرو۔

۹۔ ایک سطح پانی کے اندر غرق کی گئی ہے، اس پر کا حاصل اُفقی دباؤ کسی خاص سمت میں دریافت کرو۔

ایک ٹھوس، قائم، مستدیر مخروط پانی کے اندر اس طرح رکھا گیا ہے کہ اس کا محور متوازی الافق ہے اور اس کے محور کی گہرائی پانی کی سطح کے نیچے گ ہے، محور میں سے گزرنے والی ایک انتصابی سطح مخروط کو دو حصوں میں تقسیم کرتی ہے، مخروط کے ایک نصف پر کا افقی مجموعی دباؤ دریافت کرو۔

۱۰۔ مرکز مابعد کی تعریف کرو۔ نیز ثابت کرو کہ ایک تیرنے والے جسم کو قائم توازن کی حالت میں رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ اس کے مرکز ثقل کو اتنا نیچے رکھا جائے جتنا کہ ممکن ہو۔

ایک نصف کرہ اور ایک قائم مخروط کے مستوی رُخ برابر ہیں ان مساوی رُخوں کو جوڑنے سے ایک جسم بنایا گیا ہے، یہ جسم پانی کے اندر اس طرح تیرتا ہے کہ اس کی کروی سطح کا کچھ حصہ پانی کے اندر غرق ہے، ثابت کرو کہ جسم کے توازن کو قائم رکھنے کے لئے مخروط کا ارتفاع قاعدہ کے نصف قطر کا

۳ - اگر ایک جسم استوار پر ایک سطح میں قوتوں کا کوئی نظام عمل کرے تو ثابت کرو کہ وہ ایک قوت واحد - یا ایک جفت میں تحویل ہو سکتا ہے -

ایک مربع کو دو چکنی کھونٹیوں کے درمیان اس طرح رکھا گیا ہے کہ اس کی سطح انتصابی ہے کھونٹیاں خط افقی میں ایک دوسرے سے فاصلہ ج پر واقع ہیں اور مربع کا ضلع ۲ ا ہے ثابت کرو کہ مربع اس وقت متوازن ہوگا جب اس کے ایک کنارے کا میلان افق سے ۴۵° یا $\frac{1}{2}$ جب $\frac{۲ا^۲ - ج^۲}{ج^۲}$ ہو۔

۴ - ایک ٹھوس نصف کرہ کا مرکز ثقل دریافت کرو۔

ایک نصف کرہ ایک ایسے کرہ کی سطح پر متوازن ہے جس کا نصف قطر نصف کرہ کے نصف قطر کے برابر ہے ثابت کرو کہ جسم کا توازن بالترتیب قائم یا غیر قائم ہوگا بمطابق اس کے کہ نصف کرہ کی سطح مستوی یا سطح منحنی کرہ کی سطح پر رکھدیجائے۔

۵ - معمولی تک کو بیان کرو اور بتاؤ کہ اس کی درجہ بندی کیونکر کی جاتی ہے - ایک دوکاندار ایک معمولی تک استعمال کرتا ہے اور اس کا حرکت پذیر وزن بدل دیتا ہے - تو معلوم کرو کہ ایسا کرنے سے دوکاندار کو نقصان ہوگا یا خریدار کو۔

۶ - انتہائی فرک کے قوانین بیان کرو - نیز قدر فرک کی تعریف بتاؤ۔

دو مساوی سلاخوں کو باہم وصل کرنے سے ایک مربع کے دو اضلاع بنائے گئے ہیں ہر ایک سلاخ کا طول ۲ ا ہے اور ان میں سے ایک ایک کھردری کھونٹی پر ٹکی ہوئی ہے - ثابت کرو کہ سلاخ کے نقطہ وسط سے نقاط تماس کے انتہائی فاصلے $\frac{ا}{۲}$ (۱ ± ر) ہیں جہاں ر قدر فرک ہے -

حصہ دوم

۷ - ایک وزنی متجانس مائع کی کسی مفروضہ گہرائی پر دباؤ دریافت کرو،

امتحان بی۔اے و بی۔ایس سی۔ شعبۂ فنون سائنس ۱۳۴۴ف سنہ ۱۹۳۵ء

۲۶ اردی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

ریاضی پرچہ چہارم نشانات بی۔ایس سی (۸۰) / بی۔اے (۱۰۰)

ھدایت:۔ صرف سات سوال کئے جائیں کسی حصّہ سے چار سے زیادہ نہ ہوں۔

حصّہ اول

۱۔ دو قوتیں نقطہ و پر وا اور وب کی سمتوں میں عمل کرتی ہیں اور مقدار میں لہ × وا اور مہ × وب سے تعبیر ہوتی ہیں، تو ثابت کرو کہ اُن کا حاصل (لہ + مہ) × وج سے تعبیر ہوگا۔ جہاں ج، اب پر کا ایسا نقطہ ہے کہ لہ × ج ا = مہ × ج ب۔

ایک ذوالاربعۃ الاضلاع کے اندر ایک ایسا نقطہ معلوم کرو کہ اگر اس نقطہ کو ذوالاربعۃ الاضلاع کے راسوں سے ملایا جائے تو ان ملانے والے خطوں سے تعبیر ہونے والی قوتوں کے زیر عمل نقطہ مذکور ساکن رہے۔

۲۔ ایک استوار جسم پر دو موافق متوازی قوتیں عمل کرتی ہیں۔ اُن کا حاصل معلوم کرو۔

تین متوازی قوتیں ف، ق، ر ایک مثلث کے راسوں ا، ب، ج پر عمل کرتی ہیں اور بالترتیب اَ، بَ، جَ کے متناسب ہیں، ثابت کرو کہ اُن کا حاصل مثلث کے اندرونی دائرہ کے مرکز میں سے گزرتا ہے۔

(۱) اگر ما = ا جم (لوک لا) + ب جب (لوک لا) تو ثابت کرو کہ

$$\text{لا}^{۲} \frac{\text{مر}^{۲} \text{ما}}{\text{مر لا}^{۲}} + \text{لا} \frac{\text{مر ما}}{\text{مر لا}} + \text{ما} = ۰$$

(۲) اُ ب کو مساوات ی = اُ لا + ب ما - ر ب سے ساقط کرو۔

۹- بتاؤ کہ رتبہ اول درجہ اول کی تفرقی مساوات ہندسی طور پر کیا تعبیر کرتی ہے۔ ذیل کی کسی دو تفرقی مساواتوں کو حل کرو۔

(۱) (ا + ما^{۲}) مر لا - لا ما (ا + لا^{۲}) مر ما = ۰

(۲) (ما^{۲} - ۲ لا ما) مر لا = (لا^{۲} - ۲ لا ما) مر ما

(۳) $\text{لا} \frac{\text{مر ما}}{\text{مر لا}} + \frac{\text{ا - لا}^{۲}}{\text{ا + لا}^{۲}} \text{ما} = \text{ا}$

۱۰- ذیل کی کسی دو تفرقی مساواتوں کو حل کرو۔

(۱) $(\text{لا} - \text{اُ}) \left(\frac{\text{مر ما}}{\text{مر لا}}\right)^{۲} + (\text{لا} - \text{ما}) \frac{\text{مر ما}}{\text{مر لا}} - \text{ما} = ۰$

نیز نادر حل بھی دریافت کرو۔

(۲) $\frac{\text{مر}^{۲} \text{ما}}{\text{مر لا}^{۲}} - \text{م}^{۲} \text{ما} =$ جمز م لا + جم م لا

(۳) $\text{لا}^{۳} \frac{\text{مر}^{۳} \text{ما}}{\text{مر لا}^{۳}} + ۳ \text{لا}^{۲} \frac{\text{مر}^{۲} \text{ما}}{\text{مر لا}^{۲}} + \text{لا} \frac{\text{مر ما}}{\text{مر لا}} + \text{ما} = \text{لا} +$ لوک لا

۱۱- (ا) وہ منحنی دریافت کرو جس میں اس مثلث کا رقبہ جو منحنی کے کسی نقطہ پر کے مماس اور محوروں کے درمیان گھرا ہوا ہو مستقل ہو۔

(ب) ثابت کرو کہ منحنیات رم = اُ^{م} جم م طہ کے علی القوائم خطوط راہی کا قبیل رم = ب^{م} جب م طہ سے تعبیر ہو گا۔

$$\frac{\text{لا}^{۲}+۷}{\text{لا}^{۴}+۲\text{لا}+۳}\,،\quad \sqrt{۲\text{ر لا}-\text{لا}^{۲}}\,،\quad \frac{\text{لا}}{(\text{لا}+۱)^{۲}(\text{لا}-۱)}$$

اور ثابت کرو کہ $\int_{\text{صفر}}^{\text{ر}} \text{لا}^{۴}\sqrt{\text{ر}^{۲}-\text{لا}^{۲}}\,\text{ولا} = \frac{۳\pi\,\text{ر}^{۶}}{۳۲}$

۴۔ (ا) ثابت کرو کہ $\int_{\text{صفر}}^{\text{ا}} \text{ف}(\text{لا})\,\text{ولا} = \int_{\text{صفر}}^{\text{ا}} \text{ف}(\text{ا}-\text{لا})\,\text{ولا}$

اسے ہندسی مفہوم پہناؤ۔

(ب) $\int_{\text{صفر}}^{\infty} \frac{\text{ولا}}{(\text{لا}^{۲}+\text{ا}^{۲})^{۳}}$ اور $\int_{\text{ا}}^{\text{ب}} \frac{\text{ولا}}{\sqrt{(\text{لا}-\text{ا})(\text{ب}-\text{لا})}}$ کو محسوب کرو۔

۵۔ ما ^{۲} (ا۔لا) = لا^{۲} (ا + لا) کو مرتسم کرو اور (۱) اس کے حلقہ کا رقبہ دریافت کرو (۲) منحنی اور متقارب کے درمیان کا رقبہ دریافت کرو۔

۶۔ $\int_{\text{صفر}}^{\text{ما}}$ ف (لا، ما) فرلا فرما کی تعریف کرو۔

یکساں کثافت کا ایک قطع ناقص ہے، اس کے ایک مربع کا مرکز ثقل دریافت کرو۔

۷۔ اگر ایک گردشی سطح کا حجم اور سطح منحنی ح اور س سے تعبیر ہوں تو ثابت کرو کہ ح = $\int_{\text{صفر}}^{\text{لا}_{۱}} ۳\pi\,\text{ما}^{۲}\,\text{فرلا}$ اور س = $\int_{\text{صفر}}^{\text{س}_{۱}} ۲\pi\,\text{ما}\,\text{فرس}$

جہاں س کمون منحنی کی قوس ہے۔

ر = ا (۱ + جم طہ) کو مرتسم کرو۔ اگر یہ منحنی ابتدائی خط کے گرد حرکت کرکے مجسم پیدا کرے تو اس مجسم کا حجم اور منحنی سطح دریافت کرو۔

۸۔ معمولی اور جزوی تفرقی مساوات کی تعریف کرو اور مثالوں سے ان کا فرق بتاؤ۔

امتحان بی۔اے و بی۔ایس سی شعبۂ سائنس سنہ ۱۳۴۴ف سنہ ۱۹۳۵ء

۲۵ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

ریاضی پرچہ سوم نشانات بی۔اے (۱۰۰) بی ایس سی (۸۰)

اطلاع ۔صرف سات سوال حل کئے جائیں ۔

۱۔ (ا) ثابت کرو کہ ن صغاریوں کے حاصل جمع کی انتہا نہیں بدلتی جبکہ ن لاتناہی ہوجائے، اگر ہر صغاریہ کی بجائے ایک اور ایسا صغاریہ رکھ دیا جائے جس کا صدر حصہ وہی ہو، بشرطیکہ صغاریوں کی علامت ایک ہی ہو۔

(ب) $\frac{1}{\lfloor 2ن-1^2} + \frac{1}{\lfloor 4ن-2^2} + \frac{1}{\lfloor 6ن-3^2} + \dots$

$$+ \dots \frac{1}{\lfloor 2ن^2-ن^2}$$

کی انتہا محسوب کرو جبکہ ن لاتناہی کی طرف مائل ہو۔

۲۔ (ا) ف (لا) فرلا کا مفہوم سمجھاؤ اور ثابت کرو کہ

(ب) $\lim_{لا \to ب} ف(لا) \text{ فرلا} = ف(ب) - ف(ب)$ جہاں $\frac{\text{فرفہ (لا)}}{\text{فرلا}} = ف(لا)$

$\lim_{لا \to ب} \frac{\text{فرلا}}{\lfloor ا + ب لا^2}$ اور $\lim_{لا \to ب} \frac{\text{فرلا}}{ا + ب \text{ جم لا}}$ کو تکمل کرو۔

۳۔ ذیل کے جملوں میں سے کسی دو کو تکمل کرو۔

۱۱-(ا) ایک مستقل طول (ل) والا خطِ مستقیم اس طرح حرکت کرتا ہے کہ اس کے دونوں سرے بالترتیب دو علی القوائم خطوط مستقیم پر رہتے ہیں۔ اس خط مستقیم کا لفاف معلوم کرو۔

(ب) منحنی

$$\text{ما}^{\text{ن}} = \text{ا}^{\text{ن}-1}\ \text{لا}$$

پر کے نقطہ (لا، ما) پر زیر مماس اور زیر عماد کا طول معلوم کرو۔

جب$^{-1}$ $\frac{۲\sqrt{لا}}{۱+لا}$ ، $\frac{لا^{\frac{3}{2}}\sqrt{۱+لا^{۲}}}{۳}$ ، $\frac{\text{مس}^{۲}لا}{۲}$ ـ مس لا + لوک (جب لا)

(ب) ثابت کرو کہ ما = ف (لا) اور ما = $\frac{۱}{ف'(لا)}$ دونوں ذیل کی مساوات کو پورا کرتے ہیں :

$\frac{ر^{۲}ما}{ر لا^{۲}}\{ف'(لا)\}^{۲}ف''(لا) - \frac{ر^{۲}ما}{ر لا}\left[\{ف'(لا)\}^{۲}ف''(لا) - ف'(لا)\{ف''(لا)\}^{۲}\right] - ما\{ف'(لا)\}^{۳} =$

۸ - (ا) ذیل کے تفاعلوں میں سے ہر ایک کے لئے میکلارن کے پھیلاؤ میں ن رقموں کے بعد باقی کا روپہ دریافت کرو جبکہ ن لاتناہی کی طرف مائل ہوتا ہے :

(ا) جب لا، (اا) لوک (۱ + لا)

(ب) میکلارن کے مسئلہ کو استعمال کرکے قوجب$^{-1}$ لا کے پھیلاؤ میں لا^{ن} کا سر معلوم کرو۔

۹ - (ا) حسبِ ذیل مسئلہ کو احتیاط کے ساتھ ثابت کرو :-

اگر ایک تفاعل ف (لا) بند وقفۂ (ا، ب) میں معلوم ہے اور اس وقفہ میں کے ایک نقطہ ج پر اعظم یا اقل قیمت رکھتا ہے تو ف' (ج) کو صفر ہونا چاہیئے بشرطیکہ یہ موجود ہو۔

(ب) اگر لا^{۳} + ما^{۳} - ۳ ا لا ما = ۰ اور ا > ۰ تو ثابت کرو کہ لا = (۲)$^{\frac{1}{3}}$ ا کے لئے ما کی اعظم قیمت ہے

۱۰ - ذیل کے منحنیوں کی ترسیم کرو :-

(ا) ما (ا^{۲} + لا^{۲}) = ا^{۲} لا

(اا) ر = $\frac{\text{طا}^{۲} + \text{جم طا}}{\text{طا}^{۲} - \text{جم طا}}$

اور عمادی مساوات ما جم^{۲} طہ - لا جب^{۲} طہ = ۲ ج مم$_{۲}$ طہ ہے۔

(ب) اگر نقطوں طہ = عہ، طہ = بہ، طہ = جہ پر کے عماد ایک ہی نقطہ میں سے گزریں تو ثابت کرو کہ

جب^{۲} (بہ + جہ) + جب^{۲} (جہ + عہ) + جب^{۲} (عہ + بہ) = ۰

۴۔ مساوات

۵ (لا^{۲} + ما^{۲}) - ۶ لا ما + ۱۰ ما - ۶ لا + ۱ = ۰

کو سادہ ترین شکل میں تحویل کرو اور ثابت کرو کہ یہ مساوات ایک ناقص کو تعبیر کرتی ہے جس کا ایک صدری محور دوسرے کی بہ نسبت دو چند ہے۔

نیز ان محوروں کی مساواتیں دریافت کرو۔

۵۔ (ا) دو خطوطِ مستقیم $\frac{\text{لا}}{\text{ل}_{۱}} = \frac{\text{ما}}{\text{م}_{۱}} = \frac{\text{ی}}{\text{ن}_{۱}}$، $\frac{\text{لا}}{\text{ل}_{۲}} = \frac{\text{ما}}{\text{م}_{۲}} = \frac{\text{ی}}{\text{ن}_{۲}}$ کے علی القوائم ہونے کی شرط معلوم کرو۔

(ب) اگر فضا میں ا، ب، ج، د کوئی چار نقطے ہوں اور اگر ا د خط ب ج پر علی القوائم ہو تو ثابت کرو کہ

ا ب^{۲} + ج د^{۲} = ا ج^{۲} + ب د^{۲}

۶۔ (ا) چار دیئے ہوئے نقطوں (لا$_{۱}$، ما$_{۱}$)، (لا$_{۲}$، ما$_{۲}$)، (لا$_{۳}$، ما$_{۳}$)، (لا$_{۴}$، ما$_{۴}$) میں سے گزرنے والے کرہ کی مساوات دریافت کرو۔

(ب) ایک ناقص نما کی مساوات سادہ ترین شکل میں لکھو اور اگر سطح مستوی ل لا + م ما + ن ی = ع ناقص نما کی مماسی سطح ہو تو اس کے لئے شرط دریافت کرو۔

۷۔ (ا) ذیل کے جملوں میں سے کسی دو کو لا کے لحاظ سے تفرق کرو:

امتحان بی۔اے و بی ایس سی شعبۂ فنون و سائنس سنہ ۱۳۴۴ف مطابق ۱۹۳۵ء

۲۳ اردی بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

(۰)

ریاضی پرچہ دوم نشانات بی۔اے (۱۰۰) / بی ایس سی (۸۰)

ہدایت۔ صرف سات سوال حل کئے جائیں۔

۱۔ (ا) مساوات ل لا^{۲} + ۲ ھ لا ما + ب ما^{۲} = ۰ سے تعبیر ہونے والے دو خطوطِ مستقیم کا درمیانی زاویہ معلوم کرو اور ان دو خطوں کے علی القوائم ہونے کی شرط اخذ کرو۔

(ب) دو ثابت نقطوں ا اور ب کا درمیانی فاصلہ ۲ ل ہے۔ ایک نقطہ ف اس طرح حرکت کرتا ہے کہ م × ا ف^{۲} + ن × ب ف^{۲} = ک^{۲}۔ ثابت کرو کہ ف کا طریق ایک دائرہ ہے جس کا نصف قطر

$$\frac{\{(م+ن)ک^{۲} - ۴ م ن ل^{۲}\}^{\frac{۱}{۲}}}{م+ن}$$

ہے۔

۲۔ (ا) مکافی ما^{۲} = ۴ ل لا پر کے دو نقطوں (ل م^{۲}، ۲ ل م)، (ل ن^{۲}، ۲ ل ن) کو ملانیوالے وتر کی مساوات دریافت کرو۔

(ب) مکافی ما^{۲} = ۴ ل لا کا ایک وتر مکافی ما^{۲} = ۸ ل لا کو مس کرتا ہے۔ ثابت کرو کہ اس وتر کے وسطی نقطہ کا طریق مکافی ۳ ما^{۲} = ۱۶ ل لا ہے۔

۳۔ (ا) اگر قائم زائد لا ما = ج^{۲} پر کے ایک نقطہ کے محدد (ج مس ط، ج م ط) ہوں تو ثابت کرو کہ مماس کی مساوات لا جم ط + ما جا ط = ج جب ۲ ط

مقلوب نقطے فَ اور قَ دائرہ سَ کے لحاظ سے مقلوب نقطے ہونگے۔

(ب) ایک دائرہ س کی تقلیب ایک خطِ مستقیم میں کی گئی ہے۔ ثابت کرو کہ یہ خط دائرہ س اور تقلیب کے دائرہ کا اصل محور ہے۔

۴۱۔ قائم تظلیل کے طریقہ سے ثابت کرو کہ اگر ج ف اور ج د ایک ناقص کے مزدوج نیم قطروں کا ایک زوج ہوں اور ج فَ اور ج دَ مزدوج نیم قطروں کا ایک دوسرا زوج ہوں اور اگر فَ اور دَ سے کھینچے ہوئے معین خط ج ف سے م اور ن پر ملیں تو ثابت کرو کہ

ج م : ج ن = دَن : ج م = ج د : ج ف

نیز اگر ب ف اور ب د کو ملایا جائے اور ا د اور اَ ف نقطہ و میں قطع کریں تو ثابت کرو کہ شکل ب د و ف ایک متوازی الاضلاع ہوگی۔

مرکز و سے ا ہو اور اگر زاویہ ا و پ = ط تو

$$\left\{ \text{ر}^{2} - 2\,\text{ا}\,\text{ر}\,\text{جم}\left(\text{ط} + \frac{2\,\text{س}\,\pi}{\text{ن}}\right) + \text{ا}^{2} \right\}_{\text{س}=0}^{\text{س}=\text{ن}-1} = \text{پ ا}^{\text{ن}} - \text{پ ا}^{2} \times \text{پ ا}^{2} \times \ldots\ldots \text{پ ا}^{\text{ن}}$$

۱۰۔ (ا) جم لا کو لا کی صعودی قوتوں میں پھیلاؤ۔

(ب) ثابت کرو کہ

$$\text{مس}^{-1}(\text{عہ} + \text{خ بہ}) = \text{ن}\,\pi + \frac{1}{2}\,\text{مس}^{-1}\frac{2\,\text{عہ}}{1 - \text{عہ}^{2} - \text{بہ}^{2}} + \frac{\text{خ}}{4}\,\text{لوک}\left\{ \frac{\text{عہ}^{2} + (1 + \text{بہ})^{2}}{\text{عہ}^{2} + (1 - \text{بہ})^{2}} \right\}$$

۱۱۔ سلسلۂ ذیل کو جمع کرو

(ا) جب ط × جب ط + جب^{2} ط × جب ۲ ط + جب^{3} ط × جب ۳ ط + ...

(ب) جم عہ + لا جم (عہ + بہ) + لا^{2} جم (عہ + ۲ بہ) + ... ن رقموں تک

حصۂ سوم

۱۲۔ (ا) ثابت کرو کہ ایک مستوی چار ضلعی کے تین وتروں میں سے ہر ایک وتر کی باقی دو وتروں سے موسیقی تقسیم ہوتی ہے۔

ایک چار زاویئے کے لئے متناظر خاصیت بیان کرو۔

(ب) اگر ہم محور دائروں کے ایک نظام کے انتہائی نقطے و اور وَ ہوں اور ان کی سطح مستوی میں ا کوئی نقطہ ہو تو ثابت کرو کہ نقطہ ا سے نظام کے کسی دائرہ تک کھینچے ہوئے مماسوں کا وتر تماس دائرہ ا و وَ کے قطر کے جو نقطۂ ا میں سے کھینچا گیا ہو دوسرے سرے میں سے گزریگا۔

۱۳۔ (ا) اگر ایک دائرہ س کی تقلیب دوسرے دائرہ سَ میں کیجائے اور اگر ف اور ق دائرہ س کے لحاظ سے دو متقلوب نقطے ہوں تو ف اور ق کے

اصلوں کی کم قوتوں کے مجموعوں کے ذریعہ سے ظاہر کرو (ن ۷ م)

(ب) مساوات ۳ لا^{۳} - ۲۰ لا^{۲} + ۲۷ لا^{۲} + ۲۶ لا - ۲۴ = ۰ کو حل کرو جبکہ یہ معلوم ہے کہ اس کی دو اصلوں کا حاصل ضرب ۲ ہے

۷ - (ا) تیسرے درجہ کی مساوات کو حل کرنے کے لیے کارڈن کے طریقہ کو بیان کرو۔

(ب) مساوات لا^{۳} - ۸ لا^{۲} - ۲۴ لا + ۷ = ۰ کو حل کرو۔

۸ - (ا) مساوات لا^{۳} - ۲ لا^{۲} + ۲۱ لا - ۲۳ = ۰ کو وہ اصل جو ایک اور دو کے بیچ میں ہے اعشاریہ کے تیسرے مقام تک معلوم کرو۔

(ب) اگر ا، ب، ج مساوات لا^{۳} - ف لا^{۲} + ق لا - ر = ۰ کی اصلیں ہیں تو ثابت کرو کہ

$$\begin{vmatrix} (ب+ج)^{۲} & اب & جا \\ اب & (ج+ا)^{۲} & بج \\ جا & بج & (ا+ب)^{۲} \end{vmatrix} = ۲ف^{۲}ر$$

حصۂ دوم

۹ - ڈی مائیر کے مسئلہ سے ثابت کرو کہ

$$لا^{ن} - ۲ لا^{ن} \text{جم} ط + ۱ = \prod_{س=۰}^{س=ن-۱} \left\{ لا^{۲} - ۲ لا \text{جم} \frac{ط + ۲ س ط}{ن} + ۱ \right\}$$

اس کے ذریعے ثابت کرو کہ اگر ا$_{۱}$، ا$_{۲}$، ا$_{۳}$ ... ا$_{ن}$ ایک ن ضلعوں والی کثیر ضلعی دائرے کے اندر محدود ہو جس دائرے کا نصف قطر ر ہو اور پ ایک نقطہ دائرے کی سطح پر اس طرح واقع ہو کہ اس کا فاصلہ دائرہ کے

۳- اگر لا کی تمام مثبت قیمتوں کے لئے فہ (لا) مثبت رہے اور جیسے جیسے لا بڑھتا جائے فہ (لا) کی قیمت مسلسل کم ہوتی جائے اور اگر (م) کوئی مثبت صحیح عدد ہو تو ذیل کے دو لامتناہی سلسلے

فہ (۱) + فہ (۲) + فہ (۳) + ...

فہ (۱) + م فہ (م) + م^{۲} فہ (م^{۲}) + م^{۳} فہ (م^{۳}) + ...

یا دونوں مستدق ہونگے یا دونوں متسع۔

اس کی رُو سے یا کسی اور طرح سے ثابت کرو کہ لامتناہی سلسلہ $\sum \frac{۱}{ن (لوگ ن)^{ق}}$ صرف اس حالت میں مستدق ہوتا ہے جبکہ ق > ۱۔

۴- (ا) ا^{۲} × ۲ × ۳ + ۲^{۲} × ۳ × ۴ + ۳^{۲} × ۴ × ۵ + ... کو 'ن' رقموں تک جمع کرو۔

(ب) ایک دو ہندسوں والا ایسا عدد معلوم کرو جس کا تین گنا اگر اسی عدد کی ترتیب بدل کر جو عدد آئے اس کے چار گنے میں جمع کیا جائے تو حاصل جمع ۶۵۹ ہو۔

۵- (ا) اگر $\frac{پ_{ن}}{ق_{ن}}$ کسی مسلسل کسر کا 'ن' واں مستدق ہو تو ثابت کرو کہ

$$پ_{ن} ق_{ن-۱} \sim پ_{ن-۱} ق_{ن} = ۱$$

(ب) ایک ایسی کسر مسلسل مرتب کرو جس کا 'ن' واں مستدق $\frac{ن}{ن+۱}$ ہو۔

۶- (ا) اگر کوئی 'ن' ویں درجہ کی منطق صحیح مساوات دی ہوئی ہو تو اس کی اصلوں کی "م" ویں قوتوں کا مجموعہ، مساوات کے سروں اور

امتحان بی۔اے و بی ایس سی شعبۂ فنون و سائنس سنہ ۱۳۴۴ف سنہ ۱۹۳۵ء

۲۲ ارد بہشت ۱۰ تا ایک ساعت

(۰)

مضمون ریاضی پرچہ اول نشانات بی۔اے (۱۰۰) بی ایس سی (۸۰)

اطلاع ۔ زیادہ سے زیادہ سات سوال حل کیے جائیں۔ بی۔اے کے طلبہ حصۂ سوم سے کم سے کم ایک سوال ضرور حل کریں اور بی ایس سی کے طلبہ پورے سوالات حصۂ اول و دوم سے حل کریں۔

حصۂ اول

۱ ۔ (ا) ایک مکان کی قیمت سنہ ۱۹۰۱ء کی ابتدا میں ۵۰۰ پونڈ تھی لیکن ہر سال اس کی قیمت سال کے آخر میں اس قیمت کی بہ نسبت جو ابتدائے سال میں ہوتی تھی ۱۰ فیصدی کم ہوتی رہی۔ معلوم کیجئے کہ کس سنہ میں اس مکان کی قیمت پچاس پونڈ سے کم ہو جائیگی (لوگ ۳ = ۱۳ ۱۲ ۴۷۷ ۰)

(ب) ایک شخص ۱۰۰ پونڈ کا ایک ایسا سالیانہ خریدنا چاہتا ہے جس کی ابتدا تو بیس برس کے بعد ہو اور دس سال تک جاری رہے۔ بتاؤ اگر سود مرکب کی شرح ۳ ۱/۲ فیصدی ہو تو اس سالیانہ کی کتنی قیمت اسے اب دینا پڑیگی۔

۲ ۔ (ا) ثابت کرو کہ اگر لا < ۱ تو $(1+لا)^{1+لا} \times (1-لا)^{1-لا} > 1$

(ب) جزوی کسور میں تحلیل کرو $\frac{ن}{لا\,(لا+1)\,(لا+2)\ldots(لا+ن)}$

(۳) معلوم موجی طول کا نور استعمال کرکے دی ہوئی انکساری جالی کے لئے خطوط کی تعداد فی سمر دریافت کرو اور اس کی مدد سے دئے ہوئے بمدار نور کا موجی طول معلوم کرو۔

(۴) قرنیل کے دو ٹیلے منشور کے ذریعہ دے ہوئے بمدار نور کا موجی طول دریافت کرو۔

حصہ (ب)

(۵) دئے ہوئے میلانی دائرہ کو دو طریقوں سے استعمال کرکے تجربہ خانہ میں مقناطیسی زاویہ میلان دریافت کرو اور ارضی امالی لچھے کے ذریعہ اپنے نتیجہ کی تصدیق کرو۔

(۶) انصرافی مقناطیسیت پیما کے ذریعہ پگھلتی ہوئی برف اور بھاپ کی تپشوں پر لوہے کے دئے ہوئے نمونہ کے گرد پیچوانی رو گزار کر پیدا شدہ مقناؤ کی حدتوں کا مقابلہ کرو۔

(۷) دو طریقوں سے دئے ہوئے دو مکثفوں کی برقی گنجائشوں کا مقابلہ کرو۔

(۸) پست مزاحمت کے دئے ہوئے تار کی مزاحمت نوعی دو طریقوں سے دریافت کرو۔

(۹) تمہیں مزاحمت کے دو ڈبے، ایک معیاری خانہ، دو ذخیرہ خانے، اور ایک مقوم دئے جاتے ہیں۔ دئے ہوئے وولٹ پیما کے چار نشان زدہ درجوں کی تعبیر کرو۔

(۱۰) آئی وولٹا پیما کے ذریعہ دئے ہوئے ایم پیما کے چار نشان زدہ درجوں کی تعبیر کرو۔

[ہائیڈروجن کا برقی کیمیائی معادل بتادیا جائیگا]

امتحان بی۔ اے و بی۔ ایس۔ سی شعبۂ فنون و سائنس سنہ ۱۳۴۴ف ۱۹۳۵ع

۲۳ اردی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

طبیعیات پرچۂ ششم — نشانات ($\frac{100}{65}$)

طبیعیات عملی پرچۂ دوم

امیدواروں کو چاہیئے کہ وہ حصۂ (الف) میں سے کوئی سے دو اور حصۂ (ب) میں سے کوئی سے چار سوالات پر نشان کرے ایسے چھ نشان زدہ سوالات میں سے انہیں کوئی ایک سوال حل کرنے کے لئے دیا جائے گا۔

(حصۂ الف)

(۱) تختۂ مناظر کے ذریعہ دئے ہوئے ایک پتلے محدب عدسہ کے لئے ایسا منحنی تیار کرو جو ش اور ح کے مابین رشتہ بتائے اور اس سے عدسہ کا ماسکی طول اخذ کرو۔ ایک مستوی آئینہ کی مدد سے اپنے نتیجہ کی تصدیق کرو۔

ش = عدسہ کی سطح سے شخص کا فاصلہ

ح = عدسہ کی سطح سے خیال کا فاصلہ

(۲) مختلف موجی طولوں کا نور استعمال کرکے دئے ہوئے منشوری طیف نما کے لئے ایک ایسا منحنی تیار کرو جو طول موج اور زاویۂ اقل انحراف کے درمیان رشتہ بتائے اور اس منحنی کی مدد سے دئے ہوئے مبدا نور کا موجی طول اخذ کرو۔

CO_2 گیس میں آواز کی رفتار دریافت کرو اور اس کی مدد سے جہ کی قیمت محسوب کرو۔

جہاں جہ = $\frac{\text{گیس کی حرارت نوعی مستقل دباؤ پر}}{\text{گیس کی حرارت نوعی مستقل حجم پر}}$

تمھیں سلاخ میں آواز کی رفتار بتادی جاتی ہے۔

۷۔ معلوم تعدد ارتعاش کا دوشاخہ استعمال کرکے تناؤ کی مختلف قیمتیں لیکر دی ہوئی ڈوری میں عرضی موجوں کی رفتار معلوم کرو، پھر اس کے ذریعہ ڈوری کی کمیت فی اکائی طول دریافت کرو۔

حصۂ "ب"

۸۔ وکٹر میئر کے طریقہ سے دیئے ہوئے مائع کا سالمی وزن دریافت کرو۔

۹۔ مستقل حجم والے ہوائی تپش پیما کے ذریعہ دیئے ہوئے ٹھوس کا نقطہ اماعت دریافت کرو اور ترسیم کی مدد سے مئی پیمانہ پر تپش کا صفر مطلق معلوم کرو۔

۱۰۔ سرل (Searle) کے آلہ کے ذریعہ تانبے کی سلاخ کی موصلیت حرارت معلوم کرو۔

۱۱۔ تجربہ کے ذریعہ نیوٹن کے کلیۂ تبرید کی تصدیق کرو اور اسکی مدد سے دیئے ہوئے مائع کی حرارت نوعی معلوم کرو۔

۱۲۔ گردشی مخروطوں کے طریقہ سے حرارت کے معادل حیلی کی قیمت دریافت کرو۔

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون / بی۔ ایس سی شعبۂ سائنس ۱۳۴۴ف سنہ ۱۹۳۵ء

۲۲ ارادی بہشت ۔ آتایک ساعت

طبیعیات عملی پرچۂ پنجم / پرچۂ اول نشانات ۱۰۰ / ۶۵

ہدایت ۔ امیدواروں کو چاہیئے کہ وہ حصۂ "ا" میں سے کوئی چار اور حصۂ "ب" میں سے کوئی تین سوالات پر نشان کردیں جنھیں وہ حل کرنا چاہتے ہیں۔ ان میں سے انھیں کوئی ایک سوال حل کرنے کے لئے دیا جائے گا۔

حصۂ "ا"

۱ ۔ شعری نلی کے ذریعہ دیئے ہوئے مائع کے سطحی تناؤ کی قیمت دو معین تپشوں پر دریافت کرو۔ امیدوار کو چاہیئے کہ شعری نلی خود تیار کرے۔

۲ ۔ دیئے ہوئے مائع کی لزوجت کی شرح شعری نلی میں بہاؤ کے طریقہ سے معلوم کرو۔

۳ ۔ ایک اسطوانہ نما سلاخ تمھیں دیجاتی ہے اس کے مادّہ کے لئے نیگ کے معادلہ لچک کی قیمت خماؤ کے طریقہ سے معلوم کرو۔

۴ ۔ دی ہوئی میکسول کی کُرے دار سوئی سے دیئے ہوئے تار کے مادّہ کی استواری کی قدر معلوم کرو۔

۵ ۔ کیٹر کے رقاص سے اسراع بوجہ جاذبہ زمین کی قیمت دریافت کرو۔ اس تجربہ میں جو خطائیں واقع ہوتی ہیں اُن سے بچنے کیلئے ضروری احتیاط بتائیے۔

۶ ۔ کنٹ (Kundt) کی غباری نلی میں دی ہوئی سلاخ استعمال کرکے

۱۱۔ ذیل کی تفرقی مساواتوں کو حل کرو۔

(ا) $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} + \frac{\text{ما}}{\text{لا}} = \frac{\text{ما}^{۲}}{\text{لا}^{۲}}$

(ب) $\text{ما} = \text{لا}\left(\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}\right)^{۲} + \left(\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}\right)^{۳}$

۱۲۔ (ا) $\frac{\text{فر}^{۲}\,\text{ما}}{\text{فر لا}^{۲}} + \text{ما} = \text{قو}\overline{\text{لا}} + \text{لا}^{۳}$ کو حل کرو۔

(ب) جس منحنی میں کسی نقطہ پر کا مماس، سمتی نیم قطر کے ساتھ مستقل زاویہ (عہ) بناتا ہو ثابت کرو کہ وہ منحنی اس جماعت ر = ا وطم م عہ سے متعلق ہے۔

مساوی ہے۔

(ب) ایک پیچ کی استعداد (د) بطور ایک حیلی آلہ کے، ذیل کے ضابطہ سے حاصل ہوتی ہے۔

$$د = \frac{ھ (ا - ھ مہ)}{ھ + مہ}$$

جہاں مستقل مہ، فرک کی قدر ہے اور ھ پیچ کی گھائی کے زاویہ کا مماس ہے۔ ھ کی وہ قیمت دریافت کرو جس کے لئے استعداد زیادہ سے زیادہ ہو۔

۸۔ (ا) لوک $(لا + \sqrt{ا + لا^۲})$ کو لا کی قوتوں کے سلسلہ میں پھیلاؤ اور اس کے استدقاق کا معائنہ کرو۔

(ب) منحنی لا ما = ۳۰ کے نقطہ (۳، ۱۰) پر انحناء کا نیم قطر اور اور مرکز انحنا کے محدد دریافت کرو۔

۹۔ $\int$ ف (لا) فرلا = فا (لا) + ج کو تفرقی سر کی شکل میں لکھو۔

$\frac{لا}{لا^۴ + ۱}$، $\frac{لا^۲}{(لا + ۲)^۲ (لا + ۱)}$، لا مسّ ا لا کو تکمل کرو

اور ثابت کرو کہ $\int_{۰}^{\infty} \frac{فرلا}{(لا^۲ + ا^۲)(لا^۲ + ب^۲)} = \frac{۲۱}{۲ ا ب (ا + ب)}$

۱۰۔ (ا) منحنی ر = ۳ + ۲ جم ط کو مرتسم کرو اور اس کا رقبہ دریافت کرو۔

(ب) $\frac{لا^۲}{ا^۲} + \frac{ما^۲}{ب^۲} = ۱$، محور اصغر کے گرد گھومتا ہے، اسطرح سے چپٹا کرہ نما جو پیدا ہوتا ہے اس کا حجم دریافت کرو۔

دریافت کرو ما - ما = مس ط (لا - لا) اور خط مستقیم کی مساوات کی دوسری شکلیں اس سے حاصل کرو۔

(ب) خطوط ۳ لا - ما - ۲۰ = ۰ اور لا - ۲ ما - ۵ = ۰ کے نقطہ تقاطع میں سے گذرنے والے اُن خطوں کی مساواتیں دریافت کرو جو مبداء سے فاصلہ ۵ پر واقع ہیں۔

۴ - (ا) اُس دائرہ کی مساوات دریافت کرو جو نقاط (۱، ۳)، (۲، -۱) (-۱، ۱) میں سے گذرتا ہے، اس دائرہ کا مرکز اور نصف قطر معلوم کرو۔

(ب) ایک خط مستقیم لا^{۲} + ما^{۲} = ۲ ل^{۲} اور ما^{۲} = ۸ ل لاکو مس کرتا ہے، ثابت کرو کہ اس کی مساوات ہے ما = ± (لا + ۲ ل)

۵ - (ا) منحنی ۱۵ لا^{۲} + ۴ ما^{۲} - ۹۰ لا + ۳۲ ما - ۴۱ = ۰ کو مرتسم کرو اور اس کے تمام اجزا دریافت کرو۔

(ب) اُس قطع زائد کی مساوات دریافت کرو جس کا ماسکہ (-۱، ۱) ہے مرتب لا + ما - ۲ = ۰ اور خروج المرکز $\sqrt{۳}$

۶ - (ا) ان انتہاؤں کی قیمتیں دریافت کرو نہا$_{ن \to \infty}$ $\frac{\text{لا}^{ن}}{\text{ن}^{\text{ن}}}$، نہا$_{\text{ط} \to ۰}$ $\frac{۱ - \text{جم ط}}{\text{ط}^{۲}}$

(ب) ابتدائی اصولوں سے لوک جب لا کا مشتق دریافت کرو۔

(ج) ذیل کے جملوں کو تفرق کرو۔

$$\frac{\text{لا ما لا}^{۲} - ۴ \text{ ل}^{۲}}{\text{ما لا}^{۲} - \text{ل}^{۲}}\text{،} \quad \text{و لا جم (ب مس}^{-۱} \text{لا)}$$

۷ - (ا) ثابت کرو کہ قائم زائد ۲ لا ما = ل^{۲} میں، اُس مثلث کا رقبہ جو کسی ایک مماس اور محوروں کے درمیان بنتا ہے، مستقل ہے اور ل^{۲} کے

امتحان بی۔ اے شعبۂ فنون ۱۳۴۴ف م ۱۹۳۵ء

۲۶ اردی بہشت ۱۰ تا یک ساعت

طبیعیات پرچہ چہارم (ریاضی ذیلی) نشانات ۱۰۰

اطلاع ۔ صرف چھ سوال حل کئے جائیں۔

۱۔ (ا) ثابت کرو کہ جم $\frac{4}{5}$ طہ + خ جب $\frac{4}{5}$ طہ جملہ (جم طہ + خ جب طہ)$^{\frac{4}{5}}$ کی ایک قیمت ہے، اس کی باقی تمام قیمتیں لکھو اور ان کا حاصل ضرب دریافت کرو۔

(ب) $لا^{9} + ا = ۰$ کی تمام قیمتیں دریافت کرو۔

۲۔ (ا) مساواتوں $ا_{۱} لا + ب_{۱} ما + ج_{۱} ی + د_{۱} = ۰$

$ا_{۲} لا + ب_{۲} ما + ج_{۲} ی + د_{۲} = ۰$

$ا_{۳} لا + ب_{۳} ما + ج_{۳} ی + د_{۳} = ۰$

کو حل کرو، لا، ما، ی کو بطور دو مقطعوں کے حاصل تقسیم کے بیان کرو۔

(ب) اس مقطعہ کی قیمت دریافت کرو۔

$$\begin{vmatrix} ۳ & ۵ & ۷ & ۶ \\ ۳ & ۷ & ۶ & ۵ \\ ۳ & ۶ & ۵ & ۷ \\ ۳ & ۷ & ۵ & ۶ \end{vmatrix}$$

۳۔ (ا) حسب معمول ترقیم کے موافق خط مستقیم کی مساوات اس شکل میں

۵۔ برقی مقناطیسی وولٹ پیما کی ساخت بیان کرو۔
معمولی قوہ پیما کے بجائے دو مشابہ مزاحمتی ڈبے استعمال کرکے اس قسم کے وولٹ پیما کی تعمیر تم کس طرح کروگے وضاحت کے ساتھ بیان کرو۔

۶۔ بغیر معیاری گنجایش کو استعمال کیے ہوئے کسی مکثف کی گنجایش آوزاں لچھے والے اندفاعی رو پیما کے ذریعہ تم کس طرح معلوم کروگے مفصل طور پر لکھو اور اس کا نظریہ بھی سمجھاؤ۔

۷۔ کسی دور کی امالی مناقضت اور ممانعت Inductive reactance and impedance) سے کیا مراد ہے؟ ذاتی امالہ اور مزاحمت والے دور میں اگر سادہ موسیقی محرکہ برق شامل کیا جائے تو کسی آن میں رو کی قیمت کے لئے ایک جملہ اخذ کرو۔

۸۔ برقیہ کی کمیت اور اس کے برقی بار میں جو نسبت ہے اس کو کس طرح معلوم کیا جاتا ہے صراحت کے ساتھ بیان کرو۔

۹۔ مندرجہ ذیل کے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھو:—
(ا) عہ اور بہ شعاعین اور اُن کے خواص۔
(ب) لا شعاعیں، اُن کی پیدائش اور استعمال۔
(ج) مکثف کا اخراج (Discharge of a condenser)
(د) حرروانی کھلنڈرا (thermionic valve)

امتحان بی۔ اے و بی۔ ایس سی (شعبۂ سائنس) سنہ ۱۳۴۴ف / ۱۹۳۵ء

۲۸ اردی بہشت — ۱۰ تا یک ساعت

طبیعیات پرچۂ دوم — ۱۰۰/۹۰ نشانات

نوٹ۔ صرف چھ سوال حل کئے جائیں۔ تین حصہ اول سے اور تین حصہ دوم سے۔

حصۂ اول

۱۔ سیال کی حالت میں نقطۂ فاصل کا کیا مفہوم ہے؟ شکل کھینچکر سمجھاؤ کہ نقطۂ فاصل کے اوپر اور نیچے سیال کے ہم پیشوں کی کیا کیفیت ہے۔ فان ڈیر وال (Van der Waal) کی مساوات سے نقطۂ فاصل کا وجود کیونکر ثابت ہوتا ہے تفصیل کے ساتھ بیان کرو۔

۲۔ گیس کی دو صدر نوعی حرارتوں سے کیا مراد ہے؟ صحت کے ساتھ ان کی نسبت دریافت کرنے کا کوئی تجربہ بیان کرو۔

